عملیات وتعویذات کی سردار کتاب

قلم ادریسؑ

سید علی حسین شاہ

قلم ادریسؑ

السید علی حسین شاہ

حیدر پبلی کیشنز

۳۸۔ غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور فون : 7223842

E-Mail : haiderpublication@hotmail.com

انتباہ!

کسی بھی تعویز، نقش، یا عمل وغیرہ کو صرف اور صرف پاک سیاہ روشنائی یا زعفران سے بنائیں یا تحریر کریں۔ کوئی دوسرا رنگ ہرگز ہرگز استعمال نہ کریں، وگرنہ کوئی افاقہ نہ ہوگا۔ اس ہدایت پر عمل نہ کرنے والا اپنے نقصان یا کام نہ ہونے کا ذمہ دار خود ہوگا۔

اسی وجہ سے ہم نے کتاب کا سرورق سیاہ رکھا ہے

حیدر پبلی کیشنز نے ٹیکسیشن پرنٹنگ پریس، لاہور سے چھپوا کر شائع کی۔

Web Site:www.haiderpublication.com
E-Mail: haiderpublication@hotmail.com

سن اشاعت 2004ء
بار سوم
قیمت -/120

روحانی عملیات کی سردار کتاب قلم ادریس

فہرست

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پیش لفظ

اللہ تبارک وتعالیٰ کے فضل واحسان سے اسی کلام اوراس کے پاک اسماء الٰہی کی تاثیرات پرلکھی گئی یہ اپنی نوعیت کی منفرد کتاب ہے۔ جوعملیات سے شوق اورلگن رکھنے والے افراد کو بے انتہا پسند آئیگی ہمیشہ کی طرح تمام افراد سے نہائت مودبانہ گذارش ہے کہ وہ کتاب میں لکھے گئے اعمال کو جائز جگہ استعمال کریں کیونکہ اس کا ناجائز استعمال کرنے والے افراد اللہ کے عذاب میں مبتلا ہونگے اور مصنف کتاب عذاب جیسی سختی سے بری الذمہ ہے کیونکہ عملیات میں جہاں نیک اعمال کا ذکر اوران کے طریقہ کار درج ہوتے ہیں وہاں کسی شر پسند فرد کو جھکانے اوراسے اللہ کے عذاب میں مبتلا کرنے والے اعمال بھی درج ہوتے ہیں جو جائز اس طرح بنتے ہیں جب دشمن دوسرے مسلمانوں کو پریشان اور انہیں اذیت کا نشانہ بناتا ہواس صورت میں اعمال بغض وعداوت جائز بن جاتے ہیں اورجو افراد اللہ کے باغی بن جاتے ہیں انہیں سخت سے سخت سزاملنی چاہیئے اس لئے تمام افراد زیادہ سے زیادہ اچھے اعمال سے دوسرے مسلمانوں کا بھلا کریں اور دشمن کو معاف کرنے کا رواج عام کریں۔اب آگے جونقوش اور اسماء الٰہی کے فضائل بیان ہونگے سب کے سب ایک دوسرے سے مختلف اور تاثیرات میں علیحدہ علیحدہ حیثیت رکھتے ہیں انہیں کوئی بھی استعمال کرکے آزماسکتا ہے۔دیکھنے اور پڑھنے میں سبھی ایک طرح ہی نظر آئینگے جب کہ حقیقت میں ایسا بالکل نہیں ہے اس لئے موقع کی مناسبت سے اسماء الٰہی کے فضائل یااس کے نقش کو استعمال کیجئے اوراپنے مقصد میں نیک نیتی رکھتے ہوئے کامیاب ہوں اللہ نیک

نیت افراد کو ضرور اس کی محنت کا پھل دیتا ہے۔ یہ تمام نقوش حروف ابجد یا کسی کتابی قانون کے محتاج نہیں بلکہ ان کی تیاری میں اس زبان سے مدد لی گئی ہے جو آج سے ہزاروں سال پہلے کی ہے اور آج کا انسان اس کو سمجھنے کیلئے قاصر ہے اس لئے عوام الناس کی سہولت اور اس کلام سے فائدہ اٹھانے کیلئے مصنف نے خود انتھک محنت کر کے سب کلام کا نچوڑ نکال کر پیش کر دیا ہے جس کی مثال ایک کوزے میں دریا بند کی ہے۔ اب جو کوئی بھی غوطہ زنی کریگا وہ ضرور کامیاب ہوگا اور جو اوپر سے ہی پانی کا اندازہ لگا کر کود پڑیگا وہ اپنی تمام حرکات کا خود ذمہ دار ہوگا۔ اس لئے عملیات میں اس بات کی شرط سمجھی جاتی ہے کہ عام فرد پڑھنے والا ایسی کتابوں سے ایک لازوال معلومات حاصل کر سکتا ہے اور اس علم کا ماہر کڑی سے کڑی ملا کر بہت کچھ کر سکتا ہے جس کو کرنے کا وہ اپنی زندگی میں ارادہ رکھتا ہے۔ چونکہ اللہ کی مدد سے میں نے اس ذمہ داری کو اٹھایا ہے کہ عملیات کو آسان زبان میں بتایا جا سکے اور اس کے اندر ایسی زبردست تاثیر پیدا کی جائے جو استعمال کرنے پر کامیابی ضرور دلوائے اور کسی کی محنت رائیگاں نہ جائے اس لئے میری کتب کے سلسلے میں یہ عملیات کی انوکھی مثال ہے کیونکہ آج سے پہلے اس طرح کی کتب نہیں لکھی گئیں۔

اللہ

اس اسم کو جو کوئی بھی عشق الہی کو حاصل کرنے کیلئے صبح و شام ورد کریگا۔ اللہ اسے اپنا خاص قرب عطا کریگا۔ اس اسم کو پڑھنے سے اللہ تعالی کی عبادت کرنے کو دل کرتا ہے اور برے کاموں سے نفرت ہوتی ہے۔ صاحب کشف بننے کیلئے اس اسم کو روزانہ سونے سے پہلے ہر مرتبہ اپنے دل پر ضرب مار کر پڑھے اللہ تعالی اسے کشف کی دولت سے نوازے گا۔ اگر اس نقش کو کسی بھی نیک مقصد کا تصور باندھ کر زعفران سے لکھے اور گلے میں باندھے تو جس مقصد کیلئے نقش کو لکھا جائیگا وہ ضرور پورا ہوگا۔

الرحمن

اگر کسی کو مناسب رشتہ نہ ملتا ہو یا اس کے دل کی حاجت نہ پوری ہو تو اس اسم کو علیحدہ پاک و صاف جگہ پر باوضو حالت میں (۳۱۲۵) مرتبہ پڑھے اور اپنے کام کا مکمل تصور باندھے اللہ کے فضل سے اس کام کے غیب سے وسائل بنیں گے اور کسی اچھی جگہ رشتہ ضرور طے پا جائیگا۔ اور دل کی خواہش پوری ہوگی۔

			۱۲۹

الرحیم

اگر کوئی کسی سخت قسم کی مصیبت میں پھنس گیا ہو تو اس اسم کو روزانہ چالیس دنوں تک (۱۵۴۸) مرتبہ پڑھے سونے سے پہلے پڑھے تو اس کی تمام مشکلات آسان ہو جائیں گی اور جس کسی سے کوئی کام ہوگا وہ فورا کر دیگا۔ دنیا اور آخرت میں اسے سعادت حاصل ہوگی اگر کوئی قید میں پھنس گیا ہو تو اس اسم کا ورد کرے اس کی بدولت وہ ناجائز ہونے کی صورت میں قید سے رہا ہوگا۔

الملک

اس اسم کو جو کوئی بھی دولت عزت اور غلبہ حاصل کرنے کیلئے ورد کریگا۔ تو اسے جائز مقاصد میں ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔ اور اس کا ورد کرنے والے کو جو کوئی بھی دیکھے گا وہ عزت سے پیش آئیگا اور اس کا دوسرے افراد پر غلبہ ہوگا۔ جس کسی کے سامنے جو کچھ بولے گا وہ غور سے سنے گا اور ضرورت پوری کر دیگا۔ لیکن اس عمل کو ہمیشہ جائز جگہ استعمال کرے۔

القدوس

حسد بغض کینہ لالچ نفس پرستی خودغرضی غصہ بخل تکبر اور اس سے مناسبت رکھنی والی تمام عادات کو ترک کرنے اور اللہ کی خاص مدد حاصل کرنے کیلئے اس اسم کو روزانہ بعد نماز فجر (۴۵۶۷) مرتبہ ورد کرے اور اللہ سے اپنے مقاصد کی دعا کرے اللہ اس فرد کو ایمان کی دولت سے نوازے گا اور اس پر اپنی کامل رحمت کو برسائے گا۔ بڑا زبردست اسم الٰہی ہے۔ اسی اسم مبارک کی بدولت رزق و دولت کے غیب سے وسائل بنتے ہیں۔

السلام

جسمانی صحت و تندرستی کیلئے اور تمام قسم کے جنات آسیب اور اس قسم کی شر افسانیوں سے محفوظ رہنے کیلئے اس اسم کا بکثرت ورد کیا جائے اللہ اپنی رحمت برساتے ہوئے اس فرد کو اس قسم کی تمام قباحتوں سے محفوظ رکھے گا اگر کوئی جسمانی یا روحانی تکلیف میں مبتلا ہو تو اس نقش کو کاغذ پر لکھ کر پانی میں ڈال کر اس کا پانی پیے۔

المومن

اگر کسی عورت کا خاوند بد اخلاق ہو اور بات بات پر بدزبانی اور بدسلوکی کرتا ہو تو وہ خاتون روزانہ عشاء کی نماز کے بعد اس اسم کو (۵۰۰۰) مرتبہ پڑھے اور اس پر اکیس دنوں تک کاربند رہے اللہ کے حکم سے اس کا شوہر اور اس کے عزیز و اقارب اس سے اچھے سلوک سے پیش آئینگے اور اس کے تابعدار رہیں گے۔ اگر اس نقش کو بھی زعفران سے لکھ کر خاتون ایک عدد کو اپنے شوہر کا نام لکھ کر اپنے الٹے بازو پر باندھے اور ایک کو پانی میں ڈال کر پلائے تو دوہرا اثر ہوگا۔

المہیمن

اگر کوئی شخص اس اسم کو روحانی ترقی حاصل کرنے کیلئے بے پناہ ورد کرے تو اس اسم مبارک کی بدولت اللہ اس شخص کو اپنا قرب عطا کریگا اور اس کی روحانی ترقی میں بے پناہ اضافہ ہوگا۔ اسکے علاوہ اس کے بہت سے فوائد ہیں۔

العزیز

اس اسم کا جو کوئی بھی ورد کریگا اس کی عزت و کاروبار میں اضافہ ہوگا اور محتاجی کا خاتمہ ہوگا اگر کوئی روزانہ اس اسم کو بعد نماز فجر پانچ سو مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے اور اس نقش کو دو عدد لکھ کر ایک کو اپنے کاروباری مقام پر لگائے اور ایک کو اپنا نام لکھ کر اپنے گلے یا بازو پر باندھے تو اس کی برکت سے کوئی بھی رکاوٹ یا بندش نہیں ہوگی اور اس اللہ اس شخص کا مقام بلند فرمائیگا۔

الجبار

اگر کسی شخص کے بے پناہ دشمن افراد ہوں اور وہ ہر وقت نقصان کرنے سے بھی دریغ نہ کرتے ہوں تو اس اسم کو ان افراد کا مکمل تصور باندھ کر پڑھے اور اس نقش کو دو عدد زعفران سے لکھے ایک کو اپنے تمام دشمنوں کے نام لکھ کر اپنے سیدھے بازو پر باندھے اور ایک کو اپنے گھر میں خفیہ مقام پر رکھ دے دشمن سرنگوں ہونگے۔ اگر کسی کی ناجائز زبان چلتی ہو تو اسی اسم کو اس کا تصور باندھ کر پڑھے۔

المتکبر

اس اسم مبارک کو کثرت سے پڑھنا اللہ کا قرب حاصل کرنے کا موجب بنتا ہے اور اس کا ورد کرنے والے کے دل میں خشوع وخضوع جیسی خاصیت پیدا ہوتی ہے جس کو ہر کوئی فرد ترستا ہے کہ میرا اللہ کی بندگی میں اتنا دل لگے کہ کسی شے کی کوئی ہوش نہ رہے تو ایسے افراد اس اسم کا بکثرت ورد کریں اور اس نقش کو موقع کی مناسبت سے لکھ کر استعمال کرے اللہ اپنا کرم فرمائیگا۔

الخالق

اگر کوئی ایسے زن وشوہر ہوں جو اولاد جیسی نعمت سے محروم ہوں تو نو چندی جمعرات والے دن کا روزہ رکھیں اور بعد افطاری کے اس اسم کو پانچ ہزار مرتبہ پڑھ کر دودھ پر دم کر کے پئیں اللہ اولاد عطا کریگا۔ اگر کوئی اپنی روحانی طاقت بڑھانا چاہے تو اسی اسم کو کسی تاریک مقام پر ورد کرے۔

الباری

اس کے اندر ایسی خاصیت ہے کہ جو کوئی بھی اس اسم کی سوا لاکھ کی زکات چالیس دنوں کے اندر ادا کرلے گا تو اس کی زبان میں ایسا اثر پیدا ہوگا کہ جس کسی کو بھی ایک مرتبہ دم کریگا اس کی بڑی سے بڑی بیماری کا اسی وقت خاتمہ ہوگا اس اسم کی زکات ادا کرنے کے ساتھ ساتھ اگر اس نقش کی بھی زکات ادا کر دی جائے تو دونوں طرح سے فوائد بے شمار حاصل ہونگے۔

المصور

اگر کوئی عورت حاملہ ہو اور اس کی خواہش ہو کہ اس کا بچہ خوبصورت پیدا ہو تو اس اسم کو روزانہ بعد نماز عشاء ایک سو ایک مرتبہ اول وآخر درود ابراہیمی گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اپنے پیٹ پر دم کرے اور اس نقش کو پانی میں ڈال کر اس کا پانی ہر وقت استعمال کرے۔ اللہ اس عورت کو خوبصورت اولاد سے نوازے گا۔ اگر کسی کے ہاں اولاد نہ ہو رہی ہو تو اسم مبارک کو دودھ پر دم کر کے پئے۔

الغفار

اس اسم کو جو کوئی بھی محبوب یا کسی کی بھی ناراضگی دور کرنے کیلئے بے پناہ اس کا مکمل تصور باندھ کر پڑھے گا تو اللہ اس کے پڑھنے والے پر اپنی خاص رحمت برسائے گا اور اس شخص سے کوئی بھی ناراض نہیں ہوگا۔ اگر کسی کو رشتہ کرنے میں کوئی رکاوٹ پیش آ رہی ہو تو اس نقش کو دو عدد زعفران سے لکھے ایک کو کسی شہید کے مزار پر باندھے اور دوسرے کو اپنے پاس رکھ کر رشتہ مانگنے جائے انکار نہیں ہوگا۔

القہار

یہ اللہ تبارک وتعالیٰ کا ایسا جلالی اسم ہے جو دین کے دشمنوں کے کیلئے ایک سیف تلوار سے کم نہیں لہذا اگر کسی شریف انسان کو کوئی بدقماش افراد پریشان کرتے ہوں اور اس کی عزت کو دوسروں میں اچھالتے ہوں تو اس اسم کو بکثرت پڑھ کر اپنے دشمنوں کا مکمل تصور باندھ کر دم کیا جائے اور اس نقش کو اپنے پاس رکھا جائے اس عمل کی بدولت دشمنوں کا خاتمہ ہوگا اور حاسد افراد سرنگوں رہیں گے۔

الوہاب

جو کوئی بھی شخص غربت اور افلاس سے تنگ ہو اور رزق وروزی کا کوئی صحیح حل نہ مل رہا ہو تو اس اسم مبارک کو رات کو بعد نماز عشاء گیارہ سو کی تعداد میں پڑھے اور اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے کاروباری مقام پر لگائے اور ایک کو اپنے سیدھے بازو پر باندھے اللہ کے حکم سے رزق کے معاملے میں جو کوئی بھی رکاوٹ ہوگی اس کا خاتمہ ہوگا اور آئندہ کیلئے رزق میں فراخی رہیگی۔

الرزاق

جو کوئی بھی اس اسم مبارک کو رزق کو فراخ کرنے کی نیت سے روزانہ ہر نماز کے بعد سو مرتبہ پڑھے گا اس کا رزق کبھی بند نہیں ہوگا اور نہ ہی کسی قسم کی کوئی رکاوٹ رزق میں ہوگی اگر کوئی فرد اس نقش کو رزق کو فراخ کرنے کی نیت سے تین عدد زعفران سے لکھے اور ایک کو گلے میں باندھے ایک کو کاروباری مقام پر لگائے ایک کو اپنے روپوں والی جگہ میں رکھے تو غیب سے وسائل پیدا ہونگے۔

الفتاح

ہر مشکل سے مشکل کام کو آسان بنانے اور کامیاب ہونے کیلئے اس اسم کو کام شروع کرنے سے پہلے ورد کیا کرے اللہ کے حکم سے اللہ اس اسم مبارک کی بدولت اس کام کو ضرور پورا کریگا جو مشکل ترین ہوگا اگر کسی کا رشتہ باندھ دیا ہو اور کہیں بھی شادی نہ ہوتی ہو تو اس اسم کو رات کو گیارہ سو کی تعداد میں پڑھے اور اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے بازو پر باندھے اللہ کریم ضرور رکاوٹوں کو دور کریگا۔

العلیم

اس اسم کو کوئی بھی علم کو وسیع کرنے کی نیت سے پڑھے اللہ عقل وفہم میں ترقی کریگا اور جو کوئی پڑھائی کو بھولتا ہو یا اس کو پڑھا ہوا سبق یاد نہ ہوتا ہو تو اس نقش کو لکھ کر اس پر اسی اسم کو پانچ سو مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اسے پانی میں ڈال کر اس پانی کو روزانہ صبح نہار منہ پیے اللہ اس کے علم میں فراخی پیدا کریگا۔ اگر کوئی پڑھائی میں کند ذھنی کا شکار ہو تو اس اسم کو پانی پر دم کر کے پیے جو کچھ بھی یاد کریگا وہ یاد رہیگا۔

القابض

اس اسم مبارک کو خاص طور سے نشے کی عادت کو ترک کرنے کیلئے استعمال کرے مثلاً اگر کوئی نشے کا عادی ہو اور نشے کو ترک نہ کرتا ہو تو کسی مسلمان کی قبر سے تھوڑی سی مٹی لائے اس میں اس نقش کو زعفران سے لکھے اور اس کا نام مع والدہ لکھے جو نشہ کرتا ہے پھر پانی میں ڈال کر اس پر اسی اسم کو اس فرد کا کامل تصور باندھ کر پانچ سو مرتبہ دم کرے اور اسے پانی پلائے اللہ کے حکم سے اس عمل کی بدولت نشے کا عادی اپنے نشے کو ترک کر دیگا۔

الباسط

یہ اسم بھی خاص رزق کو فراخ کرنے کیلئے ہے اگر کسی فرد کا کاروبار باندھ دیا ہو یا کسی بھی قسم کی کوئی بندش ہو تو اس اسم کو کھلا ہر فرض نماز کے بعد پڑھے اور اللہ کے حضور اپنے کاروبار کی فراخی کی دعا کرے اللہ اس کے رزق کو فراخ کریگا اس نقش کو کاروباری مقام پر ایسی جگہ لگائے جہاں تمام گاہکوں کی نظر پڑے۔

الخافض

یہ اللہ کا جلالی اسم مبارک ہے اگر کوئی دین کا دشمن اپنے اوچھے ہتھکنڈوں سے دوسرے مسلمانوں کو پریشان کرتا ہو تو اس نقش کو زعفران سے لکھے اور اس پر اسی اسم مبارک کو چھ سو مرتبہ اپنے دشمنوں کا تصور باندھ کر دم کرے اور اسے اپنے بازو پر باندھے اللہ کے حکم سے دشمن جب بھی سامنے آئیگا وہ زیر ہوگا اور کوئی بھی ایسی حرکت نہیں کریگا جس سے کسی بھی قسم کے نقصان کا احتمال ہو۔

الرافع

اگر کوئی عورت و مرد کہیں نوکری کرتے ہوں اور ان کی ترقی ان کے حاسدوں نے باندھ دی ہو تو ان کا منہ کالا کرنے کیلئے اس اسم مبارک کو روزانہ ان افراد کا تصور باندھ کر ان پر دم کرے اور اس نقش کو اپنے تمام حاسدوں کے نام لکھ کر اپنے الٹے بازو پر باندھے دشمن و حاسد زیر ہونے کے ساتھ عہدے میں ترقی ہوگی۔ اگر کسی کو زندگی میں کسی شے کا کوئی صدمہ لگ گیا ہو تو اس اسم کو کھلا پڑھے صدمہ بھول جائیگا۔

المعز

اگر کسی عورت کا خاوند بہت زیادہ زبان درازی کرتا ہو اور مارتا بھی ہو تو اس مسئلے کے حل کیلئے اس اسم مبارک کو چودہ سو مرتبہ کسی بھی میٹھی شے پر دم کر کے کھلائے اور اس نقش پر اپنا نام مع والدہ اور خاوند کا نام مع والدہ زعفران سے لکھ کر اپنے الٹے بازو پر باندھے اللہ کے حکم سے خاوند سمیت اس کے گھر کے تمام افراد کوئی بھی زیادتی نہیں کرینگے اور سب آپس میں مل کر اتفاق سے رہیں گے۔ گناہگار افراد اس اسم کو اللہ کی رحمت و بخشش کیلئے استعمال کریں۔

المذل

یہ اللہ کا جلالی اسم مبارک ہے اور اس اسم مبارک سے دین کے دشمنوں کا خاتمہ ہوتا ہے اگر کوئی مسلمانوں کی آبادی میں دین کے خلاف سکیمیں تیار کرتا ہو تو اس اسم مبارک کو ان افراد کا کامل تصور باندھ کر ان پر دم کیا کرے اور اگر ہو سکے تو اس نقش پر ان افراد کے نام لکھ کر چار مرتبہ اس نقش کو کالی سیاہی سے لکھے ایک کو آگ کے پاس دفن کرے ایک کو کانٹوں والے درخت پر لٹکائے ایک کو اپنے بازو پر باندھے اور ایک کو کسی پاک جگہ پر دفن کرے دشمنوں کا خاتمہ ہوگا۔

السمیع

اس اسم مبارک میں یہ خاصیت ہے کہ اللہ اس اسم کو پکارنے والے کی دعاؤں اور بد دعاؤں کو بہت جلد سنتا ہے اور اگر کوئی اس اسم کا عامل بننا چاہے جس سے فوراً جو بھی دعا ہو وہ جلد از جلد پوری ہو تو اس اسم مبارک کو چالیس دنوں کے اندر اندر سوالاکھ کی تعداد میں پڑھ لے اللہ کے حکم سے اس اسم مبارک کا عامل بن جائیگا اور جس بھی مقصد کیلئے اس اسم کو پڑھے گا اسی وقت کام ہوگا اور اس نقش کو چالیس دنوں کی مدت میں سوالاکھ کی تعداد میں لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈالے ایک وقت میں دو کاموں کا عامل بن جائیگا اور جس بھی مقصد کیلئے نقش کو لکھے گا وہ کام بہت جلد پورا ہوگا۔

البصیر

اگر کوئی شخص اپنے باطن کو کھولنا چاہے جس سے جو بھی مخفی مخلوق ہو وہ بالکل سامنے واضح نظر آئے تو اس اسم مبارک کو کسی بزرگ یا شہید کے مزار پر جا کر پڑھے اور پڑھنے کے دوران اپنی آنکھوں کو بند رکھے اللہ کے حکم سے اس کا باطن کھل جائیگا

الحکم

اگر کوئی بھی حصول اقتدار کی خاطر اس اسم کو پڑھے تو اللہ کی مدد سے اس کی ترقی بہت جلد ہوگی اور محکمے کے افراد اس کی عزت کرینگے اس کے علاوہ روحانی ترقی کیلئے بھی اسی اسم پر مداومت کرے اور بڑے سے بڑے جادو کے خاتمے کیلئے اس اسم کے نقش کو چار عدد لکھ کر ایک کو اپنے گلے یا بازو پر باندھے اور باقی تین نقوش کو تین دنوں تک پانی میں گھول کر پئے اور ساتھ ہی اس کاغذ کو بھی نگل جائے اللہ کے حکم سے بڑے سے بڑے جادو کا خاتمہ ہوگا۔ اگر کوئی یہ چاہے کہ تمام مخلوق اس کی تسخیر میں ہو تو اس اسم کو سوالاکھ کی تعداد میں پڑھ کر اس کی زکات ادا کر دے جو کوئی بھی دیکھے گا وہ اس کا مسخر ہوگا اور دل و جان سے اس کی عزت کریگا۔

العدل

اس اسم کو خاص طور سے وکیل یا جج حضرات ورد کیا کریں کیونکہ اس اسم مبارک کی بدولت باطن میں سچ بولنے اور سچ کہنے کی عادت پڑ جاتی ہے اور کوئی بھی جھوٹا فیصلہ نہیں ہوتا اس لئے اللہ کی مدد کو شامل حال کرنے کیلئے اس اسم کا کھلا ورد کیا جائے تا کہ اللہ باطن میں انصاف کا کمال پیدا کرے۔

الغفور

اگر کوئی بدکار انسان بہت زیادہ گناہ گار ہو اور اسے اس بات کا احساس بھی ہو کہ اللہ مجھے معاف نہیں کریگا تو اللہ کی کامل رحمت پر یقین رکھتے ہوئے اس اسم کو ہر فرض نماز کے بعد پانچ سو مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے اللہ کے حکم سے اللہ اس گناہ گار فرد کو ضرور معاف کریگا لیکن اس عمل کو کرنے سے پہلے اس بات کو ضرور یاد رکھے کہ جو کوئی بھی گناہ گاری والا کام وہ کرتا ہے اسے ترک کرنا ہوگا اور سچے دل سے توبہ کرنی ہوگی اللہ ضرور اپنی رحمت سے معاف فرمائیگا۔

الشکور

اگر کوئی اللہ تعالیٰ کی خاص توفیق کا طالب ہو تو روزانہ اس اسم مبارک کو بعد نماز فجر ایک سو ایک مرتبہ پڑھے اور اللہ سے اپنے مقصد کی دعا کرے اور اس نقش کو کسی بھی نیک مقصد کے حصول کیلئے زعفران سے لکھ کر استعمال کرے۔ اس اسم کو ذکر کرنے والا اللہ کی نعمتوں کا شکر ادا کرنے والا ہوتا ہے لہذا اس اسم کو کھلا ورد کیا جائے۔

العلی

اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ تمام مخلوق اس کی عزت کرے اور اس کے جائز مطالبات کو مانے تو اس اسم مبارک کو بکثرت ورد کیا کرے اللہ کے حکم سے جو کوئی بھی دیکھے وہ زیر ہوگا اگر کوئی اس کا ورد نہ کر سکے تو اس نقش کے پیچھے اپنا مقصد لکھ کر اسے اپنے گلے میں باندھے اللہ کے فضل سے تمام مخلوق مسخر ہوگی اگر زن وشوہر میں اتفاق پیدا نہ ہوتا ہو تو اس نقش کو دو عدد زعفران سے لکھے ایک کو اپنے گلے یا بازو پر باندھے ایک کو پانی میں ڈال کر اس کا پانی اس کو پلائے جو زیادتی کرتا ہو اللہ کے حکم سے خاوند یا بیوی اپنی ناجائز ضد کو ترک کرتے ہوئے صلح صفائی سے رہیں گے۔

الکبیر

یہ اللہ تعالیٰ کا بہت زبردست قسم کا اسم مبارک ہے اس کو جو کوئی بھی کسی بھی مقصد کی خاطر ورد کریگا اللہ اس کا مقام دنیاوی ہر میدان میں بلند رکھے گا اور اگر کوئی اس نقش کو اپنا مقصد لکھ کر اپنے بازو پر باندھے تو اللہ رب العزت اس کے تمام مقاصد کو حل فرمائیگا۔

الحفیظ

اس اسم میں ہر طرح کی حفاظت میں رہنے کی خاصیت پائی جاتی ہے کوئی بدگفتار انسان ہو یا کوئی روحانی جناتی مخلوق اس کے ورد کرنے والے کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے اس لئے اگر کوئی جادو ٹونہ میں مبتلا ہو تو اس نقش کو مٹی کے کورے پیالے پر زعفران سے لکھ کر گلاب کا عرق ڈال کر دھو کر پلائے اور ایک عدد کو زعفران سے ہی لکھ کر گلے میں باندھے اللہ کے حکم سے جس نے بھی جادو کیا ہوگا اس کا اثر باطل ہوگا اگر اس جادو کو واپس لوٹانا ہو تو روزانہ اس اسم کو بعد نماز عشاء ایک ہزار کی تعداد میں تصور میں ہی اندازے سے اس فرد کی طرف پھونک مارے جس نے جادو کیا ہے جو کوئی بھی اس ارادے میں ملوث ہوگا جادو واپس اس کی طرف لوٹ جائیگا۔

المقیت

اس اسم مبارک کو اور اس کے نقش کو جادو و آسیب کے توڑ کیلئے استعمال اس طرح کرے کہ ایک عدد نقش کو گلے میں باندھے ایک کو پانی میں پئے۔

الحسیب

اگر کوئی بھی کاروباری فرد یہ چاہتا ہو کہ وہ کاروبار میں بے ایمانی سے کام نہ لے اور اللہ اس سے خوش رہے تو اس اسم مبارک کو ہر فرض نماز کے بعد سو مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے اللہ کے حکم سے اگر کوئی بے ایمانی ارادہ بھی کریگا تو وہ باطل ہوجائیگا اگر ہو سکے تو اس نقش کے پیچھے اپنا مختصر سا مقصد لکھ کر اسے اپنے گلے میں بھی باندھ لے تو کہ اللہ کی خاص حفاظت میں رہے اور بے ایمانی نہ کر سکے۔

الجلیل

یہ اللہ تعالیٰ کا جلالی اسم دشمنان اسلام پر قہر کی شکل میں برستا ہے اس لئے اگر کوئی دین کا دشمن مسلمانوں کو پریشان کرتا ہو اور ان کی مجلس کو منتفر کرتا ہو تو اس اسم کو روزانہ پانچ ہزار کی تعداد میں پڑھ کر ان افراد کا تصور باندھ کر ان پر دم کر دیا کرے اللہ ان کے ارادوں کو باطل کر دے گا اور اس نقش کو ایسے افراد استعمال کریں جن کی کسی سے دشمنی ہو اللہ کے حکم سے دشمن زیر ہوتے ہوئے کوئی بھی نقصان نہیں کر سکے گا۔

الکریم

اگر کوئی فرد اللہ کے عذاب میں گرفتار ہو جائے اور اس کا دنیاوی نظام تباہ ہو رہا ہو یا تباہ ہو چکا ہو تو اللہ کی رحمت کو اپنے اوپر برسوانے کیلئے اس اسم کو کسی بزرگ کے مزار پر بے تعداد پڑھے اور اس کے نقش کو اپنا نام مع والدہ لکھ کر اپنے بازو پر باندھے اللہ کے حکم سے اللہ دوبارہ سے اپنی رحمت ضرور برسائے گا اگر کسی کو کوئی بد دعا ہو تو وہ بھی اس اسم کو روزانہ ہر فرض نماز کے بعد ورد کیا کرے اللہ تعالیٰ اپنی مدد فرمائے گا اور اپنی رحمت سے بخش دیگا۔

الرقیب

اگر کسی کامل مرشد کی تلاش ہو اور کامل مرشد نہ ملتا ہو تو روزانہ دو رکعت نفل اپنے مقصد کی نیت باندھ کر پڑھے اور بعد میں اس اسم کو کھلی تعداد میں پڑھے اللہ اس عمل کی بدولت کامل مرشد سے رابطہ کروا دیگا۔ اس اسم کو اسی نقش کے پیچھے پانچ مرتبہ زعفران سے لکھے اور اسے اپنے گلے میں باندھے اللہ کی حفاظت میں رہیگا۔

المجیب

اگر کسی کی شادی نہ ہوتی ہو یا کسی عامل نے نکاح بندی کا عمل کر دیا ہو تو اس اسم کو روزانہ ہر فرض نماز کے بعد کھلا پڑھے اور اس کی تعداد کم سے کم پانچ سو اور زیادہ سے زیادہ جتنی بھی ہو رکھے اور اس نقش کو پاک سفید کپڑے پر لکھ کر اپنے گلے میں باندھے اور ایک عدد کو پانی میں ڈال کر اس کا پانی پیئے اللہ کے حکم سے جس نے جو بھی عمل کیا ہوگا اس کا اثر باطل ہوگا اور اس کی شادی کہیں ضرور طے پا جائیگی۔

الواسع

اگر کسی کا رزق بند ہو جائے یا کوئی عامل یا کسی رشتے دار نے علم کے ذریعے ایسا علم کروا دیا ہو جس سے رزق تنگ ہو جائے تو اس اسم مبارک کو اپنے کاروباری مقام پر پڑھے اور گھر میں بھی اس اسم کو پڑھے اور اس نقش کو اپنے کاروباری مقام پر ایسی جگہ لگائے جہاں سب کی نظر پڑے اللہ کے حکم سے بند رزق دوبارہ سے جاری ہوگا۔ اگر کسی سے کوئی جائز مطالبات ہوں لیکن انکاری کی صورت بن جائے تو اسم کو ورد کر کے جائے۔

الحکیم

اس اسم کے اندر روحانی وجسمانی بیماریوں کا علاج ہے اگر کوئی جادو سے لیکر کسی بھی مہلک قسم کی بیماری میں مبتلا ہو تو اس اسم کو گلاب کے عرق پر دَم کر کے پیئے اللہ کے فضل سے اگر کسی کو کینسر کی شکایت بھی ہوگی تو اس اسم مبارک کی بدولت اس کا خاتمہ ہوگا اور اس کا نقش زعفران سے لکھ کر اپنے بازو پر باندھے اللہ شفاء دیگا اور جو بھی روحانی یا جسمانی بیماری ہوگی اس کا خاتمہ ضرور ہوگا۔ ہر مرض کے خاتمے کیلئے اسی نقش کے پیچھے اسی اسم کو گیارہ مرتبہ لکھے اور اسے پانی میں گھول کر پیئے۔

الودود

اس اسم کو کسی سے جائز محبت پیدا کرنے کیلئے محبوب کا تصور باندھ کر پڑھے اور اگر کوئی زن وشوہر آپس میں اتفاق سے نہ رہتے ہوں تو اس اسم کا پڑھا ہوا پانی پلایا جائے اور اس نقش کو اپنے محبوب یا شوہر کا نام لکھ کر اپنے بازو پر باندھا جائے اللہ کے حکم سے محبوب مطلوب کی محبت میں مبتلا ہوگا۔

المجید

صاحب عزت بننے کیلئے اس اسم مبارک کو روزانہ ہر فرض نماز کے بعد سات سو کی تعداد میں پڑھے اور اس نقش کے پیچھے اپنا مختصر سا مقصد لکھ کر اپنے گلے میں باندھے اللہ کے فضل سے جو کوئی بھی دیکھے وہ فریفتہ ہوگا اگر زن وشوہر میں بد اتفاقی ہو تو اس نقش کو اسی مقصد کی خاطر لکھ کر اسے اپنے گلے میں باندھے اللہ کے حکم سے جو بھی بد اتفاقی ہوگی اس کا خاتمہ ہوگا اس عمل کے ساتھ اس نقش کو پانی میں ڈال کر اس کا پانی بھی پلایا جائے۔

الباعث

اگر کوئی فرد اپنے قلب کو اللہ کی یاد سے بیدار کرنا چاہے اور کل عالم کی خبروں کا شائق ہو تو اس اسم کو بالکل علیحدگی میں ضربی انداز میں پڑھے اور اس اسم کی ضربیں اپنے دل کے مقام پر مارے اللہ کے حکم سے دل بیدار ہوگا اور جو بھی اس عالم کی مخفی خبریں ہوگی اس سے اس کی شناسائی ہوگی۔

الشہید

اگر کوئی فرد کسی بھی مقدمے میں مبتلا ہو اور گواہ ناجائز طور پر گواہی دے کے اس کو پھنسانا چاہتے ہوں تو وہ فرد اس اسم کو ان گواہوں کا تصور باندھ کر پڑھے اللہ کے حکم سے گواہی ناجائز ہونے کی صورت میں ان کے منہ بندھ جائیں گے اور وہ کبھی بھی ناجائز گواہی نہیں دے سکیں گے اگر اس نقش کو بھی اسی مقصد کیلئے لکھ کر استعمال کیا جائے تو دوہرے اثرات پیدا ہونگے۔

الحق

اس اسم مبارک کی بدولت قلب بیدار ہوتا ہے اور دل اللہ اللہ پڑھتا ہے اگر کسی کو ذکر کرنے کا شوق ہو اور وہ چاہے کہ اس کا دل اللہ اللہ پکارے تو اس اسم کو کسی صاحب کرامت بزرگ کے مزار پر جا کر روزانہ کھلی تعداد میں اپنے دل کے مقام کی طرف توجہ دیکر پڑھے اس کے قلب میں نور پیدا ہوگا۔ اور دل اللہ پڑھے گا۔ اسی اسم کی بدولت بعض افراد کو اللہ کا دیدار بھی نصیب ہوا ہے۔

الوکیل

اس اسم کو ہر طرح کے خوف کو دور کرنے کیلئے ورد کرے اور اسے کامل تنہائی میں پڑھے اور اس کے نقش کو اپنا نام مع والدہ لکھ کر اپنے گلے میں باندھے اللہ اس سے ہر قسم کے خوف کو دور فرمائے گا اگر کوئی بچہ ناجائز ضد کرتا ہو یا روتا ہو تو اس نقش کو زعفران سے لکھ بچے کے گلے میں باندھا جائے اور اس اسم کو اس پر پڑھ کر دم کیا جائے۔ بچہ اپنی ناجائز حرکات ترک کر دیگا۔ اپنی بات میں سچائی اور دوسروں پر غلبہ پیدا کرنے کیلئے اس اسم کو اپنے مقصد کا تصور باندھ کر پڑھے۔

القوی

اس اسم کی بدولت بڑے سے بڑے دشمن پر قابو پایا جاسکتا ہے اور اس کا ورد کر کے دشمن کو زیر کیا جاسکتا ہے لیکن دونوں صورتوں میں دشمن کو ناجائز ہونا چاہئے کہیں یہ نہ ہو کہ دشمن کوئی شریف انسان ہو اور کوئی شرپسند فرد اس ورد کی بدولت اس کو زیر کرتے ہوئے اس کا نقصان کرے اگر کوئی اس طرح کا ارادہ رکھے گا تو خود اللہ کے عذاب میں گرفتار ہوگا اس لئے عمل کوئی بھی ہو جائز استعمال کرنا چاہئے تاکہ کامیابی ہو۔

المتین

اگر کوئی بچہ یا بڑا کسی بھی بیماری کا شکار ہوتے ہوئے چلنے پھرنے سے معذور ہو گیا ہو اور اس کا جسم سوکھے پن کا شکار ہو تو اس اسم کو سرسوں کے تیل پر روزانہ سو مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اس تیل کی مالش کرے اور ایک عدد نقش کو زعفران سے لکھ کر مریض کے گلے میں باندھے اللہ کے فضل سے جسم کی کمزوری کا خاتمہ ہوگا اور صحتمند ہوگا اگر کسی کا دشمن کسی کو بلاوجہ پریشان کرتا ہو تو اس کو اللہ کے عذاب میں مبتلا کرنے کیلئے اس اسم کو تصور باندھ کر پڑھے دشمن زیر ہوگا۔

الولی

اگر کوئی زن وشوہر آپس میں اتفاق سے نہ رہتے ہوں تو ایک کاغذ کے ٹکڑے کے چاروں کونوں پر اسی اسم کو لکھے اور اس کے درمیان اپنا نام لکھ کر اپنے گلے میں باندھے اور اس نقش کو ہر طرح کی محبت قائم کرنے کیلئے زعفران سے لکھ کر استعمال میں لائے اللہ کی مدد سے کامیابی ہوگی۔ اگر کوئی اس اسم کو اپنے محبوب یا شوہر کا تصور باندھ کر پڑھے تو وہ صلہ رحمی سے پیش آئیگا۔

الحمید

اگر کوئی نشے کا عادی ہو اور اپنی بری حرکات ترک نہ کرتا ہو تو اس اسم کو مقصد کی کامیابی حاصل ہونے تک روزانہ اس فرد کا کامل تصور باندھ کر ایک ٹانگ پر دو ہزار مرتبہ پڑھے اور اس نقش کو پانی میں گھول کر پلائے اور ایک کو تانبے کی تختی پر کندہ کروا کر اس کے گلے میں باندھے اس کی بدولت وہ نشے سے خود نفرت کرنے لگے گا اور اس کی بری عادات ترک ہونگی اگر کوئی ویسے ہی بری حرکات میں مبتلا ہو تو اس عمل کو کیا جائے اور نقوش کو بھی مذکورہ طریقے کے مطابق استعمال کرے کامیابی ہوگی۔

المحصی

اگر کسی کی قوت حافظہ کمزور ہو اور جو کچھ بھی یاد کرتا ہو وہ بھول جاتا ہو تو اپنے ذہن کو ہر وقت چست رکھنے کیلئے اس نقش کو زعفران سے لکھ کر ایک کو پانی میں ڈال کر اس کا پانی پئے اور ایک کو گلے میں باندھے اللہ کے فضل سے جو کچھ بھی یاد کریگا وہ نہیں بھولے گا اور یاد داشت زیادہ تیز ہوگی۔

المبدی

اگر کوئی فرد ترقی کرنے کی بجائے دن بدن پستی کا شکار ہوتے ہوئے تباہ ہو رہا ہو تو اس اسم کو مسجد میں ہر فرض نماز کے بعد ایک سو کی تعداد میں پڑھے اور اللہ سے اپنی خصوصی دعا مانگے اور کسی کمزور فرد کی مدد کرے اللہ تعالیٰ کرم فرمائے گا پھر اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے بازو پر باندھے اور اس کا ورد رات کو سونے سے پہلے پھر کرے اللہ اس ورد کی بدولت سختیاں دور فرمائیگا اور اپنی رحمت برسائے گا۔

المعید

اگر کسی کی کوئی قیمتی شے گم جائے اور واپس نہ ملتی ہو تو اس اسم کو چیز نہ ملنے تک جاری رکھے اور ہر نماز کے بعد اسی اسم کو پڑھ کر اللہ سے دعا کرے اور اس نقش کو اپنے مقصد کا تصور باندھ کر لکھے اور اسے پنکھے کے ساتھ باندھ دے اللہ کوئی ایسا وسیلہ ضرور بنادیگا جس سے گمشدہ چیز مل جائے۔ اگر لوٹ کر واپس آجائے تو اس نقش کے پیچھے مقصد کو لکھ کر مفرور کے گلے میں باندھے دوبارہ مفرور نہیں ہوگا۔

المحی

ہر مرض کو دور کرنے کیلئے اس اسم کو کھلا پڑھے اور اپنے جسم پر دم کرے اور اس نقش کو اپنے مقصد کا تصور باندھ کر لکھے اور بازو پر باندھے اللہ تعالیٰ تمام جسمانی تکالیف کو دور فرمائیگا اگر کوئی جادو ٹونہ میں مبتلا ہو تو اس کے نقش کو دو عدد زعفران سے لکھے ایک کو گلاب کے عرق میں ڈال کر پئے اور ایک کو گلے میں باندھے جادو ٹونے کا خاتمہ ہوگا۔ اگر کوئی دن بدن کمزور ہوتا جا رہا ہو تو اس نقش کو لکھ کر پلائے بھی اور اسے گلے میں بھی باندھے۔

الممیت

اگر کسی پر ایسا سخت جادو کیا ہو جس کا توڑ نہ مل رہا ہو تو اس اسم کو عجوہ کی کھجور پر دم کر کے کھائے اور اس اسم کو روزانہ سات ہزار مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کرے اور اس نقش کو گلے میں باندھے جادو کا خاتمہ ہوگا۔ اگر ہو سکے تو اس اسم کو زعفران سے سات مرتبہ لکھے اور ہر کھجور کی گٹھلی نکال کر اس میں رکھ کر کھلائے۔

الحی

اللہ تعالیٰ کی خاص حفاظت میں رہنے اور جادو سے ہمیشہ بچنے کیلئے اس اسم کو کھلا پڑھنا چاہئے اور اس کے نقش کو گلے میں باندھنا چاہئے جو کوئی بھی اس کے ورد کو ساری زندگی کرتا رہیگا وہ کبھی بھی روحانی یا جسمانی تکالیف میں مبتلا نہیں ہوگا اور اس پر جو کوئی بھی جادو کرنے کی نیت کرے گا وہ الٹا خود اس میں مبتلا ہوگا۔ اس کے اور بھی بہت سے فوائد ہیں مختصر کہ ہر اچھے کام کو پورا کروانے کیلئے اس اسم کا کھلا ورد کیا جائے۔

القیوم

اس اسم مبارک کے بھی بہت سے خواص ہیں اب جو کوئی بھی انہیں ورد کی شکل میں کریگا وہ اس کے اثرات خود دیکھ لیگا۔ بڑی سے بڑی مشکلات سے نکلنے کیلئے اس اسم کو پڑھنے سے پہلے کسی میٹھی شے کو تقسیم کرے اور اس کا ورد کرے اللہ تعالیٰ اس کی مشکل کو رفا کریگا اگر اس کے نقش کو زعفران سے لکھ کر گلے میں باندھا جائے تو ہر میدان میں ترقی اور فتح ہوتی ہے۔ جادو ٹونہ کو باطل کرنے کیلئے اس اسم کو مریض کے سرہانے بیٹھ کر پڑھے اور دم کرے۔

الواجد

اگر کسی کا رزق تنگ ہو گیا ہو اور کوئی وجہ بھی سمجھ میں نہ آ رہی ہو تو اس اسم کو ہر فرض نماز کے بعد پانچ سو کی تعداد میں پڑھے اور اس نقش کو کاروباری مقام پر ایسی جگہ لگائے جہاں تمام گاہکوں کی نظر پڑے اللہ اس کے کاروبار کی ترقی کے غیب سے وسائل بنائے گا اور اس کا رزق وسیع ہوگا۔ اس نقش کو کسی بھی نیک مقصد کیلئے زعفران سے لکھ کر استعمال میں لائے اللہ اسے دنیاوی کسی بھی میدان میں شکست نہیں کھانے دیگا۔

الماجد

اگر کسی فرد کو ہر وقت کوئی رسوا و ذلیل کرتا ہو اور اس کی قدر نہ کرتا ہو تو اس اسم کو اپنے مقصد کا تصور باندھ کر پڑھے اور اس نقش کو اپنے مقصد کی نیت باندھ کر لکھے اور اسے اپنے گلے میں باندھے اللہ کی مدد اس فرد کے ساتھ ہوگی اور جو کوئی بھی اس کا مذاق اڑانے والے افراد ہونگے وہ سرنگوں ہونگے۔

الواحد

اگر کوئی بدکاری کرتا ہو اور اپنی عادات کو ترک کرنا چاہتا ہو لیکن شیطان اسے کوئی موقع نہ دے تو اس اسم کو رات کو تنہائی کے مقام پر پڑھے اور اس نقش کو اپنا نام مع والدہ لکھ کر اپنے گلے میں باندھے اللہ اسے ضرور موقع دیگا جس سے اس کی اصلاح ہو جائے اور وہ بدکاری کو ترک کریگا اگر پھر بھی کوئی افاقہ نہ ہو تو اس اسم کو نمک پر پڑھ کر دم کرے اور اسے کھانے والی شے میں ملا کر کھائے اللہ ضرور شفاء فرمائیگا اور اس کی عادات سدھر جائینگی۔

الاحد

اللہ تعالیٰ کا مقرب بندہ بننے کیلئے اس اسم کو اللہ تعالیٰ کے کامل نور کا تصور باندھ کر پڑھے اور اس نقش کو اپنے گلے میں باندھے اس کو اس شکل میں ورد کرنے والا ضرور اللہ کا مقرب بندہ بن جائیگا۔ اگر اسی اسم کو ایک ایک مرتبہ پڑھ کر اپنے دل پر ضرب مارے تو بھی متعلقہ مقصد میں کامیابی ہوگی۔

الصمد

اس اسم کو ورد کرنے والا اللہ کا ولی اور درویش بن سکتا ہے اس صورت میں کہ اس اسم کا ورد چلتے دریا یا نہر کے کنارے چلہ کی شکل میں کیا جائے اللہ کے فضل سے اللہ کا پاک اور صالح بندہ بن جائیگا اور اس کی زبان میں کن کا کمال پیدا ہوگا مستجاب الدعا ہوگا اور اللہ سے جس کیلئے بھی دعا یا بدعا کریگا اس کا فوری اثر ہوگا اور اسے دین کے کسی بھی کام میں کوئی رکاوٹ نہیں ہوگی اور اللہ کا ولی بن جائیگا اگر کوئی اس کے نقش کو جادو کے توڑ کیلئے زعفران سے لکھ کر استعمال کرے تو جادو کے اثرات باطل ہونگے۔

القادر

اللہ ہر شے پر قادر ہے اس اسم کو جو کوئی بھی سچے دل سے ورد کریگا اللہ اس کے دل میں اپنا نور بھریگا اور وہ فرد مستجاب الدعا بنے گا اگر اس کے نقش کو کسی بھی نیک کام کیلئے زعفران سے لکھ کر استعمال کیا جائے تو متعلقہ کام میں کامیابی ضرور مل جاتی ہے لیکن اس کے ساتھ کامل اعتقاد ہونا شرط ہے۔ اس اسم کے ذاکر کو اللہ تعالیٰ ایسی طاقت بخشتا ہے کہ دنیا میں کسی کا محتاج نہیں رہتا۔

المقتدر

اگر کوئی بھی مشکل شے مشکل کام ہو اور اس کے سو فیصدی ناممکن انکاری کی صورت بن جائے تو اللہ کی کامل طاقت پر اعتبار رکھتے ہوئے اس اسم کا ورد کرے اور روزانہ اس اسم کو پانچ ہزار کی تعداد میں پڑھے اور اس کے نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے گلے میں باندھے اللہ کی مدد شامل ہوگی اور جو کوئی بھی ناممکن کام ہوگا وہ ایسے ممکن بن جائیگا جیسے کوئی مشکل نہیں تھی تمام عملیات میں اعتقاد کی درستگی لازم ہوتی ہے۔ اگر اعتقاد سچا نہ ہو تو ہوتا ہوا کام بھی نہیں ہوتا۔

المقدم

اس اسم کی بدولت روحانی ترقی میں کمال پیدا کیا جا سکتا ہے پھر جس کام کی نیت باندھ کر اس کا ورد کیا جاتا ہے تو کام پورا ہو جاتا ہے۔ اس نقش کو بھی مقاصد میں کامیاب ہونے کیلئے زعفران سے لکھ کر استعمال میں لائے۔

الموخر

اگر کوئی بد قماشی ترک کرتے ہوئے نیک بننا چاہے لیکن دوسرے افراد اس کا مذاق اڑاتے ہوں تو ان کی زبان بند کرنے اور اپنے مقصد میں کامیاب ہونے کیلئے اس کا ورد مسجد میں بعد نماز عشاء سے کرے اور اس نقش کو وہیں مسجد میں زعفران سے لکھے اور اسے اپنے بازو پر باندھے اللہ کے حکم سے اس عمل کی بدولت اگر کسی برے کام کی نیت کریگا تو وہ کام نہیں ہوگا اور اچھے کام خود بخود اس سے سرانجام پائیں گے۔

الاول

اگر کسی کو شوق ہو کہ تمام مخلوق اس کی عزت کرے اور جو کوئی بھی دیکھے اس کے اوپر فریفتہ ہو تو اس اسم کو کھلا ہر وقت باوضو حالت میں ورد کرے اور اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے گلے میں باندھے اس عمل کی بدولت ایسا کمال پیدا ہوگا کہ جو کوئی بھی دیکھے گا وہ اس پر فریفتہ ہوگا اور جو کوئی اسے دیکھے گا وہ اس کی دل و جان سے عزت کریگا۔ اس اسم کا ذاکر شہید کی موت مریگا اور اللہ دنیا میں بھی ورد کرنے والے کا مقام بلند رکھے گا۔

الاخر

اگر کوئی فرد صرف اللہ کا خاص قرب حاصل کرنا چاہتا ہو اور دنیاوی خواہشات کا خاتمہ کرنا چاہتا ہو تو اس اسم کو کسی پاک و صاف مقام پر روزانہ گیارہ ہزار مرتبہ پڑھے اور سب سے آخر میں اپنے دل کے مقام پر دم کیا کرے اللہ اس عمل کی بدولت اس فرد کو اپنا محبوب بنائے گا اور جو بات بھی منہ سے نکالے گا وہ فوراً پوری ہوگی۔ اگر کوئی فرد بہت زیادہ زبان درازی کرتا ہو تو اس نقش کو لکھ کر اس کے آخر پر اس کا نام مع والدہ لکھے اور پانی میں گھول کر اس کو پلائے وہ فرد اپنی زبان درازی ترک کردے گا۔

الظاہر

اللہ کا قرب اور اس کا خاص بندہ بننے اور اللہ کے مخفی اسرارات کا مشاہدہ کرنے کیلئے اس اسم کو کسی صاحب کرامت بزرگ کے مزار پر روزانہ پانچ ہزار مرتبہ پڑھے اور اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے گلے یا بازو پر باندھے۔ اگر کسی کے دل کی بات کا پتہ لگانا ہو تو اس اسم کو اس فرد کا تصور باندھ کر پڑھے کافی حد تک کامیابی مل سکتی ہے۔

الباطن

اپنے باطن کو وسیع اور روحانی درجات میں بلندی حاصل کرنے کیلئے اس اسم مبارک کو روزانہ ایک ہزار مرتبہ زبان سے کہے بغیر اپنے دل سے پڑھے اور اس بات کا مکمل تصور باندھے کہ اللہ اس کے دل میں سما رہا ہے اللہ کے فضل سے صاحب عمل اپنے وجود میں ایک عجیب سی کیفیت محسوس کریگا اور ساتھ ہی ساتھ اس کا باطن بھی وسیع ہوگا پھر جو کوئی بھی سامنے آئیگا اس کے تمام حالات دل پر وارد ہوتے جائیں گے۔

الوالی

اگر کوئی فرد کاروبار کرتا ہو اور اس کی خواہش ہو کہ اس کو کاروبار میں کبھی نقصان یا خسارہ نہ ہو تو اس اسم کو روزانہ کاروباری مقام پر پانچ سو مرتبہ باوضو حالت میں پڑھے اور اپنی دوکان میں دم کیا کرے اور اس نقش کو دوکان میں ایسی جگہ لگائے جہاں تمام گاہکوں کی نظر پڑے اللہ کے حکم سے کاروبار و دکان میں کسی بھی قسم کی کوئی رکاوٹ پیدا نہیں ہوگی اور نہ ہی کوئی نقصان ہوگا۔

المتعالی

اگر کسی کو روزانہ ہی کوئی نئی مصیبتیں یا پریشانیوں کا سامنا رہتا ہو تو اس اسم مبارک کو ہر فرض نماز کے بعد اڑھائی سو مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالینا چاہئے اور اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے گلے یا بازو پر باندھ لینا چاہئے اللہ تعالیٰ اس عمل پاک کی بدولت کسی بھی قسم کی پریشانیوں کو اثر انداز نہیں ہونے دیگا۔

البر

اللہ تبارک وتعالیٰ کی خاص نعمتوں وبرکتوں کی اپنے اوپر بارش کروانے کیلئے اس اسم کو کھلا باوضو حالت میں پڑھنا چاہئے اس عمل کی بدولت کسی بھی قسم کا جادو ٹونہ آسیب یا کوئی بھی نقصان دہ چیز کوئی بھی نقصان نہیں پہنچا سکے گی اور صاحب عمل خاص اللہ کی پناہ میں رہیگا اگر کوئی ان تکلیفوں میں مبتلا ہو تو اس اسم کو پڑھنے کے ساتھ اس نقش کو بھی زعفران سے لکھ کر اپنے گلے یا بازو پر باندھ لے۔

التواب

اگر کسی فرد سے زندگی میں کوئی ایسا گناہ سرزد ہو جائے جس کا اسے رنج ہو اور اس بات کا بھی علم ہو کہ اللہ اسے معاف نہیں کریگا تو وہ اس اسم کو ہر فرض نماز کے بعد گیارہ سو مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے خصوصی دعا مانگے اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے اس کے گناہوں کو معاف فرمائے گا اس نقش کو بھی اسی مقصد کی خاطر زعفران سے لکھ کر استعمال میں لایا جاسکتا ہے۔

المنتقم

اس اسم مبارک کی بدولت بڑے سے بڑے جادو و کالے علم کی روک تھام کی جاسکتی ہے اگر کوئی اس مصیبت کا شکار ہو تو اس اسم کو روزانہ کسی چینی کی پلیٹ پر پچیس مرتبہ زعفران سے لکھے اور اسے گلاب کے عرق سے دھو کر پی جائے اور اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے گلے یا بازو پر باندھ لے۔ دشمنوں کو اللہ کے عذاب میں مبتلا کرنے اور انہیں انہی کے جال میں پھنسانے کیلئے اسی اسم کو تصور باندھ کر پڑھے۔

المنعم

اگر کسی کی ایسی تمنا ہو جو پوری نہ ہوتی ہو تو اس اسم مبارک کو روزانہ بعد نماز عشاء ایک ٹانگ پر کھڑے ہو کر لاتعداد مرتبہ پڑھے جب تک تھک کے چور نہ ہو جائے اللہ کے حکم سے اس کی وہ مراد ضرور پوری ہوگی جس کی تمنا رکھتا ہوگا ایسے مقصد کیلئے اگر اس نقش کو بھی زعفران سے لکھ کر استعمال میں لایا جائے تو کامیابی نصیب ہوگی۔ کاروبار کو فراخ اور رزق کی تنگی کو دور کرنے کیلئے اس اسم کو کھلا ورد کیا جائے اور نقش کو کاروباری مقام پر چوکھٹ کے اوپر لگایا جائے۔

العفو

اس اسم کو خاص طور سے گناہوں کی معافی اور اللہ کی رحمت کیلئے ورد کرنا چاہئے اس اسم کی بدولت اللہ تعالیٰ بڑے سے بڑے گناہ کو معاف فرما دیتا ہے اور اپنی رحمت ضرور کرتا ہے۔ چونکہ انسان غلطی کا پتلا ہے اس لئے اس اسم کو اسی مقصد کی خاطر لاتعداد مرتبہ پڑھنا چاہئے اور اگر کوئی بہت زیادہ بدتمیزی کرتا ہو تو اس نقش کو کالی سیاہی سے لکھ کر پانی میں گھول کر پلانا چاہئے اللہ اسے نیکی کی توفیق دیگا۔

الرءوف

اگر کوئی اس اسم کا عامل بننا چاہے جس سے اسے زندگی میں کسی بھی شے کی کوئی حاجت نہ رہے تو اس اسم کو کسی دریا یا نہر کے کنارے کے کنارے بیٹھ کر پاک حالت میں سوا لاکھ کی تعداد میں چالیس دنوں تک پڑھ لے اس کے بعد اس کے قبضے میں تمام مخلوق ہوگی یعنی تمام مخلوق اس فرد کی تسخیر میں ہوگی اور جو کوئی بھی دیکھے گا وہ نرم دلی سے پیش آئیگا۔ اس کے علاوہ اس کے اور بھی بہت سے فوائد ہیں۔

مالک الملک

مال و دولت حاصل کرنے اور اللہ کی حفاظت میں رہنے کیلئے اس اسم کو کھلا ورد کرے اور اس نقش کو زعفران سے لکھ کر ایک کو اپنے گلے یا بازو پر باندھے اور ایک کو اپنے کاروباری مقام پر لگائے اللہ کے حکم سے دوکان و کاروبار اور مال و دولت تمام چیزیں اللہ کی خاص حفاظت میں رہیں گی اور کوئی بھی چور یا ظالم عامل کچھ بھی نہیں بگاڑ سکے گا اس عمل کو مسلسل جاری رکھنا چاہئے تا کہ عمل کا اثر قابو میں رہے۔ اس اسم کے ذاکر کو اللہ تعالیٰ دنیا میں کئی اشیاء کا مالک بنا دیتا ہے اور اپنی رحمت برساتا ہے۔

ذوالجلال والاکرام

اس اسم کے اتنے فضائل ہیں جو بیان نہیں ہو سکتے اس لئے اگر کوئی خاص اللہ کا تابعدار بندہ بننا چاہے اور اللہ کے مخفی اسرار کو جاننا چاہے تو اس اسم کو پرہیز جلالی و جمالی کے ساتھ سوالاکھ کی تعداد میں پڑھے اور دنوں کی مدت چالیس دن کی رکھے اللہ تعالیٰ اپنے مخفی اسرار سے واقفیت دلوائے لیکن ان مخفی اسرار کا کسی سے بھی ذکر نہ کرے ورنہ خود گناہ کا شکار ہوتے ہوئے نقصان سے بھی دوچار ہوگا۔ اس لئے اپنے مقصد کا تصور باندھ کر اس کا عمل کرے اور اس نقش کو بھی اسی مقصد کی خاطر لکھ کر استعمال میں لائے۔ دونوں طرح سے فوائد حاصل ہونگے۔

المقسط

زندگی میں بلند مقام حاصل کرنے کیلئے اس اسم مبارک کو تا حصول مقصد تک ورد کرے اللہ تعالیٰ کسی خاص عہدے پر ضرور فائز کریگا اور دنیاوی مشکلات کا خاتمہ ہوگا۔ اگر کوئی فرد کسی مصیبت میں مبتلا ہو تو اس نقش پر اسی اسم کو ایک ہزار کی تعداد میں دم کرے اور گلے میں پہن لے اللہ کرم فرمائیگا۔

الجامع

اگر دو ایسے خاندان ہوں جو آپس میں ہمیشہ لڑتے جھگڑتے ہوں اور ان کی کسی بھی طریقے سے صلح صفائی نہ ہوتی ہو تو اس اسم کو دو ہزار کی تعداد میں کسی بھی میٹھی شے پر دم کر کے کھلانے سے ان کی آپس میں صلح ہو جائیگی اگر اس نقش کو اسی مقصد کی خاطر لکھ کر کسی میٹھی شے میں گھول کر پلایا جائے تو دوہرے اثرات پیدا ہونگے۔ اگر مرد و زن کی آپس میں نا اتفاقی ہو اور وہ صلح سے نہ رہتے ہوں تو اس نقش کو مرد و عورت زعفران سے لکھ کر اپنے نام مع والدین لکھ کر اپنے گلے میں باندھیں اللہ تعالیٰ ان کا آپس میں سلوک و اتفاق پیدا کر دیگا۔

الغنی

کاروبار میں ہر طرح سے فتح حاصل کرنے اور ترقی کاروبار کیلئے اس اسم کو اپنے کام کا تصور باندھ کر ورد کرے اور اس نقش کو تین عدد زعفران سے لکھے ایک کو اپنے گلے میں باندھے ایک کو کاروباری مقام پر ایک کو روپوں والی جگہ پر رکھ دے۔ اس اسم کو ورد کرنے والا کبھی کسی کا محتاج نہیں ہوگا اور خاص اللہ کی پناہ میں رہیگا۔

المغنی

غنی بننے کیلئے اس اسم کو روزانہ کھلی تعداد میں پڑھے اور اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے گلے یا بازو پر باندھے اللہ کے حکم سے اگر کوئی مفلس افراد اس عمل کو کریں گے تو اللہ انہیں ضرور غنی بنادیگا اسی اسم کو اگر کاروباری مقام پر ہر وقت ورد کیا جائے تو اللہ کے حکم سے کاروبار میں کسی بھی قسم کی کوئی رکاوٹ یا پریشانی مداخلت نہیں کریگی بلکہ اس کاروبار میں اللہ کی خاص رحمت شامل ہوگی۔ اگر اس کے نقش کو بھی زعفران سے لکھ کر دکان میں لگایا جائے تو کاروبار فراخ رہیگا۔

المعطی

اگر کسی لڑکے ولڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو خواہ کوئی بھی وجہ ہو تو اس اسم کو دریا یا نہر کے پانی پر پانچ ہزار کی تعداد میں پڑھ کر دم کرے اور اس سے ایسی جگہ غسل کرے جہاں اس پانی کی بے ادبی نہ ہو اور اس نقش کو اپنی کمر میں باندھے اللہ کے حکم سے بند نصیب کھل جائیگا۔ اور کہیں اچھی جگہ شادی ضرور ہو جائیگی۔

المانع

اگر کسی کا دشمن بہانے بہانے سے لڑائی جھگڑا کرتا ہو اور اپنی ان حرکات سے باز نہ آتا ہو تو اس اسم مبارک کو اس دشمن کا تصور باندھ کر پڑھے اور اس نقش کو کالی سیاہی سے لکھ کر اسے پانی میں ڈال دے اور اس پانی کو دشمن کے گھر کی دیواروں پر چھڑک دے دشمن اپنی حرکات سے باز آئیگا اور صاحب عمل سے خوف کھائے گا ایک عدد نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنا نام مع والدہ لکھ کر اپنے گلے میں باندھ لے۔

الضار

اگر کسی فرد پر شیطان اپنی حکومت کرتا ہو اور وہ فرد بے بس ہو کر شیطان کے کہنے پر عمل کرنے لگے تو اس سے جان چھڑوانے کیلئے اس اسم کو ہر فرض نماز کے بعد سو مرتبہ پڑھ کر اپنے دل کے مقام پر دم کرلیا کرے اور اس نقش کو چپکنے والی ٹیپ سے اپنے دل کے مقام پر لگائے اور اس نقش پر خوشبو ضرور لگائے شیطان اس فرد سے اپنا غلبہ چھوڑ دیگا۔ دشمنوں کے خاتمے کیلئے اس نقش پر نام دشمن مع والدہ لکھ کر کانٹوں والے درخت پر لٹکائے دشمن زیر ہونگے۔

النافع

اگر کسی کی دوکان نہ چلتی ہو یا کسی دشمن عامل نے کاروبار کو باندھ دیا ہو تو اس اسم کو روزانہ باوضو حالت میں ورد کیا کرے اور اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے بازو اور دکان کی چوکھٹ کے اوپر لگائے اللہ کے حکم سے تمام قسم کی بندشوں کا خاتمہ ہوگا۔ اگر کوئی بازار سے کوئی قیمتی شے خریدنے کا ارادہ رکھتا ہو اور اسے اس بات کا ڈر ہو کہ کہیں نقصان نہ ہوجائے تو تمام وقت اسی اسم کو منہ میں ورد کرے اور چیز کو خریدے اللہ کے حکم سے اس کا کبھی نقصان نہیں ہوگا اور بلکہ جو اس کیلئے اچھا ثابت ہوگا وہی ہوگا۔

النور

اگر کوئی اللہ کے جلالی نور کو دیکھنے کی حاجت رکھتا ہو تو اس اسم کو بعد نماز عشاء کھلی تعداد میں ورد کرے اور پرہیز جلالی و جمالی کا مکمل خیال رکھے اللہ اس فرد کو ضرور اپنا نور دکھائیگا۔ اور اس فرد کو اپنے خاص بندوں میں شمار کریگا دین و دنیا کی تمام بھلائی اللہ اس فرد کے ساتھ کریگا انشاء اللہ۔

الھادی

اگر کسی فرد کو دنیا میں پیر کامل کی تلاش ہو اور اسے پیر کامل نہ ملتا ہو تو اسے اس اسم کی بدولت ضرور پیر کامل مل جائیگا اور اس کے دنیاوی و دینی دکھوں کا خاتمہ ہوگا اس اسم کو باوضو حالت میں داتا گنج بخشؒ کے مزار پر جا کر دل میں پڑھے اور اس کے پڑھنے کی تعداد کم از کم گیارہ سو اور زیادہ سے زیادہ جتنی بھی ہو جو بھی پیر کامل کے عہدے پر فائز ہوگا وہ اس فرد کو خود مل جائیگا۔ اس عمل کی بارہا آزمائش کی جاچکی ہو اور متعلقہ مقصد میں کئی مرتبہ کامیابی بھی ہوئی ہے۔

البدیع

اس اسم کے اندر ایسی خاصیتیں ہیں کہ جو کوئی عملیاتی دنیا میں اس کا عامل نہ بنے تو اس کی روحانی ترقی بلند نہیں ہوتی اس لئے اگر کوئی فن عملیات سے لگاؤ رکھتا ہو تو وہ روزانہ اس اسم مبارک کو ہر فرض نماز کے بعد ایک ہزار مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے اس کی روحانی ترقی بڑھنے کے ساتھ روحانی مشاہدات میں بھی اضافہ ہوگا۔ ظالم عامل کا عمل چھیننے کیلئے اس کا تصور باندھ کر پڑھے اس کی طاقت زائل ہوگی۔

الباقی

اس اسم کو وہ افراد ورد کریں جن کے اس دنیا میں کئی دشمن ہوں اور وہ حسد کرتے ہوں اللہ کے حکم سے دشمن کوئی بھی نقصان نہیں پہنچا سکیں گے اور وہ زیر ہونگے اگر کوئی اس اسم کو پڑھ نہ سکے تو اس نقش کو پاک پرہیزگار آدمی سے زعفران سے لکھوائے اور اسے اپنے گلے میں باندھ لے دشمن اپنے تمام برے ارادوں سے باز رہیں گے۔ اور صاحب عمل کا کچھ بھی نہیں بگاڑ سکیں گے۔

الوارث

اس اسم کو خاص طور سے ایسی خواتین ورد کریں جن کے ہاں اولاد نہیں ہے یا وہ کسی بیماری کا شکار ہیں خصوصا بانجھ پن کا لیکن اپنا حوصلہ نہ ہارتے ہوئے اس اسم کا کھلا ورد جاری رکھیں بفضلہ تعالیٰ اللہ ضرور کوئی وارث پیدا کردے گا اگر اس اسم کو دودھ پر دم کرکے پیا جائے تو دوہرے اثرات پیدا ہونگے۔ اگر اسی اسم کو شوہر اپنی بیوی کے پیٹ پر ہاتھ رکھ کر سو مرتبہ پڑھ کر دم کرے تو اولاد ہوگی۔

الرشید

راہ ہدایت کے طلبگار افراد اس اسم کو ہر فرض نماز کے بعد کھلا ورد کیا کریں جب تک پڑھنے میں دل لگا رہے اگر کوئی بدقماش فرد اس اسم کا ورد کریگا تو اس کی بدولت وہ کبھی ایسا کام نہیں کرسکے گا جس سے دوسروں کا نقصان ہوتا ہو اس لئے اس اسم کو اپنی اصلاح کرنے کی خاطر ورد کیا جائے تاکہ اللہ رب العزت زیادہ سے زیادہ اچھے کاموں کی توفیق دے اور اس نقش کو بھی دوریاں ختم کرنے اور آپس میں اتفاق پیدا کرنے کی غرض سے زعفران سے لکھ کر پانی میں گھول کر پلایا جائے۔

الصبور

اگر کسی کو ایسا غم یا دکھ لاحق ہو جائے جس سے زندگی آہستہ آہستہ ختم ہوتی جارہی ہو تو اس اسم کو رات کو خشوع وخضوع کے ساتھ ورد کیا جائے اور اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنا نام مع والدہ لکھ کر اپنے گلے یا بازو پر باندھ لیا جائے اللہ تعالیٰ اس غم و دکھ کو بھلا دیگا جو زندگی کا دشمن بن گیا ہو۔

اعمال سینہ بہ سینہ

پچھلے صفحات میں اسم الٰہی کے خواص اور ان کے نقوش سے واقفیت دلوائی ہے جیسا کہ کتاب کا نام حضرت ادریس علیہ السلام پر رکھا گیا ہے اس کی سب سے بڑی ایک وجہ جو ہے وہ یہ کہ نقوش کی تیاری میں جس زبان سے مدد لی گئی ہے وہ عربی کی بجائے آج سے ہزاروں سال پہلے کی زبان ہے جو نبی کریم ﷺ سے پہلے کے انبیاء بولا کرتے تھے جیسے انبیاء کی زبان تھی ان کی زبان کو عربی کے اعداد سے بدل کر ان کی تیاری کی گئی ہے اور اس بات کا دعویٰ کیا گیا ہے کہ کتاب کے نقوش دنیا میں ہر فرد پہلی مرتبہ دیکھے گا آج سے پہلے نہ تو اس قسم کی کوئی کتاب چھپی ہوگی اور نہ ہی نقوش جہاں عملیات میں سب سے ہٹ کر اور علیحدہ کتاب تشکیل دی ہے وہاں ان کی طاقت واثر کے حساب سے بھی دعویٰ کیا گیا ہے کہ جو کوئی بھی بتائے گئے طریقہ کار کے مطابق ان نقوش کا استعمال کریگا وہ ضرور کامیاب ہوگا متعلقہ مقصد میں کامیابی ہوگی انشاء اللہ اس لئے ہمیشہ کی طرح اس بات کو ضرور یاد رکھئے کہ برے اور بغض والے اعمال کرنے سے پہلے اچھی طرح سوچ سمجھ لینا چاہئے کیونکہ عمل کا اثر دکھانے پر گناہ صاحب عمل کے سر ہوگا۔ پیار سے زیر ہونے والے افراد کو ہمیشہ حب کے عملیات سے زیر کرنا چاہئے اور بغض و عداوت والے اعمال وہاں کرنے چاہئیں جہاں کوئی فرد اللہ کے دین کا دشمن بن گیا ہو اور حضور نبی کریم ﷺ کی شان میں گستاخی کرتا ہو ایسی صورت میں میری طرف سے کھلی اجازت ہے کہ ایسے افراد پر سخت سے سخت اعمال کر کے انہیں تکلیف میں مبتلا کرنا چاہئے اگر کوئی خود کو برا کہے تو ہنس کر ٹال دینا چاہئے نا کہ ایسی چھوٹی چھوٹی باتوں پر محنت کے ساتھ اس کے نقصان کرنے کا اہتمام کرنا چاہئے مارنے سے بہتر معاف کرنا ہے جو اس دنیا میں سب سے مشکل ہے اس لئے نفس کو قابو میں رکھنا چاہئے۔

کتاب ھذا میں عملیات کی مناسبت سے ایسے طریقے کار درج ہونگے جو آج سے پہلے کسی کتب میں نہیں دیکھے ہونگے کیونکہ اس سب اعمال کا طریقہ کار سینہ بہ سینہ اعمال سے ہے اور ہوسکتا ہے کہ کئی افراد اس بات کو محسوس کریں کہ پہلے بھی ایسے عملیات کتب میں دیکھے گئے ہیں لیکن ہوسکتا ہے کہ ان افراد کو اس علم کے متعلق کسی بھی بات کا علم نہ ہو اور انہوں نے کتاب سے نقل مار کر عملیات درج کئے ہوں جبکہ میں اور میرا کام ہی عملیات سے جڑا ہوا ہے اس لئے میں نے ایسے کئی افراد دیکھے ہیں جو کتاب کے مصنف ہیں لیکن وہ کسی بھی طرح عامل نہیں ہیں اور نہ ہی دور دور تک ان کا تعلق عملیات سے ہے کئی کتابوں سے دیکھ کر کتاب کو شائع کردیا اور خود اس علم سے بالکل ہی نابلد ہیں اس لئے ایسے افراد کے بتائے ہوئے اصول و طریقہ کار شاید ہی ٹھیک ہوں چونکہ میرا تعلق عملیات سے ہے اور جو بات میں درج کرونگا وہ بالکل مکمل صحت کے ساتھ درج ہوگی اس لئے تمام افراد اس بات کو ضرور یاد رکھیں کہ عملیات کی کتب میں کوئی کمی نہیں ہے لیکن سبھی میں جو اعمال درج ہیں ان کا کوئی بھی ذمہ دار نہیں بنتا اس لئے عملیات میں جو سینے کے راز مجھے معلوم ہیں وہ سب کے سب میرے استادوں کے بخشے ہوئے ہیں اور وہ کبھی ان کے زندگی میں استعمال بھی ہوا کرتے تھے اس لئے جو کچھ مجھے ان سے موصول ہوا میں نے وہ سب بخل کے بغیر درج کردیا ہے تاکہ عوام الناس زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھائے اس لئے انبیاء علیہ السلام کے ناموں پر رکھا گیا یہ کتابوں کا سلسلہ چلتا رہیگا اور کسی ایک کتاب کی بات دوسری میں نہیں لکھی ہوگی یہی اس بات کا سب سے بڑا ثبوت ہے کیونکہ اگر میری کتاب نقل کی محتاج ہوتی تو سبھی ایک دوسرے سے ضرور ملتی یا ایک کے بعد دوسری نہ آتی اس لئے عقلمند افراد اس بات کو ضرور محسوس کریں گے کہ جو طریقہ کار میں نے عملیات کا شروع کیا ہے وہ شاید ہی آج سے پہلے درج ہوا ہو۔

سو فیصدی زیارت نبی کریم ﷺ

یہ ایسا عمل ہے جو دنیا کی کسی بھی کتاب میں درج نہیں ہوگا اور اس عمل کی بدولت حضرت محمد مصطفی ﷺ کی زیارت ضرور نصیب ہوتی ہے اور دنیا میں ایسا کون شخص ہوگا جو سرکار دو عالم کی زیارت نہیں کرنا چاہتا ہوگا اس لئے اس عمل کو عاشقان رسول ﷺ کے دل کی ٹھنڈک کیلئے درج کیا جارہا ہے جس میں تقویٰ وطہارت اولین شرط ہے اس لئے اس عمل کو کرنے سے پہلے اپنے ظاہر و باطن کو اچھی طرح سے پاک کرے اور اس عمل کو کر کے دیکھ لے اللہ کے حکم سے حضور نبی کریم ﷺ کی زیارت ضرور نصیب ہوگی۔ عمل کی جگہ کا پہلے سے اہتمام کیا جائے جو نہایت پاک وصاف ہو دوران عمل سفید رنگ کے پہنے جانے والے کپڑے کو خود اپنے ہاتھوں سے دھو کر پاک کرے اور عمل کے بعد اس لباس کو وہیں رکھ دے عمل کو بعد نماز عشاء سے شروع کیا جائیگا اور منہ اپنا مدینہ کی طرف رکھے پھر حضور نبی کریم ﷺ کا چہرہ مبارک نورانی نور سے بھرے ہوئے کا کامل تصور باندھے اور اسے (۴۱) (مرتبہ پڑھے) اللھم اجعل سیدنا محمدا احبیبک معائنا بعینی کما جعلته مشاهدا فی قلبی یا رسول الله صلی الله علیه و آله وسلم) پھر اپنی داہنی طرف عرض کرے کم از کم سو مرتبہ اور زیادہ سے زیادہ اتنا جتنا پڑھنے میں مزا آتا ہے (الصلوۃ و السلام علیک یا رسول الله) اسی طرح پھر بائیں طرف پھر اس درود پاک کو پانچ سو کی تعداد میں پڑھے (اللھم صل علی سیدنا محمد کما امرتنا ان تصلی علیه اللھم صل علی سیدنا محمد کما هوا اهله اللھم صل علی محمد کما تحب و ترضاه) اس تمام عمل کو کر لینے

کے بعد ایک مرتبہ سورہ (اذا جاء) پڑھے اور اپنا سر قطب کی طرف کر کے داہنی کروٹ لیٹے اور سرکار دو عالم کے چہرہ مبارک کا کامل تصور باندھ کر (الصلوۃ و السلام علیک یا رسول الله) دل ہی دل میں پڑھ کر سو جائے اس عمل کو تب تک کرے جب تک زیارت سے مشرف نہ ہو جائے۔ اللہ کے حکم سے تین دنوں کے اندر زیارت ضرور ہوگی۔ بعد زیارت نبی کریم ﷺ کے دودھ، چینی، چاول، شکر، ڈال کر اچھی قسم کی کھیر پکوائے اور اسے غریبوں یا بچوں میں تقسیم کر دے اگر اس عمل کو شروع کرنے سے پہلے بھی ایسا کیا جائے تو عمل میں اور زیادہ طاقت آجائیگی۔

زیارت پر انوار نبی کریم ﷺ

سرکار دو عالم کی زیارت مبارک کرنے کیلئے شہر سے کہیں دور ایسی جگہ جائیں جہاں کسی کی کانوں میں آواز نہ آتی ہو۔ اس عمل کو اگر دریا یا نہر کے کنارے کیا جائے تو اللہ کے حکم سے تین دنوں کے اندر اندر زیارت نبی کریم ﷺ ضرور ہوگی۔ عمل سے پہلے جگہ کا انتخاب کرلے اور اس مقام پر اسی پانی سے تازہ غسل یا وضو کرے اور دو رکعت شکرانہ وضو ادا کرے اس کے بعد دو رکعت نماز ارواح پڑھے جس کی نیت اس طرح ہوگی کہ میں نیت کرتا ہوں دو رکعت نفل واسطے زیارت حضور نبی کریم ﷺ اور تمام بزرگان دین منہ میرا کعبہ شریف اللہ اکبر سبحانک اللھم کے بعد سورہ فاتحہ اور اس کے بعد سورہ اخلاص اکیس مرتبہ پڑھے دوسری رکعت میں اکیس مرتبہ سورہ الناس پھر سلام پھیر کے سجدے میں جا کر تین مرتبہ اس دعا کو عجز وانکساری کے ساتھ پڑھے (اغثنی اغثنی اغثنی یا مغیث) اس کے بعد سات ہزار مرتبہ سر اٹھا کر اسے پڑھے (بسم الله الرحمن الرحیم بسم الله اقواه بالله) جب سات ہزار کی تعداد

پوری کر چکے تو سر اٹھا کر آسمان کی طرف دیکھے اور تین قدم آگے کی طرف چلے پھر تین قدم پیچھے کی طرف پھر تین دائیں اور تین بائیں لیکن قبلے کی طرف سے منہ نہیں ہٹنا چاہئے اور بند آنکھوں کے سامنے سرکار دو عالم کا چہرہ مثل آفتاب کا مکمل تصور رہنا چاہئے اللہ کے فضل سے اسی وقت سرکار دو عالم کی شکل مبارک کا جلوہ ہوگا جو چاہے سو مانگ لے اسی وقت حاجت پوری ہوگی۔ اور جب گفتگو تک کا مرحلہ تمام ہو جائے تو اس مناجات کو بار بار تکرار کے ساتھ پڑھتا جائے (بسم اللہ الرحمن الرحیم الٰہی آنچہ بد کردم ندانسنم خطا کردم بخش بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ) عمل کامیاب ہونے پر کھیر یا میٹھے چاولوں سے غریبوں کا پیٹ بھرے بے خطا عمل مبارک ہے اور حاجت طلبوں کیلئے بے مثال تحفہ جسے ذرا بھی شک ہو وہ خود آزما کر دیکھ لے۔

زیارت پرلطف نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم

اس عمل میں شرط صرف پاک وصاف کمرے، لباس اور کامل طہارت کی ہے اور کوئی بھی اس عمل کو نیک نیتی کے ساتھ کر سکتا ہے اور جتنا شوق ولگن سرکار دو عالم سے ہوگا اسی رات سرکار کی زیارت مبارک سے مشرف ہوگا۔ روزانہ سونے سے پہلے بعد نماز عشاء بعد گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ اسے ایک ہزار کی تعداد میں پڑھ کر قبلے کی طرف منہ کر کے ہاتھ سر کے نیچے رکھ کر سو جایا کرے اللہ کے فضل سے زیارت ضرور بر ضرور ہوگی۔ اگر تین دنوں میں عمل پورا نہ ہو تو اسے ترک نہ کرے بلکہ اپنی خامیوں کو درست کرتے ہوئے اس عمل کو بار بار دہرایا جائے جب تک سرکار دو عالم اپنی زیارت سے مشرف نہ فرمادیں۔ (اللھم انی اسئلک بنور وجہ نبیک سیدنا محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کما ھو عندک (آمین)

الہام ربانی

اس عمل کے ذریعے کوئی بھی اپنے کسی بھی کام کے متعلق سو فیصدی اس بات کا پتہ لگا سکتا ہے کہ میرے حق میں یہ کام کیسا رہیگا یا اس کام کے کرنے سے مجھے فائدہ ہوگا یا نقصان اس عمل کو اگر کوئی مسلسل کرتا ہوا پکا کر لے تو صرف ایک مرتبہ ہی کرنے سے اسی وقت خود اور کسی دوسرے کو بھی اس بات کے متعلق بتا سکے گا کہ فلاں کے حق میں فلاں کام کیسا رہیگا۔ اب جس کام کے متعلق پتہ لگانا ہو تو اس سے پہلے تازہ وضو یا غسل کرے اور کعبے کی طرف منہ کر کے اپنے کام کی مکمل نیت باندھے دو رکعت نماز استخارہ واسطے اللہ تعالیٰ کے منہ میرا کعبہ شریف اللہ اکبر کہہ کر ہاتھ باندھے اور سبحانک اللھم آخر تک اعوذ اور بسم اللہ پڑھ کر الحمد للہ رب العالمین الرحمٰن الرحیم مالک یوم الدین ایاک نعبد وایاک نستعین جب اھدنا الصراط المستقیم پڑھے تو اس کو اتنا پڑھے کہ جب تک داہنی طرف یا بائیں طرف کندھا نہ پھر جائے اگر سیدھی طرف کندھا پھرے تو جس کام کیلئے اس عمل کو کیا جا رہا ہے تو وہ بہت جلد پورا ہو جائیگا۔ اور اگر بائیں طرف کندھا پھرتا ہوا معلوم ہو تو اس کا مطلب ہے کہ کام نہیں ہوگا اس کام کو ترک کر دینا چاہئے اگر کوئی بھی کندھا پھر جائے تو پوری سورہ فاتحہ پڑھ کر کوئی بھی سورہ شریف پڑھ کر نماز کو مکمل کرے اس عمل سے پہلے بارہ روپے کی کوئی بھی میٹھی شے بچوں میں تقسیم کر دے۔

کسی بھی کام کے متعلق پہلے سے پتہ لگانے کیلئے اس نقش کو سونے یا چاندی کی انگشتری پر کندہ کرواکر سونے سے پہلے اپنے تکیے کے نیچے رکھ لے اور سونے سے پہلے اپنے کام کا مکمل تصور ضرور باندھے۔

عشق حقیقی

اگر کوئی فرد اللہ کے نور کی زیارت کرنا چاہے اور اللہ کے عشق میں اپنے آپ کو ڈالنا چاہے جس سے اللہ اس کا اور وہ اس کا ہو جائے تو اسکو بعد نماز عشاء یا تہجد کے وقت پہلے دن سے گیارہ مرتبہ پڑھتے ہوئے چاہے تو ہزاروں کی تعداد میں لے جائے یا لاکھوں کی اللہ کے حکم سے اللہ اپنے سچے عشق سے اس فرد کو ضرور نوازے گا جو بھی اس دعا کے ذریعے اللہ کا قرب حاصل کرنا چاہتا ہوگا لیکن اس عمل کو ایسے افراد کریں جو اپنے آپ کو گناہوں سے دور رکھنا جانتے ہوں ورنہ نقصان ہوگا اور اس نقصان کا کوئی بھی ازالہ نہیں بھگتے گا تازہ وضو یا غسل کر لینا چاہئے اور جس کمرے میں اس عمل کو کرنے کو ارادہ ہو اسے خوشبو سے مہکانا چاہئے اس عمل کے اور بھی بہت سے فوائد ہیں جس کی بدولت بڑی سے بڑی مشکل حل ہوتی ہے اور دشمن زیر ہوتے ہیں کاروبار خوب چلتا ہے اور گھر میں ہر طرح کا سکون رہتا ہے اللہ ہر دکھ تکلیف سے محفوظ رکھتا ہے۔

(بسم اللہ الرحمن الرحیم اللھم احرق عوارض قلبی بنار عشقک اللھم شوقنا الی جلالک وجمالک اللھم اقطع حجاب بیننا و بینک اللھم ارزقنا کاسا من شرابک و خلع وصالک و شریف لقائک یا ذوالجلال والاکرام الھی بحق نورک ثبتنا فی حضورک یا ھادی اھدنا الصراط المستقیم و اوزقنا بازدیاد مشاھدۃ لقائک الکریم صلی اللہ علی خیر خلقہ محمد وآلہ اجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین)

عملیات حب کرنے سے پہلے

حب کے عملیات کرنے سے پہلے اس قاعدے کو ضرور یاد رکھئے کہ (بسم اللہ الرحمن الرحیم) ایک مرتبہ اور یہ درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھا جائے (اللھم صل علی محمد محبوبنا محبوب و طالبنا مطلوب) اس کے بعد حب کا کوئی بھی جائز کام کرے ضرور کامیابی ہوگی اور اگر اس کو ویسے ہی سوا لاکھ کی تعداد میں پڑھ لیا جائے تو اس کی بدولت حب میں زیادہ سے زیادہ اثر پیدا کیا جاسکتا ہے۔

زیادتی حب

اگر زن و شوہر آپس میں سلوک و اتفاق سے نہ رہتے ہوں یا بلاوجہ لڑتے جھگڑتے ہوں یا کسی گھر میں ہر وقت فتنہ و فساد پھیلا رہے تو اس نقش کے اندر لکھی گئی آیت کو کسی میٹھی شے پر دم کر کے کھلایا جائے اور ہفتہ میں ایک مرتبہ مصری سے حلوا تیار کر کے اسے کسی پاک طشت میں ڈال کر اس پر اس نقش کو بنا کر آپس میں کھایا جائے اور جو زیادہ لڑتا جھگڑتا ہو اس کے گلے میں اس نقش کو زعفران سے لکھ کر پہنایا جائے۔

ط	وجعلنا	من	بین	ایدیھم	سدا	ومن	ط
ط	من	بین	ایدیھم	سدا	ومن	خلفھم	ط
ط	بین	ایدیھم	سدا	ومن	خلفھم	سدا	ط
ط	ایدیھم	سدا	ومن	خلفھم	سدا	فاغشینا	ط
ط	سدا	ومن	خلفھم	سدا	فاغشینا	ھم فھم	ط
ط	ومن	خلفھم	سدا	فاغشینا	ھم فھم	لایبصرون	ط

حب پیدا ہو

اگر مطلوب طالب کی طرف رجوع نہ کرتا ہو تو مطلوب کے پاؤں کی مٹی حاصل کر کے اسے مطلوب کے حروف ابجد کی تعداد کے مطابق پڑھ کے وہ مٹی اس کے سر پر کسی بھی طریقے سے ڈال دے اور اس نقش کو نام مطلوب مع والدہ لکھ کر پھر اپنا نام مع والدہ لکھ کر اپنے بازو یا گلے میں باندھ لے مطلوب طالب کے پیار میں گرفتار ہوگا۔ (بسم اللہ الرحمن الرحیم یا ودود یا ودود یا ودود یا شمعیثا الذی یقلب الشمس من المغرب الی المشرق)

ال ودود

ودود فلان بن فلان ودود

ال ودود

عمل حب

اگر کوئی بھی حب سے متعلق کسی کو دودھ، میوہ، انگور، بادام، کشمش، یا چھوارے پر ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر کھلائے گا تو محبوب کسی بھی پل مطلوب کے بغیر نہیں رہے گا۔ تعداد مکمل کرنے کے بعد نام محبوب مع والدہ ضرور لے اللہ مقصد میں کامیابی دیگا۔ دم کی ہوئی شے کو کوئی بھی کھائے گا وہ مسخر ہوگا (بسم اللہ الرحمن الرحیم اللھم بشمخ و الاصاموا شیطیثون اللھم)

حب سے متعلق کوئی بھی اس نقش کو نام محبوب مع والدہ اور اپنا نام مع والدہ لکھ کر اپنے پاس رکھے محبوب مطلوب کی محبت میں مبتلا ہوگا اور دیوانہ ہو۔

فریفتہ کرنا

اس عمل کی بدولت کوئی کسی کو بھی جائز طور سے اپنے اوپر فریفتہ کروا سکتا ہے محبوب کی پہنی ہوئی قمیض میلی کچیلی حالت میں حاصل کر کے نو دنوں تک پاک وصاف ہو کر بعد نماز عشاء ایک جگہ مقرر کر کے روزانہ اس پر محبوب کے نام کے حروف ابجد کی تعداد کے مطابق اسے پڑھے (بسم اللہ الرحمن الرحیم وبالحق انزلناہ وبالحق نزل) اس عمل کو کرتے ہوئے دھکے ہوئے کوئلے اپنے پاس رکھے اور اس پر تھوڑا تھوڑا لوبان ڈالتا جائے جب پہلے دن پڑھ چکے تو ایک ماشہ گائے کے گھی پر تین مرتبہ (یا ھو) پڑھ کر کوئلے پر چھڑ کے اس عمل کو نو دنوں تک بالکل اسی طرح کرے جیسے اوپر بتایا ہے دسویں دن اس قمیض یا کرتے کے تین ٹکڑے پھاڑے اور تین بتیاں بنائے تین دن تین بتیوں کو آگ میں جلائے اور جلانے سے پہلے اپنے محبوب کا کامل تصور باندھے اللہ کے حکم سے بے پناہ اثر سے بھرپور عمل ہے۔

کوئی جھگڑا نہ کرے

یہ ایسا زبردست قسم کا عمل ہے۔ جس کی بدولت کوئی بھی صلح صفائی کے ساتھ رہ سکتا ہے اور اس کو کئی کاموں میں استعمال کیا جا سکتا ہے مثلاً اگر کسی گھر میں ہر وقت بلاوجہ لڑائی جھگڑا رہتا ہو، زن وشوہر آپس میں اتفاق سے نہ رہتے ہوں، دو خاندانوں کی آپس میں زبردست قسم کی عداوت کو محبت میں بدلنا، اور کسی سے نئی دوستی قائم کرنے کیلئے اسے اپنی طرف متوجہ کرنا ان تمام کاموں کیلئے عود کی اصل لکڑی پر اسے ایک سو ایک کی تعداد میں بوقت صبح (یعنی بعد نماز فجر) پڑھ کر دم کیا جائے اور کوئلوں کی آگ پر رکھ کر اس کی دھونی محبوب یا کسی بھی جدا اشخاص کو دی جائے اس دھوئیں کے اندر طلسماتی اثر واقع ہوگا اور وہ دماغ میں

جاتے ہی اپنا اثر دکھائے گا جس کی بدولت دو لڑنے والے آپس میں لڑائی نہیں کرسکیں گے۔ یعنی اگر کسی سے نئی دوستی قائم کرنی ہے تو کسی بھی بہانے سے اس کے سامنے اس عمل کو پہلے سے تیار کرلیا جائے اور اس کے سامنے کوئلے پر عود کی لکڑی کو جلایا جائے اس کے دھوئیں کے اندر واقع اثر سے متعلقہ مقصد میں کامیابی ہوگی۔ اگر گھر میں لڑائی جھگڑا رہتا ہو تو اسی طرح عود کی لکڑی پر دم کر کے گھر میں کوئلوں پر اس عمل کو کیا جائے تاکہ ہر کوئی اس کی دھونی لے سکے۔ کوئی بھی بلاوجہ لڑائی یا جھگڑا برپا نہیں کرے گا۔ گھر میں سکون کیلئے اس نقش کو زعفران سے لکھ کر فریم کروا کر چوکھٹ کے اوپر لگایا جائے اور محبوب سے حب قائم کرنے کیلئے اس نقش کو اپنے مقصد کیلئے زعفران سے لکھ کر اپنا نام مع والدہ لکھ کر اپنے بازو یا گلے میں باندھے۔ عود کی لکڑی پر پڑھے جانے والے کلمات یہ ہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم فغلوہ ثم الجحیم صلوہ ثم فی سلسلۃ زرعہا سبعون ذراعا فاسلکوہ انہ کان لا یومن باللہ العظیم۔

فغلوہ	ثم	الجحیم	صلوہ	ثم فی	سلسلۃ	زرعہا	سبعون
ثم	الجحیم	صلوہ	ثم فی	سلسلۃ	زرعہا	سبعون	ذراعانا
الجحیم	صلوہ	ثم فی	سلسلۃ	زرعہا	سبعون	ذراعانا	فاسلکوہ
صلوہ	ثم فی	سلسلۃ	زرعہا	سبعون	ذراعانا	فاسلکوہ	انہ
ثم فی	سلسلۃ	زرعہا	سبعون	ذراعانا	فاسلکوہ	انہ	کان
سلسلۃ	زرعہا	سبعون	ذراعانا	فاسلکوہ	انہ	کان	لایومن
زرعہا	سبعون	ذراعانا	فاسلکوہ	انہ	کان	لایومن	باللہ
سبعون	ذراعانا	فاسلکوہ	انہ	کان	لایومن	باللہ	العظیم

حب قائم ہو

اس عمل کی بدولت اس قسم کی حب بھی پیدا ہوتی ہے جس سے جنات یا مخفی مخلوق کو بھی اپنے تابع کیا جاسکتا ہے۔ جسے انسان ناممکن تسلیم کرتا ہے لیکن جو محنت کرنا جانتا ہے وہ ضرور اپنے ناممکن مقصد میں بھی کامیاب ہو جاتا ہے۔ اس لئے ہر قسم کی حب پیدا کرنے کیلئے بکرے کی دستی کی ہڈی تری سے پاک کر کے کالی روشنائی سے اس پر اس طلسم کو لکھے اور اس پر تانبے کی دھات لپیٹ کر کسی تندور میں پھینک دے اور ایک عدد طلسم کو قبرستان میں دفن کردے اللہ کے حکم سے اپنے جائز مقصد میں ضرور کامیاب ہوگا۔

اھیا اشر اھیا لدرنی الجن و الانس ابر الذین

۱۷ ۸۷ ۱۰ ۷۱ ۱۸ ۱۱ ۸۱ ۱۱ ۹۱ ۱۹ ۵۱ ۱۵ اط ۹۷ ط۱۵ طالوھا

الساعت بفن امین

سو فیصدی کامیاب عمل حب

یہ ایسا حب کا عمل ہے جو ایک جادو کی سی صفت رکھتا ہے لیکن اسے کرنے میں مشکل ضرور پیش آئے گی لیکن دعویٰ کے ساتھ حب کے معاملے میں سو فیصدی کامیابی ضرور ہوگی چاہے کسی سے کوئی شرط ہی کیوں نہ رکھ لی جائے اس عمل کو کرنے سے پہلے کسی انسان کی کھوپڑی حاصل کرے اس میں گورکن کی معاونت سے کھوپڑی کو حاصل کیا جاسکتا ہے اور اس بات کو تمام مسلمان بھی ضرور جانتے ہونگے کہ کھوپڑی ایسے فرد کی ہوگی جس پر عذاب ہوگا کیونکہ اللہ کے نیک بندوں کا قفن بھی میلا نہیں ہوتا اس لئے اس عمل کیلئے انسانی کھوپڑی کی ضرورت ہوگی۔ پھر بوقت زوال دن منگل عروج ماہ اس نقش کو کالی سیاہی سے بالکل اسی طرح اس کھوپڑی پر لکھے اور محبوب کی گزرگاہ یا اس کی خواب گاہ میں نام محبوب مع والدہ، والدہ اور اپنا نام مع والدہ، والد اور مختصر سا مقصد لکھ کر کرے اور اس عمل کا خود مشاہدہ کرلے کہ یہ اپنی طاقت میں کیسا منفرد عمل ہے۔

	۵	۴	۲	
۶	البڈوح	البڈوح	البڈوح	۲
۷	البڈوح	البڈوح	البڈوح	۴
۳	البڈوح	البڈوح	البڈوح	۵
	۴	۲	۵	

کمال حب

اس عمل کو خصوصاً ایسے زن وشوہر کریں جو آپس میں اتفاق وسلوک سے نہ رہتے ہوں اللہ کے حکم سے جو بھی اس عمل پر عبور حاصل کر کے اس کو کر جائیگا تو دونوں میں سے کوئی بھی ایک دوسرے کے بغیر نہیں رہ سکے گا۔ اسی عمل کو جائز طور سے عاشق ومعشوق کی خاطر بھی کیا جاسکتا ہے جس سے سو فیصدی کامیابی نصیب ہوگی۔ (عقرب سر زلف یا رومه چنبر اوست،شیریں وهنی كه شهد اور شكر اوست او حسن و ملاحتے كه اندر سر اوست،فرمان فلان بن فلان،روزگار فرمان بر اوست) اس رباعی کو اپنے ایک سانس سے اکیس مرتبہ پڑھنے کا ہنر سیکھ لے اور محبوب یا کسی بھی عاشق کے پاؤں کی مٹی پر دم کر کے اس کی گزرگاہ اور آگ میں پھینک دے اور خود اس کا کرشمہ دیکھ لے ایک پل بھی ایک دوسرے سے جدا رہنا ناممکن بن جائیگا اور گاہے بگاہے ویسے بھی اس رباعی کو ایک سانس میں اپنے محبوب کا کامل تصور باندھ کر بھی پڑھے اگر ہو سکے تو اسی رباعی کو زعفران سے اپنے محبوب کا نام مع والدہ اور اپنا نام مع والدہ لکھ کر اپنے گلے یا بازو پر باندھے اللہ کے حکم سے جائز مقصد میں ضرور کامیابی ہوگی کئی مرتبہ کا آزمایا ہوا عمل ہے۔

چالیس دنوں کے اندر ناممکن حب قائم ہو

اس عمل کی بدولت جو کوئی بھی ایک چلہ کی نیت سے اپنے اس مقصد کیلئے اس کو بتائے گئے طریقے کے مطابق استعمال کریگا تو وہ ناممکن کو بھی ممکن بنالیگا محنت ولگن ہر کام میں ڈالنے سے وہ کام بھی ہو جایا کرتا ہے جو ناممکن بن گیا ہو اس لئے محنت ضرور کرنا پڑے گی اور اس کے اثر سے خود ہر کوئی روشناس ہو جائے گا کہ ان آیات کا کیا اثر ہے عمل کو کسی بھی محبوب معشوق زن وشوہر یا کسی سے بھی جائز دوستی پیدا کرنے کیلئے کیا جاسکتا ہے لیکن ہر حال میں کام جائز حیثیت کا مالک ہو ورنہ کامیابی نہیں ہوگی اور وقت علیحدہ سے ضائع ہوگا۔ عمل سے پہلے کوئی بھی میٹھی شے کو پہلے اور چالیس دنوں کے بعد بچوں میں تقسیم کیا جائے تاکہ رکاوٹوں کا خاتمہ ہو۔ اس عمل کو زعفران سے لکھ کر اپنا نام مع والدہ اور نام محبوب مع والدہ لکھ کر اپنے مصلے کے نیچے سجدے کی جگہ پر رکھے اور اس پر مصلے پر بعد نماز عشاء اپنے محبوب یا اپنے مقصد کا تصور باندھ کر ایک سو ایک کی تعداد میں پڑھے اللہ کے حکم سے اگر محبوب سات سمندر پار بھی ہوگا تو اس کے اثر سے مغلوب ہوتے ہوئے ایک پل میں وہاں حاضر ہوگا جس کیلئے اس عمل کو کیا جا رہا ہوگا۔ (بسم الله الرحمن الرحيم فان تولوا افقل حسبی الله لا اله الا هو عليه توكلت وهو رب العرش العظيم اللهم انت ربی حسبی علیٰ فلان بن فلان اعطف قلبه عليه وظللها فان الله القينا والف بين قلوبهم لو انفقت ما فی الارض جميعا ما الفت بين قلوبهم ولكن الله الف بينهم انه عزيز حكيم عسى الله ان يجعل بينكم و بين الذين عاديتم منهم مودة والله قدير والله غفور رحيم ومن الناس من يتخذ من دون الله اندادا يحبونهم كحب الله والذين امنوا اشد حبا لله)

انار کے پھول سے حب ہو

اس عمل سے کوئی کسی سے بھی جائز حب پیدا کرسکتا ہے اور پہلے سے پیدا ہوئی عداوت کو ختم کرسکتا ہے اس عمل کیلئے کسی ایسی جگہ جائے جہاں انار کے درخت ہوں وہاں سے دیکھ کر سات عدد پھول ایسے توڑے جن کا رخ آسمان کی طرف ہوا نہیں اپنے محبوب کا کامل تصور باندھ کر اسی کا نام پڑھ کر اتارے اور ایک پھول پر اکتالیس مرتبہ اسے پڑھے ایک عدد تانبے کا چراغ بنوائے اور اس کے اندر اپنے محبوب کا نام مع والدہ کندہ کروائے روزانہ ایک پھول پر روئی لگا کر اس چراغ میں بوقت سورج طلوع کے روشن کرے سات دنوں کے اس عمل کا آغاز عروج ماہ میں کرے اور خود دیکھ لے کہ سات دنوں کے اندر کیسے کیسے اثرات واقع ہوتے ہیں۔ محبوب ایک پل بھی طالب کے بغیر نہیں رہ سکے گا۔ عمل سے پہلے اور بعد میں میٹھی شے کو غریبوں میں ضرور تقسیم کرے اس سے رکاوٹوں کا خاتمہ ہوتا ہے اور کام جلدی ہوتا ہے۔ اگر ہو سکے تو اسی کو ایک مرتبہ زعفران سے سفید کاغذ پر لکھ کر خرگوش یا ہرن کی دباغت شدہ کھال کے اندر سی کر اپنے گلے یا بازو پر بھی باندھ لے اس کی بدولت عمل میں زیادہ اثر واقع ہوگا اور محبوب ایک پل بھی طالب کے بغیر نہیں رہ سکے گا۔ عمل میں جس چراغ کا ذکر کیا ہے وہ گولائی میں نہ ہو بلکہ لمبائی میں ہو اکثر بازار میں مل جاتا ہے۔

(بسم اللہ الرحمن الرحیم و اتبعوا ما تتلوا الشیطن علی ملک سلیمن وما کفر سلیمن ولکن الشیطن کفروا یعلمون الناس السحر فلاں ماں وباپ کی بیٹی یا بیٹا حاضر ہو حاضر ہو و بحق یا ودود یا ودود یا ودود) یہاں اپنی محبوبہ کا: مع والد و والدہ لکھے اور پڑھے۔

اپنی طرف دل پھیرنا

اگر کسی کا بھی دل اپنی طرف پھیرنا ہو یعنی ہر کوئی اس عمل کو کرنے والے کا دم بھرے تو اس عمل کو ہر کوئی کسی بھی مقصد کی خاطر کرسکتا ہے۔ یعنی اس عمل کو ایسے والدین بھی کرسکتے ہیں جن کی اولاد ان کی تابعدار نہیں اس عمل کی بدولت ان کو تابعدار بنایا جاسکتا ہے اگر زن وشوہر کا آپس میں سلوک واتفاق نہیں تو اس کی بدولت ان کا آپس میں اتفاق پیدا کیا جاسکتا ہے اور کسی افسر سے اپنی جائز بات منوانے کیلئے اس عمل کو کیا جاسکتا ہے، جس سے جائز طور پر ہر کوئی تابعداری قبول کریگا لیکن مقصد ناجائز ہونے سے وقت ضائع ہونے کے ساتھ ساتھ کامیابی ہرگز نہیں ہوگی۔

(بسم اللہ الرحمن الرحیم یا مسبب الاسباب ویا مفتح الابواب یا مقلب القلوب والابصار یا دلیل المتخیرین ارشدنی یا غیاث المستغثین اغثنی توکلت علیک یا رب وافوض امری یا رب الیک یا رب بحق ایاک نعبد وایاک نستعین) اگر کوئی بچہ بدتمیزی کرتا ہو تو اسے زعفران سے سفید کاغذ پر لکھ کر اس بچے کے گلے میں باندھے اور اسے میٹھی شے پر دم کر کے کھلایا جائے اسی طرح اگر کوئی مرد وزن آپس میں زیادہ سے زیادہ حب پیدا کرنا چاہیں تو اسے میٹھی شے پر دم کر کھایا جائے اور ایک کو اپنے گلے میں باندھا جائے اگر کسی کو اس کا دم کیا ہوا پانی نہ پلایا جا سکے تو اسے زعفران سے لکھ کر پانی میں ڈال کر جس سے حب پیدا کرنی ہو یا اسی مقصد کی نیت سے اس پانی کو اس بستر پر چھڑک دے۔ جس سے حب پیدا کرنی ہو اللہ کے حکم سے جائز حب پیدا ہوگی۔ اور اس سے متعلق تمام رکاوٹوں کا خاتمہ ہوگا۔

اپنی محبت میں دیوانہ کرنا

یہ عمل چہل کاف سے منسوب ہے ویسے تو اسے ہر معاملے میں استعمال کیا جاسکتا
ہے لیکن یہاں اس سے ایسی حب کا ظہور ہوگا جس کا اثر ہر حال میں اٹل ہے اگر کوئی بتائے
گئے نسخے کے مطابق اسے استعمال کریگا اور اسے جائز معاملے میں استعمال کریگا۔ تو محبوب
طالب کی محبت میں سوفیصدی دیوانہ ہوگا اور ایک پل بھی طالب کے بغیر نہیں رہ سکے گا نیچے
لکھے گئے تمام عمل کو بروز نوچندی اتوار صبح سورج طلوع کے وقت تازہ سفید رنگ کے کبوتر کو
ذبح کر کے اس کے خون سے لکھے اور اس کے نیچے نام محبوب مع والدہ اور اپنا نام مع والدہ لکھ
کر اسے اپنے کسی پرانے کپڑے میں تعویذ کی طرح بند کر کے محبوب کے مکان کی چوکھٹ
کے نیچے گاڑ دے اگر ایسا کرنا دشوار ہو تو اسی عمل کو کسی پھلدار درخت پر محبوب کے گھر کی
طرف اس کا رخ کر کے لٹکائے یہ جیسے جیسے ہوا میں ہلے گا ویسے ویسے اس کا اثر آہستہ سے
تیزی کی حالت میں شروع ہوگا اور اپنا کام کر دکھائے گا اعتقاد اس عمل میں شرط اور اس عمل
کی بارہا مرتبہ آزمائش کی جا چکی ہے اور اس کے سوفیصدی نتائج برآمد ہوئے ہیں اس لئے
محنت سے اس عمل کو کرے اور خود اس عمل کے اثر سے روشناس ہو جائے۔ اسی عمل میں زیادہ
اثر پیدا کرنے کیلئے اگر اسے ایسے ہی محبوب کا کامل تصور باندھ کر بعد نماز عشاء ایک تسبیح
پڑھنے کا معمول بنالے تو بھی محبوب کسی بھی صورت طالب کی جدائی برداشت نہیں کریگا خواہ
وہ سات سمندر پار ہی کیوں نہ ہو اس عمل کو خصوصاً ایسے میاں بیوی کریں جن کی آپس میں
کسی بھی طور بنتی نہ ہو اللہ کے حکم سے ان کا آپس میں سلوک واتفاق قائم ہونے کے ساتھ
گذارا بھی خوب اچھا ہوگا اس عمل کو ستاروں کی نحوست سے نکالنے کیلئے بھی اسی طرح اپنا نام
مع والدہ لکھ کر استعمال کیا جاسکتا ہے نحس ستاروں کا اثر باطل ہوتا ہے۔

(بسم اللہ الرحمن الرحیم کفاک ربک کم یکفیک
واکفة کفکا فھا ککمین کان من کلکا تکر کرا فی
کبدی تحکی مشکشکة کلت لک الکلکا کفاک ما
بی کفاک الکاف کربتہ یا کوکبا کان یحکی یا
کوکب الفلکا بسم اللہ الرحمن الرحیم کفیک ربک
کم یکفیک فی کواکفة کفکا فھا ککمین کان من
کلک کفاک الکاف کربتہ یا کوکب الکون یحکی
کوکب الفلکا بحق یا شیخ عبدالقادر شیئا للہ بحق یا حافظ
یا حفیظ یا رقیب یا وکیل یا اللہ یا اللہ یا اللہ بحق کھیعص
حمعسق قفل کردم ور دھن معشوق فلان لا الہ الا
اللہ مھر کردم ور دھن معشوق فلان محمد رسول
اللہ یا حبیب الفقراء ویا انیس الغرباء ویا معین الضعفاء
ویا دلیل المتحیرین ویا غیاث المستغثین یا حی یا
قیوم یا حنان یا منان یا دیان یا بدیع السموات
والارض یا ذوالجلال والاکرام برحمتک یا ارحم
الراحمین لا الہ الا انت سبحانک انی کنت
من الظلمین واستجبنالہ ونجینہ من الغم وکذالک
ننجی المومنین حسبی اللہ وکفا سمع اللہ لمن
دعا بسم اللہ الرحمن الرحیم)

محبوب زیر ہو

اس عمل کی بدولت حب کے معاملے میں کسی کو بھی اپنے زیر کیا جاسکتا ہے اور اس کی بدولت اپنی ادھوری مگر جائز محبت کو کامیاب بنایا جاسکتا ہے ایک عدد خالص صندل کی لکڑی اتنی بڑی لی جائے جس پر با آسانی یہ شکل کسی نوکیلی شے سے کندہ ہو سکے پھر اس لکڑی کو صندل کے شربت میں ڈال کر اس شربت کو پانی یا شربت پلایا جائے اپنا نام مع والدہ ضرور لکھے اس کا ایک گھونٹ پیتے ہی محبوب طالب کے زیر ہوگا اور اس کی ہر جائز خواہش مانے گا۔

زن و شوہر قربان ہوں

اس عمل کو خصوصا ایسے شوہر افراد کریں جن کی خواتین ان کو کسی بھی طور اچھا نہ سمجھتی ہوں اور ان کی قدر نہ کرتی ہوں لیکن ان کا ایسا کرنا بالکل بلاوجہ ہو جائے تو ایک عدد بالکل سفید مرغ ایسا لایا جائے جس کا ایک پر بھی دوسرے رنگ کا نہ ہو پھر ایک عدد نیا مٹی کا پیالہ لایا جائے اور اس کو ذبح کر کے اس کے خون کو اس پیالے میں بھر کر اسی وقت اس میں شہد ملا کر اسے آگ پر رکھ دے کم از کم اپنے کام کی نیت باندھ کر اسے آگ پر تین جوش دے جب ٹھنڈا ہو جائے تو اسے اپنے دونوں بازوؤں دونوں ٹانگوں اور اپنے آلہ تناسل پر مل لے اتنا ملے کہ ملنے سے زیادہ محسوس نہ ہو پھر اپنی عورت سے صرف ایک مرتبہ ہم بستری کر کے

اس کا اثر خود اپنی آنکھوں سے دیکھ لے بیوی ایک پل بھی اپنے شوہر کے بغیر نہیں رہ سکے گی لیکن اس عمل کا کسی بھی طور سے ذکر نہ کرے ورنہ کوئی بھی فائدہ نہیں ہوگا اگر اس عمل کو ایسی خواتین کرنا چاہیں جن کے شوہر انہیں اچھا نہ سمجھتے ہوں تو وہ بالکل اسی طرح سے مرغ والا عمل کر سکتی ہیں بصورت دیگر محبوب یا معشوقہ کیلئے اس عمل کو نہ کیا جائے کیونکہ اس عمل میں ہم بستری کی حاجت ہوتی ہے اور محبوب و طالب والے عمل میں یہ گناہ عظیم ہوگا۔

مرد و زن سلوک سے رہیں

اس عمل کو خصوصا ایسے افراد کیلئے درج کیا گیا ہے جن کے درمیان کوئی تیسرا اپنی مداخلت کرتا ہے اور ان کے جھگڑے مین اضافہ ہوتا ہے اگر کسی عورت کا خاوند اسے اچھا نہ سمجھتا ہو یا کسی خاوند کی عورت اسے اچھا نہ سمجھتی ہو تو ان لکھے گئے کلمات کو زعفران سے اگر عورت عمل کرنا چاہے تو اپنے شوہر کی پہنی ہوئی بنیان پر لکھے اور اگر خاوند ہو تو اسے اپنی عورت کے پہنے ہوئے دوپٹے پر دو عدد لکھے ایک کو اپنے گلے یا بازو پر باندھے اور دوسرے کو ویسے ہی پانی میں ڈال کر گا ہے بگاہے اس کا پانی پلائے یا کسی بھی میٹھی شے میں استعمال کروائے اور لکھے گئے کلمات کو اپنے شوہر کا مکمل تصور باندھ کر اس کے نام کے حروف ابجد کی تعداد میں پڑھے اسی طرح شوہر اپنی عورت کا مکمل تصور باندھ کر پڑھے اللہ کے حکم سے ان کے درمیان جو بھی بلاوجہ ناراضگیاں ہونگی ان کا خاتمہ ہوگا اور آئندہ کیلئے ان کی ان کلمات کی برکت سے اصلاح ہوتی رہے گی۔

پڑھے اور لکھے جانے والے کلمات

(بسم اللہ الرحمن الرحیم عدم علیک بقدرت الفید وبحرمۃ محمد ﷺ وبحرمۃ موسیٰ کلیم اللہ وبحرمۃ عیسیٰ روح اللہ) علی الحب فلان بن فلان وبین فلان بن فلان

حب سے متعلق

کوئی بھی اس نقش کو اپنے محبوب کی اصلاح اس سے زائد پیار کی خواہش اور اسے زیر کرنے کیلئے زعفران سے سفید کاغذ پر اس کا نام مع والدہ لکھ کر استعمال کر سکتا ہے اور یہ نقش سو فیصدی اپنا اثر دکھاتا ہے۔ اگر زن وشوہر آپس میں سلوک واتفاق سے نہ رہتے ہوں تو اس نقش کو دو عدد زعفران سے لکھ کر ایک کو اپنے گلے یا بازو پر باندھے اور دوسرے کو پانی یا کسی بھی میٹھی شے میں ملا کر پلائے حب کے معاملے میں ہر کوئی ایک دوسرے کا دم بھرے گا۔ اگر بچے بدتمیزی کرتے ہوں اور کسی بھی طرح اپنے والدین کا کہنا نہ مانتے ہوں تو اس نقش کو اپنے اس مقصد سے زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے ایک کو بچے کے گلے میں پہنائے اور دوسرے کو دودھ میں گھول کر پلائے بچوں کی اصلاح ہوگی اور وہ بدتمیزی نہیں کریں گو کہ اس نقش کے بے شمار فوائد ہیں اور حب سے متعلق جتنی بھی رکاوٹیں یا پریشانیاں ہیں اس نقش کو صرف اپنے مقصد کا کامل تصور باندھ کر لکھے اور اسے استعمال کرے۔

بحق موسیٰ	وعیسیٰ	بحق داؤد	محمد ﷺ	وبحق
وعیسیٰ	بحق داؤد	محمد ﷺ	وبحق	جبرائیل
بحق داؤد	محمد ﷺ	وبحق	جبرائیل	عزرائیل
محمد ﷺ	وبحق	جبرائیل	عزرائیل	میکائیل
وبحق	جبرائیل	عزرائیل	میکائیل	اسرافیل

ایک دوسرے کے تابعدار رہے

اس عمل کے ذریعے عاشق ومعشوق، طالب ومطلوب اور زن وشوہر ایک دوسرے کے ہمیشہ تابعدار رہتے ہیں جس کی بدولت ان کے درمیان کوئی بھی ایسی وجہ نہیں بنتی کہ ان کا آپس میں لڑائی جھگڑا ہو اور اگر پہلے سے یہ سلسلہ چلتا ہو تو اس عمل کو کر کے خود اپنی آنکھوں سے مشاہدہ کیا جاسکتا ہے کہ کتنا زبردست قسم کا عمل وطلسم ہے۔ اس طلسم کو سر کنڈے کے سبز پتے پر لکھ کر میٹھے شربت میں ڈال دے اور گاہے بگاہے اس شربت میں سے پلاتے رہیں اصلاح ہونے کے ساتھ حب میں زیادتی قائم ہوگی۔

(اجیبوا یا خدام هذه الاسماء ۱۱ ۹۱ ۲۹ ۱۵ ۱۱ ۵۸ ج ح ح معطا ۱ ۱۵۱ ۷۱ ۱۱ ۱ ع ں ه ح ح ۱ ۱۱)

محبت دولہا دلہن

بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ جب کسی کی نئی نئی شادی ہوتی ہے تو ان کے حاسد افراد اس قسم کا سفلی علم کروا دیتے ہیں جس سے وہ دونوں چند دنوں کے اندر لڑائی جھگڑا کر کے ایک دوسرے کی شکل تک دیکھنا گوارا نہیں کرتے اگر ایسی صورت بن جائے تو ان اسماء کو دو عدد زعفران سے دلہا کو دینے والے پر دولہے کے کپڑے پر لکھے اور اسی طرح دلہن کو دونوں اس کو اپنے بازوں پر باندھیں اللہ کے حکم سے ان کے درمیان ناجائز پیدا کی گئی عداوت کا خاتمہ ہوگا۔ ۷۸۶ ممدود معقود حج وحد بينهم و بين ما يشهون كما فعل باشيائهم من قبل انهم كالوا لفى شات مريب انك ميت و انهم ميتون ثم انكم يوم القيمة عند ربكم تختصمون۔

جدائی

اگر کوئی مرد وعورت کسی غیر جگہ اپنی جائز خواہش کو ناجائز استعمال کرتے ہوں تو جس سے ان کے ناجائز تعلقات ہیں ان کو ختم کرنے اور اپنی بیوی کے لائق رہنے کیلئے اس نقش کو چینی کی پلیٹ پر کالی سیاہی سے لکھا جائے اور اس کا نام مع والدہ جس کے درمیان جدائی کروانی ہے پھر اسے روغن تلخ سے گھسا کر اس کو پلائے اس کے پیتے ہی وہ اس غیر عورت کی خواہش اپنے دل سے نکال دے گا۔ خواہ مرد ہو یا عورت

اللھم کما تمحی ھذہ الاسماء امح

یکمواش	یکمواش	جالھموش	شرویکموش
شرویکموش	یکمواش	جالھموش	یکمواش
یکمواش	شرویکموش	جالھموش	یکمواش
یکمواش	یکمواش	جالھموش	شرویکموش

محبة کذا و کذا من قلب کذا و کذا

عشق بھول جائے

اگر کوئی مرد وعورت کسی کے عشق میں مبتلا ہو جائے اور عاشق دھوکہ باز بن کر روزانہ ہی دھوکہ دیتا ہو تو اس کا غم غلط کرنے کیلئے اس عمل کو کرے اللہ کے حکم سے اللہ اس کا جھوٹا عشق مٹانے میں مدد کریگا اور جو کوئی بھی اس گرفت میں مبتلا ہوگا اس کو سکون نصیب ہوگا اور اس کی اصلاح ہوگی۔ کسی گورکن کی مدد سے کسی مردے کا کفن اتنا لایا جائے جس پر ان کلمات کو کالی سیاہی سے لکھا جا سکے دن زوال ماہ ہفتے کا ہونا چاہیے بوقت صبح سورج نکلنے کے اپنے مقصد کا مکمل تصور باندھا جائے پھر اس کفن پر لکھی گئی عبارت کو ایک عدد بکری کے

سینگ کے اندر رکھ کر بغیر موم جامہ کئے اس کی قبر میں دفن کر دے جس کا کفن نکالا تھا تین دنوں کے اندر اندر اس جھوٹی محبت وعشق سے جان چھوٹ جائے اور اصلاح کامل ہوگی۔

(تعلفلحح ۲ لطلطمط ۲ سلسلم وقیل الیوم ننساکم کما نسیتم لقاء یومکم ھذا کذالک تنسی کذا کذا من کذا یئس منک کما یئس الکفار من اصحاب القبور قال رب لم حشرتنی اعمی وقد کنت بصیر قال اتتک ایاتی فنسیتھا کذالک الیوم تنسی۔

جھوٹی محبت کا خاتمہ ہو

بعض حالات میں ایسا بھی ہوتا ہے کہ دو پیار کرنے والوں میں سے ایک غرض رکھ کر پیار کرتا ہے اور جب اسے اپنی غرض پوری ہوتی نظر نہیں آتی یا اپنی غرض پوری کر لیتا ہے تو وہ محبوب سے جان چھڑوانا چاہتا ہے اس وقت محبوب کا دل کرتا ہے کہ یا تو وہ اپنے آپ کو مار ڈالے یا اس کی جان لے لے جس نے اس کے ساتھ اس قسم کا سلوک کیا ہے۔ ایسی حرکات سے محفوظ رہنے اور اس کی جھوٹی محبت کو ختم کرنے کیلئے اس عمل کو کرے اللہ کے حکم سے اس جھوٹی محبت کے خاتمے کے ساتھ ساتھ اللہ تعالیٰ سکون بھی نصیب میں فرمائے گا جس کی بدولت اس کی کامل طور پر اصلاح ہو سکتی ہے اور برے خیالات کا خاتمہ ہو سکتا ہے۔ اس نقش کو چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھ کر رات کو ستاروں کے نیچے رکھ دیا کرے اور صبح نہار منہ اس پر شہد ڈال کر چاٹ لیا کرے۔

ط	ط	ط	ط
ط	ط	ط	ط
ط	ط	ط	ط
ط	ط	ط	ط

فریقین میں جدائی

اگر دو ایسے افراد ہوں جو دوسرے مسلمانوں کیلئے اذیت کا سامان جمع کرتے ہوں اور معصوم لوگوں کو تکلیف سے دوچار کرتے ہوں تو ان کی آپس میں جدائی کیلئے ایک عدد بکرے کا دل لایا جائے اور اس عمل کو زوال ماہ دن منگل کے کرنا ہوگا۔ اس دل پر ان دو افراد کی جدائی کا تصور باندھ کر اسے ایک ہزار کی تعداد میں پڑھ کر تھوڑے سے نمک پر دم کرے اور اس نقش کو کالی سیاہی میں سرکہ ملا کر سفید کاغذ پر لکھے پھر اس دم شدہ نمک کو نقش کے اندر رکھ کر آخر میں نام فریقین مع والدہ لکھ کر اسے بکرے کے دل کے اندر ڈال کر کسی بوسیدہ قبر میں دفن کرے اور خود اس عمل کا مشاہدہ کرلے ان کی تین دنوں کے اندر جدائی ہوگی اور وہ کسی بھی طور معصوم لوگوں کو نقصان پہنچانے کے قابل نہیں رہیں گے۔

عزرائیل

والقینا	بینهم	العداوت
بینهم	العداوت	والبغضاء
العداوت	والبغضاء	الی یوم
والبغضاء	الی یوم	القیامۃ

نسخہ جدائی

اگر دو فریقین کی آپس میں جدائی کروانی ہو تو ایک عدد تانبے کا اتنا ٹکڑا لیا جائے جس پر فریقین کے نام مع والدین اور ان حروف کو باآسانی لکھا جاسکے پھر اسے روزانہ دن کے تین حصوں میں گرم کرکے نمکین پانی میں بجھائے اس عمل کو سات دنوں تک کرے اور آٹھویں دن اس عمل شدہ پانی کو دونوں کو پلائے اس پانی کے پیتے ہی وہ ایک دوسرے سے نفرت کرنے لگ جائیں گے اس عمل کو جائز جگہ استعمال کیا جائے ورنہ گناہ ہوگا۔

غم بھول جائے

اگر کسی کو ایسا غم یا دکھ لگ جائے جو اسے بھولتا نہ ہو اور اس کے تحت دن بدن نئی نئی پریشانیاں ظہور میں آتی ہوں تو قبرستان میں کسی بھی قبر کی اس تختی کا تھوڑا سا ٹکڑا اتار لائے جو وفات نامہ لکھا ہوتا ہے (اس پر جس کیلئے عمل کیا جارہا اس کا نام مع والدہ لکھا جائے) اور اس غم زدہ فرد کو پانی میں گھسا کر پلائے اس عمل کو سات دنوں تک کیا جائے اور اسے اس عمل کے متعلق بالکل پتہ نہیں لگنا چاہئے اللہ نے چاہا تو وہ اس دکھ کو بھول جائیگا جو اس کی زندگی میں روگ بن گیا ہوگا۔

جدائی مرد وعورت

اگر کوئی ایسا جوڑا ہو جو ناجائز زنا اور بری حرکات کرتے ہوں اور ان کی اصلاح کسی بھی صورت نہ ہو رہی ہو تو پانچ سر کے بال اس مرد کے اور پانچ سر کے بال اس عورت کے اتار کے ایک عدد چھوٹی سے مٹی کی ہانڈی لے کر ان بالوں کو اس میں ڈال کر ایک دن اور رات کامل آگ پر رکھا جائے اور ڈھکن کے اردگرد آٹا لپیٹا جائے تاکہ دھواں باہر نہ آئے اگلے روز اس میں پانی ڈال کر ان دونوں کو وہ پانی پلایا جائے اگر پانی پلانے میں کوئی دقت پیش آتی ہو تو اس پانی کو ان کی گزرگاہ میں بہایا جائے دونوں کی آپس میں جدائی واقع ہوگی۔

ناجائز زنا کی روک تھام

اگر کسی عورت کا مرد یا کسی مرد کی عورت ناجائز کسی دوسرے سے زنا کرتے ہوں اور اس بات عینی شاہد موجود ہوں تو اس نقش کو مرد یا عورت کے میلے کچیلے کپڑے پر کالی سیاہی سے لکھ کر بکرے کی تانت سے باندھ کر دریا یا نہر کے کنارے دفن کردے اور ایک عدد کو اپنے پہنے ہوئے میلے کچیلے کپڑے پر اسی طرح لکھ کر تعویذ کی طرح بند کرکے اپنے گلے یا بازو پر

باندھے اللہ کے حکم سے اگر کسی کا مرد اس عمل کو کرتا ہوگا تو اس کا آلہ تناسل اس کام کے لائق ہی نہیں رہیگا اور اگر کوئی عورت ہوگی تو اس کا زنا کرنے کو جی نہیں چاہے گا اگر دونوں کی اصلاح ہو جائے تو اس دفن شدہ نقش کو وہاں سے نکال کر اسی دریا یا نہر میں بہایا جائے اور گلے والا اپنے پاس ہی رکھا جائے مجرب عمل ہے۔

۶ ۱۱ ۱۱ ۵۴ ۱۵ ۱۷ ۱۷ ۱۷ ۱۷ ۱۷ ۱۷ ۱۷

عقدت	سمعک	وبصرک	وذکرک	لایفوم
سمعک	وبصرک	وذکرک	لایفوم	الافی
وبصرک	وذکرک	لایفوم	الافی	الحلال
وذکرک	لایفوم	الافی	الحلال	بحق ھذہ
لایفوم	الافی	الحلال	بحق ھذہ	الاسماء

اجیبوا یاخدام ھذہ الاسماء لعقد ذکر فلان عن الحرام

شہوت کم ہو جائے

اگر کسی مرد کی قوت شہوت عام حالات زیادہ ہو جائے اور اس کیفیت سے مصیبت میں مبتلا ہو تو اس نقش کو ہرن کی جھلی پر کالی روشنائی سے لکھے اور اس کے نیچے اپنا مختصر سا مقصد بھی لکھے اور اسے اپنے گلے میں باندھے اگر تعویذ نہ بھی باندھ سکتا ہو تو نقش کے اندر جو چار اسماء الحسنٰی لکھے ہیں انہیں روزانہ اپنے نام کے حروف ابجد کی تعداد میں پڑھ کر صبح نہار منہ پی لیا کرے اور رات کو سوتے وقت اپنے سینے پر دم کر کے سوئے اللہ کے حکم سے ناجائز بڑھی ہوئی شہوت کا خاتمہ ہوگا اور اتنی ہی شہوت ہوگی جتنی کہ ہونی چاہئے۔

یا حلیم	یا رب	یا رءوف	یا منان
یا منان	یا حلیم	یا رءوف	یا رب
یا رب	یا منان	یا رءوف	یا حلیم
یا حلیم	یا رب	یا رءوف	یا منان

قوت مردمی کو کھولنے کیلئے

بعض حالات میں ایسا ہوتا ہے کہ کوئی اپنا اس قسم کا جادو یا کوئی عمل کروا دیتا ہے جس سے وہ شخص مغلوب ہوتے ہوئے اپنی مردانہ قوت کھو بیٹھتا ہے اور حکیموں و ڈاکٹروں کی کوئی بھی دوا اپنا اثر نہیں دکھاتی ایسی صورت میں جس طرح بذریعہ اعمال ایسا کیا جاتا ہے بالکل اسی طریقے سے بذریعہ اعمال ان کو کھولا بھی جاتا ہے اور سو فیصدی نسخہ جات یہاں بیان ہونگے اگر کسی کو خواہش ہو تو وہ ان نسخہ جات کو آزما سکتا ہے۔ چینی کے بڑے سے پیالے پر گیارہ مرتبہ سورہ (انا انزلناہ) زعفران یا کالی سیاہی سے لکھے اور اسے گلاب کے عرق سے دھو کر صبح نہار منہ پئے اس عمل کو سات دنوں سے لے کر پندرہ دنوں تک کرے اللہ نے چاہا تو کھوئی ہوئی مردانہ قوت بحال ہوگی۔

عمل دوم

مٹی کی کنالی کے اندر سورہ بقرہ امن الرسول تک لکھے اور کسی پاک وصاف جگہ بیٹھ کر پانی کی بے حرمتی کئے بغیر بڑے سے طشت میں اس کنالی میں پانی بھر بھر کر نہائے اور بعد غسل کے اس پانی کو ایک مخصوص پودے میں پھینکتا جائے سات دن اس عمل کو کرے اور خود دیکھ لے کہ بس پودے کو پانی کیلئے منتخب کیا تھا وہ سوکھ کر کانٹا بن گیا ہے۔ پھر اسی طرح سورہ بقرہ کو امن الرسول تک زعفران سے لکھ کر چاندی میں بند کروا کر اپنے گلے میں باندھے۔

عمل چہارم

ایک عدد بازار سے کالے رنگ کی مرغی خریدے جو انڈے دیتی ہو اپنے گھر میں محفوظ مقام پر اس کو رکھا جائے اور ایک تیز دھار آلے پر ان اسماء کو کندہ کر لیا جائے جب

مرغی انڈہ دے تو اسے سورہ فاتحہ کے دم شدہ پانی میں ابالا جائے اور چھلکا اتار کر اس تیز دھار
آلے کی مدد سے بالکل برابر کاٹے ایک حصہ مرد کھائے دوسرے کو اپنی بیوی کو کھلائے اس
عمل کی مرد وعورت کی بند شہوت کھل جائیگی اور ان کی زندگی اچھی گذرے گی سفلی اعمال کے
زور پر ایسے اعمال بھی کئے جاتے ہیں جن سے میاں بیوی آپس میں ہم بستری نہیں کر سکتے
اس عمل سے سفلی علم کا خاتمہ ہوگا اور وہ بالکل ٹھیک ہونگے جس پانی میں انڈے کو ابالنا ہے
اس پر ایک وقت میں سورہ فاتحہ کو اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کیا جائے اور اس پانی کو آگ پر
رکھ کر اس پانی میں انڈے کو ابالا جائے۔

لکھنے والے اسماء

مما لا عععععع لا لا لا ۲ عا عا عا

نیک لڑکے سے شادی ہو

اس عمل کی بدولت اللہ رب العزت ایسا سبب بنائے گا جس سے اس عورت یا
لڑکی کے بند نصیب کھل جائیں اور اس کے بدلے میں جو دولہا ملے گا وہ نیک خصلت ہوگا
اس عمل میں خواہ کیسی ہی بڑی رکاوٹ کیوں نہ ہو اس کا سامنا نہیں کر سکے گی لیکن محنت ضرور
درکار ہوگی اسی طرح اگر اس عمل کو کنوارہ لڑکا کرے تو اسے نیک خصلت دلہن ملے گی اور اس
کے دل کی خواہش پوری ہوگی اب دونوں میں سے کوئی بھی اپنے مقصد کی نیت باندھ کر
(بسم اللہ الرحمن الرحیم یا نر کل شیء وھداہ انت
الذی خلقت الظلمات بنور) کو بعد نماز عشاء باوضو حالت میں پانچ ہزار
کی تعداد میں پڑھے اور اسی کو صندل کی لکڑی کی بنی ہوئی کنگھی پر لکھے، اور اس سے اپنے سر کو
روزانہ دن کے تین حصوں میں پھیرے اللہ کے حکم سے مقصد میں ضرور کامیابی ہوگی۔

افسران وحکمران کو زیر کرنا

اس عمل کی بدولت اگر کسی افسر یا حکمران سے کام ہوگا تو وہ کبھی بھی انکار نہیں
کر سکے گا اور عمل کرنے والے سے صلہ رحمی سے پیش آئیگا لیکن اس عمل میں سو فیصدی
کامیابی حاصل کرنے کیلئے اس پر عبور حاصل کرنا ہوگا جو محنت کے بغیر حاصل نہیں ہوگا عمل کا
آغاز نوچندی جمعرات سے کرنا ہوگا اور اس دن روزہ رکھنا ہوگا ایک، تین، پانچ، سات، نو یا
گیارہ کھجوروں سے سحری کرنی ہوگی اور اسی تعداد کے مطابق افطاری کرنی ہوگی۔ پھر بعد
نماز مغرب ایک سو ایک مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم تسبیح کے دانوں پر شمار کر کے پڑھے اور بعد
میں بسم اللہ شریف کو بلا حساب پڑھتا جائے یہاں تک کہ غنودگی غالب ہو اور نیند آجائے اسی
جگہ سونا ہوگا پھر فجر کی نماز پڑھے بعد نماز ایک سو ایک مرتبہ پھر بسم اللہ شریف پڑھے بعد
پڑھنے کے ایک پاک وصاف کاغذ پر زعفران سے۔ بسم اللہ شریف اسی تعداد کے مطابق لکھے
اور عود کی لکڑی جلا کر اس کی دھونی اس کاغذ کو دیکر لپیٹ کر اپنے مخصوص افسران کے نام لکھ کر
اپنے سیدھے بازو پر باندھ لے اللہ کے حکم سے زندگی میں وہ افسران کیسا سلوک کریں گے
اس کا مشاہدہ خود اپنی آنکھوں سے کرنا ہوگا اور عمل کو قابو میں رکھنے کیلئے ہر جمعرات کو پہلے
والے طریقے کے مطابق کیا جائے ترقی کے ساتھ حکمران وافسران زیر رہیں گے اور ہر
خواہش ضرورت وحاجت پوری کریں گے۔ انشاء اللہ

✱	بسم اللہ الرحمن الرحیم	✱
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	فلاں بن فلاں فلاں بن فلاں کے حق میں ہو	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
✱	بسم اللہ الرحمن الرحیم	✱

حاجت پوری ہو

اگر کسی سے کوئی حاجت ہو یا کسی ملازم پیشہ افراد کو روزانہ ہی اپنے افسران سے ڈانٹ یا ان کی ناجائز باتیں سننی پڑتی ہوں تو وہ اس عمل کو کرلیں اللہ کے حکم سے افسران سے لے کر دنیا کے جس بھی فرد سے جو کام بھی ہوگا وہ ضرور پورا کریگا اور کبھی انکار نہیں کریگا ایک عدد ایک تولہ سونے کے وزن کا چھوٹا سا پیالہ بنوائے پھر جس سے کوئی ضرورت ہو تو اس پر دو تین گھنٹے پہلے باوضو حالت میں سورہ فاتحہ مفردات میں اس طرح لکھے سیاہی مشک زعفران کافور اور گلاب کی ہو خشک ہونے پر گاؤزبان کے عرق سے دھو کر چند گھونٹ خود پی لے اور باقی اپنے چہرے پر مل کر جائے اسے دیکھتے ہی وہ زیر ہوگا اور مقصد پورا کریگا جس کیلئے اس عمل کو کیا ہوگا۔

(بسم اللہ الرحمن الرحیم ال ح م د ل ل ہ ر ب ا ل ع ل
م ی ن ال ر ح م ن ال ر ح ی م م ال ک ی و م ا
ل د ی ن ا ی ا ک ن ع ب د و ا ی ا ک ن س
ت ع ی ن اھ د ن اال ص ر اط ال م س ت ق ی م
ص ر اط ال ذ ی ن ان ع م ت ع ل ی ہ م غ ی ر
ال م غ ض و ب ع ل ی ھ م و ل اال ض ا ل ی ن)

حاجت کیلئے

اگر کسی سے کوئی ایسا ضروری کام پڑ جائے اور اس بات کا اندیشہ بھی ہو کہ کہیں وہ انکار نہ کردے تو اس کے پاس جانے سے پہلے پانچ کنکریاں چوراہے سے اٹھائے پہلی کنکری پر (ک) دوسری پر (ھ) تیسری پر (ی) چوتھی پر (ع) پانچویں پر (ص) ایک سو کی تعداد میں پڑھ کر دم کرے جیسے چاروں سمتیں ہیں انہیں اپنے چاروں طرف سے پھینک دے پانچویں کو اپنے مقصد کا تصور باندھ کر اس کا نام مع والدہ لے جس سے کام ہے پھر اس کے پاس جائے اللہ کے حکم سے اس کی زبان وعقل اس کا کام کرنے میں مائل ہونگی۔

افسران وحکماء کی زبان بند کرنا

اگر کسی ملازم پیشہ فرد کا افسر بہت بدزبان ہو اور کسی نہ کسی بات پر ڈانٹ ڈپٹ کرتا ہو تو اس کی اصلاح اور اس سے اپنی جائز بات کو منوانے اور اپنے حق میں اس کی عقل دماغ اور زبان بند کرنے کیلئے نوچندی جمعرات والے دن صبح سورج طلوع کے اس کو چھوٹے سے کاغذ پر زعفران سے لکھ کر نیچے اپنا نام مع والدہ لکھے اور جب کبھی ضرورت ہو تو اس کاغذ کے ٹکڑے کو اپنی زبان کے نیچے رکھ کر بات کیا کرے اللہ کے حکم سے جو بھی اس کی بات سنے گا وہ اس کو کسی بھی صورت انکار نہیں کریگا۔

(بسم اللہ الرحمن الرحیم یا غنی من القرآن)

افسران مہربان ہوں

اس مقصد کے تحت اگر اپنے افسران یا حکماء کو اپنے زیر کر کے ان کو اپنے حق میں کرنا ہو جس سے وہ ہر جائز بات مانیں اور انکار نہ کرسکیں تو ان الفاظ کو ہر مرتبہ کھلی تعداد میں جب بھی موقع ملے پڑھ کر اپنے مقصد کا تصور باندھ کر دم کر کے کھلایا کرے جو افسر بھی اس کو کھائے گا وہ کبھی بھی اس ملازم سے ناراض نہیں ہوگا اور حتیٰ الامکان اس کی مدد کرنے کی کوشش کریگا۔ (میت، سمیت، لیت، تیل، تیمس، تیم)

ہر کسی کو مہربان کرنا

اس عمل کو کوئی کسی بھی مقصد کی خاطر استعمال کرسکتا ہے جس کی بدولت ناممکن سے ناممکن کام فوراً بن جاتا ہے اور سو برسوں کی جدائی ایک جھٹکے میں دوست بناتی ہے اور اپنے افسران بالا کو اپنے اوپر مہربان کروانے کیلئے بھی اسی عمل کو کیا جائے افسران بالا وحکماء کسی بھی طور اس عمل کے اثر سے بچ نہیں سکتے خواہ کیسی ہی مہربانی کروانی ہو اس عمل کو اس

طرح کیا جائے کہ اس نقش کو روزانہ تازہ زعفران سے لکھے اور چراغ میں میٹھا تیل ڈال کر اس کے گھر کی طرف اس کا رخ کرے جسے مہربان کرنا ہو اور ایک عدد کوئلے کے ٹکڑے پر لوبان کو سلگائے اللہ کے حکم سے دشمن دوست بن جائیگا نفرتوں کا خاتمہ ہوگا اور کئی سالوں سے جدا رہے والے افراد گھل مل جائیں گے۔ انشاء اللہ

عم	٤	۱۵	۱۰	۵	ع
ع	۹	۶	۳	۱۶	عم
عم	۷	۶	۱۲	۲	ع
ع	۴	۱	۸	۱۱	عم

بحکم الٰہی یا جبرائیل عم یا دردائیل عم یا رفتمائیل عم

یا تنکفیل عم یا اجل یا بدوح فلان بن فلان حب

تمام مخلوق مسخر ہو

اگر کوئی اس نسخے کو روزانہ اپنے استعمال میں رکھے یا کسی خاص مقصد کی خاطر اس کا عمل کرے تو اللہ کے حکم سے کوئی بھی اس کے اثر وطاقت سے محفوظ نہیں ہو سکتا بلکہ اس کے اثر سے مغلوب ہوتے ہوئے اس فرد کی تسلی ضرور کروائے گا جو اس عمل کو کر رہا ہوگا۔ اس عمل کو حب کیلئے، بغض کیلئے، عداوت کیلئے، جدائی کیلئے، تمام مخلوق کو مسخر کرنے کیلئے، اور ہر اس ناممکن کام کو ممکن بنانے کیلئے مختلف تصور باندھ کر کیا جاسکتا ہے۔

بعد نماز فجر دو سو مرتبہ (هو الحی القیوم) بعد نماز ظہر (هو العلی العظیم) بعد نماز عصر (هو الرحمن الرحیم) بعد نماز مغرب (هو الغنی الحمید) بعد نماز عشاء (هو اللاطیف الخبیر)

عہدے سے معزول ہو

اگر کوئی حاکم یا افسر کسی ملازم کو پریشان کرتا ہو اور اسے طرح طرح سے اذیت دیتا ہو تو اس طلسم کو اس افسر کا نام مع والدہ لکھ کر نیچے اس کے اپنا مختصر سا مقصد لکھ کر آگ کے پاس دفن کردے تاکہ آگ کی گرمی اسے پہنچے اللہ کے حکم سے وہ افسر اس قابل ہی نہیں رہیگا کہ اس ملازم کا کوئی نقصان کرسکے بلکہ خود اپنے عہدے سے معزول ہو جائیگا۔

۱۱ ۱۰۶ ۱۱ ۱۱ ۵ ۹۹۹ ۹۶۷

افسران کا ڈر

اگر کسی کے دل میں افسران کا ڈر بیٹھ گیا ہو یا حقیقت میں افسران اس ملازم کو ڈراتے دھمکاتے ہوں تو ان کے دل میں رحم اور ان کی بے معنی ناراضگی کے خاتمے کیلئے اسے کثرت سے پڑھا کرے اور ہر سو مرتبہ پڑھنے کے بعد افسران کو جا کر سلام کیا کرے اللہ کے فضل سے وہ اپنی بری حرکات کو ترک کردیں گے اور کبھی ناراض نہیں ہونگے۔

(بسم الله الرحمن الرحيم اغثني امددني يا سيدنا محمد صلى الله عليه وآله وسلم)

عزت زیادہ ہو

اگر کوئی کسی کی عزت نہ کرتا ہو تو اس کو کثرت سے اس فرد کا تصور باندھ کر پڑھے جو زیادہ بے عزتی کرتا ہو یا اس کی قدر نہ جانتا ہو اور تمام مخلوق کو مسخر کرنے کیلئے اسے کھلا پڑھے اللہ کے فضل سے اسے جو کوئی بھی دیکھے گا وہ اس کے حق میں مسخر ہوگا جو کوئی بھی دیکھے گا وہ عزت سے پیش آئیگا گر پڑھنے کے ساتھ ساتھ انہی کلمات کو زعفران سے سفید کاغذ پر لکھ کر اپنے سیدھے بازو پر باندھ لے تو دوگنا زیادہ اثر ہوگا۔

(بسم الله الرحمن الرحيم تمت كلمت ربك الحسنى على بني اسرائيل)

ہر مقصد میں کامیابی

اس عمل کو ایسے افراد کریں جو انتہائی کسی مشکل میں گرفتار ہو گئے ہوں یا کسی کی کوئی عزت نہ کرتا ہو یا کوئی انسان دنیا میں اپنا مرتبہ اونچا کرنا چاہے یا کوئی بڑی سے بڑی مشکل ہو اللہ کے فضل سے اس عمل کی بدولت ہر وہ کام ممکن بن جائیگا جو پہلے ناممکن ہونے کی حیثیت رکھتا ہوگا یہ عمل نہایت ہی مجرب ہے اور کئی مرتبہ کا آزمودہ ہے۔اگر کوئی اسے صرف عشاء کی نماز کے بعد روزانہ چالیس دنوں تک سوالاکھ کی تعداد میں پڑھ لے تو اس کا عامل بن جائیگا پھر جس مقصد کی خاطر بھی سات مرتبہ پڑھ کر دم کریگا تو اسی وقت کام ہوگا۔ویسے ہر مقصد کیلئے جب تک مقصد پورا نہ ہو تو اسے روزانہ بعد نماز عشاء ایک سو ایک کی تعداد میں پڑھا جا سکتا ہے اور اپنے کام کی مکمل نیت باندھے اللہ کے حکم سے سات دنوں کے اندر کام ہوگا۔اس نقش کو اپنے اس مقصد کی خاطر زعفران سے سفید کاغذ پر لکھ کر بازو پر باندھے۔

(بسم الله الرحمن الرحيم بسم الله بابنا تبارک خيطاننا يس سقفنا كهيعص كفايتنا حمعسق حمايتنا فسيكفيكهم الله وهو السميع العليم)

ک	ه	ی	ع	ص	ح	م	ع	س	ق
ه	ی	ع	ص	ح	م	ع	س	ق	ک
ی	ع	ص	ح	م	ع	س	ق	ک	ه
ع	ص	ح	م	ع	س	ق	ک	ه	ی
ص	ح	م	ع	س	ق	ک	ه	ی	ع
ح	م	ع	س	ق	ک	ه	ی	ع	ص
م	ع	س	ق	ک	ه	ی	ع	ص	ح
ع	س	ق	ک	ه	ی	ع	ص	ح	م
س	ق	ک	ه	ی	ع	ص	ح	م	ع
ق	ک	ه	ی	ع	ص	ح	م	ع	س
ک	ه	ی	ع	ص	ح	م	ع	س	ق

گناہوں کی معافی

اگر کسی شخص سے کوئی ایسا گناہ سرزد ہو جائے جس سے اسے اس بات کا وہم ہو گیا ہو کہ اللہ اس کے گناہ کو معاف نہیں فرمائے گا یا اپنے گذرے ہوئے گناہوں کی بخشش کیلئے اللہ کی رحمت کو جوش دلوانے کیلئے اسے بعد نماز عشاء ایک سو ایک کی تعداد میں اول و آخر درود شریف پڑھا کرے اور اللہ رب العزت سے گڑگڑا کر دعا مانگا کرے اللہ کے فضل سے اس کے پڑھنے سے اللہ کی رحمت ضرور جوش مارے گی گناہ گار سے گناہ گار شخص کو ضرور اللہ اپنی کامل رحمت سے نوازے گا۔اگر ہو سکے تو اسے سفید کاغذ پر زعفران سے لکھ کر اپنے مصلے کی جگہ پر رکھ کر اسے پڑھا کرے بہت ہی مجرب اور آزمودہ عمل مبارک ہے۔شاید اللہ کو یہی ادا پسند آجائے اور اللہ اپنی مغفرت فرمادے انشاء اللہ

(بسم الله الرحمن الرحيم استغفر الله العظيم الذی لا اله الا هو الحی القيوم غفار الذنوب ذالجلال والاكرام واتوب اليه من جميع المعاصی كلها والذنوب والاثام ومن كل ذنب اذنبته عمدا او خطاء ظاهرا او باطنا قولا و فعلا فی جميع حركاتی وسكناتی وخطراتی وانفاسی كلها دائما ابدا سرمدا من الذنب الذی اعلم ومن الذنب لا اعلم عدد ما احاط به العلم واحصاه الكتاب وخطه القلم وعددا ما اوجدته القدرة وخصصته الارادة ومداد كلمات الله كما ينبغی لجلال وجه ربنا وجماله وكماله وكما يحب ربنا ويرضی)

بحالی ملازمت

اگر کوئی فرد اپنی نوکری سے نکالا گیا ہو یا ایسا کوئی چاہتا ہو تو اس کو روزانہ اپنے کام کا مکمل تصور باندھ کر ایک سو ایک تعداد میں پڑھے اللہ کے فضل سے جو افراد اس کو نوکری سے نکال چکے ہوں گے یا جو افراد ایسا چاہتے ہونگے ان کی امید کبھی پوری نہیں ہوگی اور وہ خود اس نکالے ہوئے شخص کو منا کر پھر واپس اسی جگہ لے جائینگے جہاں سے نکالا ہوگا اس عمل میں یہ ضروری نہیں ہے کہ اس کو نوکری کی خاطر ہی کیا جائے بلکہ کسی کے ساتھ بھی کوئی نا انصافی ہوئی ہو اور کوئی سچی بات کو بھی نہ سنتا ہو تو اس کا تصور باندھ کر اسی تعداد میں پڑھے اللہ کے فضل سے وہ خود آ کر منائے گا انشاء اللہ

(بسم اللہ الرحمن الرحیم اللھم انت المجید
ذو الشرف الواسع الجلیل المفیض علی العباد بالمجد
والعطا یا المتذائد قارنت شرف ذاتک لحسن فعلک
وفضلک الجمیل فی ودک بمقام الاسلام وقد
مجدک کل طود من الملاعلی اسئلک بشرف
مجدک یا ماجد علی اھل الماجد بعلو جلالہ یا ماجد
علی اھل المجد باوحدیۃ کلامک القدیم الواجب
الواحد اسئلک ان تلاحظنی بشرف مجدک
الجلیل وتدیم علی احسانک بفعلک الجمیل
واجعلنی بحسن الطاعۃ والاقبال مجیدا ومع احبابک
مشھودا وباولیائک ورسلک شھیدا وبتحقیق وردا
نیتک وحیدا یا اللہ یا مجید اسئلک ان تسخرلی
خادم ھذا الاسم عبدک رطیعذئیل انک علی کل
شیء قدیر)

مرتبہ حاصل کرنا

اگر کوئی شخص اپنا کھویا ہوا مرتبہ حاصل کرنا چاہے جس سے اسے کسی بھی طرح برخاست کر دیا ہو تو اللہ کے فضل وکرم سے اس عمل کی بدولت وہ افراد خود چل کر آئینگے اور شخص کو خود اپنے ہاتھوں اس کام پر لگائیں گے جس سے اسے نکالا ہوگا اگر کوئی شخص اسے پڑھ نہ سکے یا اس عمل کو کر سکے تو ان کلمات کو زعفران سے لکھ کر اپنے گلے یا بازو پر باندھے اس سے عمل سست ہو جائیگا لیکن اثر کریگا صحیح اور سو فیصدی اثرات کیلئے پرہیز جلالی و جمالی کرے اور روزانہ اپنے مقصد کے حصول تک ایک مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھ کر اسے پانچ ہزار کی تعداد میں پڑھے اور اپنے کام کی مکمل نیت باندھے پھر جیسے اوپر لکھا ہے بالکل ویسے ہی ہوگا۔ اس عمل کا پہلے اور بعد میں کسی سے بھی ذکر نہ کرے۔

(یا اللہ یا کبیر انت الذی لا تھدی العقول لعظمتہ)

مقدمات میں سو فیصدی کامیابی وفتح

اگر کوئی ناجائز قید ہو گیا ہو اور مخالف افراد سخت سے سخت سزا دلوانا چاہتے ہوں تو اللہ رب العزت پر مکمل یقین رکھتے ہوئے اسے کھلی تعداد میں بلا کسی قید کے اپنے مقصد کا تصور باندھ کر پڑھے لیکن پڑھائی کے دوران باوضو حالت میں رہنا لازمی ہے چلتے پھرتے اٹھتے بیٹھتے اسی کا ورد کیا جائے اگر کوئی اسے نہ پڑھ سکے یا قرآن پاک ہی نہ پڑھا ہو تو کوئی پرہیزگار نمازی آدمی اسے زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے اور اس قیدی کے سیدھے بازو پر باندھے تب بھی یہی اثرات رونما ہونگے۔

(بسم اللہ الرحمن الرحیم لا الہ الا اللہ الحکیم الکریم
سبحان اللہ رب العرش العظیم سبحان اللہ رب

السموات السبع ورب العرش العظیم اللهم انی اسئلک
موجبات رحمتک وعزائم مغفرتک و الغنیمة من کل
برد السلامة من کل اثم لاتدع لی ذنبا الا غفرته ولا هما
الا فرجته لا حاجة لی من حوائج الدنیا و الاخرة الا
قضیتها یا ارحم الراحمین)

دوم

جس دن پیشی ہو اور حاکم کے دل میں اپنا رحم ڈالنا ہو تو اسے اپنے سیدھے ہاتھ کے انگوٹھے پر کالی سیاہی سے کسی نمازی پرہیز گار آدمی سے لکھوائے اود دوسری مرتبہ اسی کو زعفران سے سفید کاغذ پر لکھ کر موم میں لپیٹ کر اپنی زبان کے نیچے رکھ کر اس حاکم سے بات کرے اللہ کے حکم سے وہ جتنی جلدی ہوگا اس کی قید سے رہائی کا سامان کریگا۔

(سلما ترنی به درج العلی)

سوم

اس عمل کو کسی قیدی کی رہائی کے واسطے اس کا کوئی عزیز یا رشتہ دار کر سکتا ہے اللہ کے حکم سے قیدی کو اگر سزائے موت بھی ہوئی ہوگی تو اس فیصلے کا خاتمہ ہوگا اور ضرور اس کے ساتھ رعایت برتی جائیگی۔ عمل پڑھنے کی جگہ نہایت پاک وصاف ہو اور کسی دوسرے انسان کا اس میں سے ہرگز گزر نہ ہو بالکل علیحدہ مقام پر اس عمل کو کیا جائے پڑھنے والے الفاظ کو نہایت ہی خوبصورت آواز کے ساتھ آہستہ آہستہ گیارہ مرتبہ پڑھے پھر جس طرح آگے لکھا ہے ایسے ہی کرے اس عمل کے پڑھنے والے الفاظ کو پہلے سے زبانی حفظ کرے تاکہ پڑھنے میں کوئی دقت پیش نہ آئے۔

(بسم الله الرحمن الرحیم اللهم الیک قصدت
وبیابک وقفت والی جنابک التجات ولک سالت
وبمحمد صلی الله علیه وآله وسلم الیک توسلت
وباولیائک واصفیائک قد استشفعت فاقض اللهم
حجتی ونفیس کربتی) یہاں اپنی حاجت کو کامل تصور باندھ کر اس قیدی کا نام لیا جائے جس کیلئے اس عمل کو کیا جارہا ہے یا اگر قیدی اس عمل کو خود کر رہا ہو تو صرف اپنے تصور کو مکمل باندھ کر انہیں گیارہ مرتبہ نہایت عاجزی کے ساتھ پڑھے پھر اس کے بعد دو رکعت نماز نفل اپنے مقصد کیلئے ادا کی جائے پہلی رکعت میں بعد فاتحہ کے قل یاایھا الکفرون اور قل ھو اللہ احد پھر دوسری رکعت میں قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس پڑھے نماز کے آخر میں سجدے میں سر رکھ کر ان کلمات کو گیارہ مرتبہ پڑھے (بسم الله
الرحمن الرحیم وایوب اذ نادیٰ ربه انی مسنی
الضر وانت ارحم الراحمین فاستجبناله ذ کشفنا ما به
من ضر و اتیناه اهله ومثلهم معهم رحمة من عند نار
ذکری للعبدین) پھر سجدے سے سر اٹھا کر پوری التحیات وغیرہ پڑھکر سلام پھیرے اور قبلہ رخ وہیں مصلے پر بیٹھ کر اس دعا کو چالیس مرتبہ اپنے کام کا مکمل تصور باندھ کر پڑھے (بسم الله الرحمن الرحیم اللهم علمک اغنانی
عن السوال الهیٰ ان العرب والعجم اذ استجار ربها
مستجیر اجاروه انت اله العرب والعجم وقد
استجرت بک فاجرنی ولا تردنی خائبا واطت منک
الاجابه فاجبنی واقض حاجتی واعطنی امنیتی وما
اطلبه برحمتک یا ارحم الراحمین) اس تمام عمل کے بعد اللہ سے جو چاہے سو پائے انشاء اللہ تعالیٰ

بزرگان کا عمل مجرب

اس عمل کی بدولت بڑے سے بڑے کام ہوتے ہیں مثلاً اگر کوئی کسی قید میں ہو اور اس کا پتہ نہ ہو تو اس عمل کو کیا جائے اللہ کے حکم سے جہاں بھی ہوگا وہاں اس کیلئے اس عمل کی بدولت کوئی ایسی سبیل ضرور بن جائیگی کہ اگر زندہ ہوا تو واپس ضرور آئیگا اگر کوئی بہت زبردست قسم کی مشکل یا مصیبت میں گرفتار ہوگیا ہو تو بھی اسی عمل کو کیا جائے اللہ کے حکم سے اس دکھ و مصیبت سے رہا ہوگا انشاء اللہ یہ خاص الخاص بزرگان دین سے منقول ہے اور سو فیصدی مجرب ہے اپنے کسی بھی کام کی کامل نیت سے ایک من میدہ، ایک من گیہوں، ایک من گوشت بغیر ہڈی، کے اور ایک من دہی ان سب کو آپس میں ملا کر نمازی پرہیزگار آدمی پکائیں اور عورت ذات سے اس عمل کو نہ کروایا جائے پکانے کے بعد دو رکعت نماز نفل اپنے کام کی نیت کر کے پہلی رکعت میں بعد فاتحہ کے قل ھو اللہ احد اکتالیس مرتبہ پڑھے اور کام کا تصور مکمل باندھے پھر دوسری رکعت بھی اسی طرح پڑھے سب سے آخر میں ان بزرگان دین کے نام لئے جائیں اور ان سے دعا کی حاجت طلب کی جائے تا کہ یہ سب اللہ کے حضور اس کام کے ہونے کی دعا کریں حضرت غوث الاعظم دستگیرؒ، حضرت داتا گنج بخشؒ، حضرت عثمان ہرونیؒ حضرت معین الدینؒ، حضرت قطب الدین بختیار کاکیؒ، حضرت بابا فرید الدین گنج شکرؒ، حضرت علی احمدؒ، حضرت نظام الدین اولیاء، پھر اس اکتالیس مرتبہ (اللھم صل علی محمد وعلی آل محمد) پڑھے پھر گیارہ مرتبہ سورہ فاتحہ، گیارہ مرتبہ سورہ الم نشرح، گیارہ مرتبہ آیت الکرسی، اور گیارہ مرتبہ قل ھو اللہ احد پڑھ کر ان سب بزرگان دین کی ارواح کو بخشے اللہ کے حکم سے اگر کوئی قید میں ہوگا تو چند دنوں کے اندر ایسے رہا ہوگا جیسے مکھن میں سے بال نکالنا اس کے علاوہ دنیاوی کسی بھی کام کو کرنے کیلئے اس عمل کو کیا جائے۔ اس عمل کو کرنے والا دنیا کے کسی بھی میدان میں نہیں ہارتا انشاء اللہ

زیادتی رزق اور مالدار بننے کیلئے

اگر کوئی زیادہ سے زیادہ اپنے کاروبار کو چلانا چاہے اور اس میں برکت و رحمت کی نیت سے اس عمل کو کرے تو خدا اسے کہاں کہاں سے روزی دیگا اس بات کا ابھی گمان نہیں ہوگا بہت مرتبہ کا آزمایا ہوا عمل ہے اس عمل کو نوچندی جمعرات کے روز سے شروع کرے اور صبح سورج طلوع کے سورج کی طرف منہ کر کے اسے پانچ سو مرتبہ پڑھے یہ ضروری نہیں کہ سورج کی طرف آنکھیں اٹھا کر اسے دیکھنا ہے بلکہ اپنے منہ کو سر جھکا کر اسے پڑھے اور تصور میں اس بات کو رکھے کہ میں روزہ رسول ﷺ کی زیارت کر رہا ہوں اللہ کے فضل سے غیب سے رزق کے وسیلے بنیں گے انشاء اللہ

(بسم اللہ الرحمن الرحیم اغثنا یا رسول الثقلین انت حق منیب اللہ)

ختم گیارہویں شریف

اس طریقے سے جو کوئی بھی چلتا رہیگا وہ اللہ کے حکم سے کسی بھی دینی و دنیاوی مصیبت میں مبتلا نہیں ہوگا کاروبار زیادہ سے زیادہ چلے گا اور اس میں برکت ہوگی گھریلو جھگڑے ختم ہونگے اور برسوں کی کدورتیں محبت میں بدل جائینگی اس عمل کو بھی دنیاوی کسی بھی کام میں رکاوٹ دور کرنے کیلئے کیا جاسکتا ہے اللہ کے حکم سے حضرت غوث الاعظم دستگیرؒ اس عمل کو کرنے والے کی پشت پناہی کرتے ہیں اور اپنی دعاؤں میں اس کو ضرور یاد رکھتے ہیں جو اس عمل کو کرتا ہے۔ اپنی حیثیت کو بروئے کار لاتے ہوئے اپنی استعداد کے مطابق اس عمل کو کیا جائے تا کہ کھانے کیلئے کچھ بھی نہ ہو اور عمل کو شروع کیا جائے خواہ ایک آنہ بھی ہو تو اس عمل کو کر کے اس کی آزمائش کر لے کہ کیا سے کیا ہو جائیگا پاک و صاف کمرے میں ایک چھوٹی سی چوکی اور اس پر سفید رنگ کی چادر بچھائے اس پر گیارہ عدد

پیالے مٹی کے، تانبے، یا چاندی کے بنوا کر رکھے یہاں اپنی حیثیت کو دیکھے پھر
کھیر، فرنی، زردہ، یا گڑ والے چاول پکا کر ان پیالوں کو بھرے اگربتی ضرور جلائے اور قبلہ
سے تھوڑا سے سیدھے ہاتھ اپنا منہ کر کے ان اشیاء کو اپنے سامنے رکھ کر اس بات کا مکمل تصور
باندھے کہ میں ان اشیاء کو حضور سیدنا غوث الاعظم دستگیرؒ کی نذر کر رہا ہو اور اللہ میرے اس
مقصد کو کامیاب فرمائے آمین پھر اسے پڑھنا شروع کرے اور پڑھنے کی تعداد گیارہ رکھے
(بروح یات قطب العالمین سلطان المخلوقین
غوث اعظم محی الدین ولی محی الدین
بادشاہ محی الدین مخدوم محی الدین مولنا
محی الدین خواجہ محی الدین سلطان
محی الدین درویش محی الدین فقیر محی
الدین غریب محی الدین) اس کے بعد گیارہ مرتبہ بسم اللہ شریف
کے ساتھ سورہ فاتحہ اور اس کے ساتھ ہی گیارہ مرتبہ قل ھو اللہ احد مکمل پڑھے اور اس درود
شریف کو اس کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھے (بسم اللہ الرحمن الرحیم
اللھم صل علی سیدنا محمد وعلی آل سیدنا محمد
معدن الجود والکرم منبع العلم والحلم والحکم
وبارک وسلم) اس تمام عمل کو کر لینے کے بعد ان اشیاء کو جب بچوں میں تقسیم
کرے تو انہیں مسلسل پڑھتا جائے اور اپنی کسی بھی ضرورت کا مکمل تصور ضرور
باندھے (الغیاث یا غوث الاعظم الغیاث الغیاث یا غوث
الثقلین الغیاث الغیاث یا شیخ محی الدین الغیاث
الغیاث یا سید عبد القادر الغیاث) ہر گیارہویں کو اس عمل کو کرے۔

مالا مال بننا

اگر کوئی رزق و روزی کے معاملے میں بہت پریشان رہتا ہو یا اس کو کوئی بھی
ذریعہ معاش نہ ہو تو اس عمل کو نہایت ادب واحترام کے ساتھ کرے اللہ تعالیٰ ضرور اپنی پاک
کلام کے صدقے میں نجات دلوائے گا۔ مغرب یا عشاء کی نماز کے بعد بسم اللہ سمیت ایک
مرتبہ سورہ فاتحہ، تین مرتبہ سورہ الم نشرح، سورہ انا انزلنا اکتالیس مرتبہ اور سورہ واقعہ ایک
مرتبہ پڑھ لیا کرے اس عمل کو مکمل پابندی کے ساتھ چالیس دن ضرور کرے۔

زیادتی مال ودولت

بعد نماز فجر روزانہ اکتالیس دن درود مستغاث کو ایک مرتبہ پڑھنے کا معمول
بنالے پڑھنے کے دوران سورج طلوع نہ ہو بلکہ سورج طلوع ہونے سے پہلے پڑھ لیا جائے
پھر اللہ سے اپنے وسیع رزق کی دعا مانگے مجرب عمل ہے۔

رزق زیادہ ہو

اگر کوئی باوضو حالت میں لوبان کو سلگا کر ایک سفید کاغذ پر بسم اللہ شریف کی
(ب) کو اکیس مرتبہ لکھے اور اسے خوشبو سے معطر کر کے اپنے روپے رکھنے والی جگہ پر رکھے تو
اس میں روز بروز اضافہ ہوگا۔

روپے بڑھتے جائیں

اس عمل کی بدولت روپے اپنی جگہ پر رہتے ہیں اور ضرورت بھی پوری ہو جاتی ہے
عروج ماہ میں دن جمعرات سورج نکلتے ہی ایک ہزار مرتبہ سورہ والضحیٰ مع بسم اللہ شریف اور
اس دعا کو آخر میں ایک مرتبہ پڑھے (بسم اللہ الرحمن الرحیم اللھم
یسر علی الیسر الذی یسرتہ علی کثیر من

عبادک واغننی بفضلک عمن سواک) اسی طرح بعد نماز
مغرب پڑھے اور اسی سورہ کو سفید کاغذ پر زعفران سے لکھ کر ایک پاک کپڑے کی تھیلی بنوائے
اور اس میں چالیس روپے خود اپنے رکھ دے پھر جب کوئی ضرورت ہو تو انہی روپوں میں
سے خرچ کرتا رہے اور سورہ کو مسلسل پڑھتا رہے اللہ کے حکم سے جو اپنے روپے رکھے ہونگے
یہ کبھی بھی خالی نہیں ہونگے۔ انشاء اللہ

عمل عجیب

سات عدد جو کے دانے لے کر ان پر سو سو مرتبہ (یا فتاح یا رزاق) پڑھ کر ان
دانوں کو اپنے روپے خرچ کرنے والی جگہ میں پھینک دے پھر چاہے جتنا بھی خرچ کرے یہ
کم نہیں ہوگے بلکہ جتنے اس میں سے خرچ ہونگے اس سے کہیں زیادہ واپس آجائینگے۔

رزق فراخ ہو

بڑی عید کو قربان ہوئے بکرے کے سیدھے ہاتھ کی دستی کو خشک کر کے اس پر کالی
سیاہی سے لکھے اور اسے اپنے غلہ یا روپے رکھنے والی جگہ پر رکھ دے مال و دولت زیادہ ہوگا
اور رزق وسیع ہوگا۔ (بسم اللہ الرحمن الرحیم تبارک اللہ
رب العلمین فتبارک اللہ احسن الخالقین
تبارک الذی نزل الفرقان علی عبدہ تبارک
الذی جعل فی السماء بروجا تبرک الذی بیدہ
الملک وھو علی کل شیء قدیر تملیخ تملاھا ھا
تملیخ لخلیلی لم یتوفش انطوس طیطونس و کلبھم
قطمیر)

کھانا اور رزق زیادہ ہو

اس عمل کو ایسے افراد کریں جو بہت زیادہ مفلس ہوں کیونکہ اس عمل کی بدولت کھانا
روز بروز بڑھتا ہے اور اس میں برکت ہوتی ہے اس لئے اگر کوئی اسے نمک پر چالیس مرتبہ
دم کر کے کسی علیحدہ جگہ رکھ لے اور اس میں سے تھوڑا تھوڑا نکال کر کھانے میں ڈالے تو کھانا
زیادہ ہوگا اور اگر بند کاروبار کو کھولنے کیلئے یا اس میں زیادتی برکت کیلئے اسی کو چینی پر چالیس
مرتبہ دم کر کے اس سے کوئی میٹھی شے پکوا کر غریبوں یا بچوں میں تقسیم کی جائے تو اس کی
بدولت رزق زیادہ فراخ ہوگا۔ انشاء اللہ

(بسم اللہ الرحمن الرحیم لا الہ الا اللہ الغنی الھادی
الرازق لا الہ الا اللہ الکریم الواسع الوھاب ذی الطول لا
الہ الا اللہ ھو الجواد المتفضل و صلی اللہ علی سیدنا
محمد و آلہ و صحبہ وسلم تسلیما)

عمل شجر زر

یعنی سونے کا درخت اس عمل کا نام ہے جس کی بدولت بڑی سے بڑی حاجت
حل ہو جاتی ہے اور روحانی مخفی مخلوق اس کام میں مدد دیتی ہے جو ناممکن بن چکا ہو اس کی
بدولت زیادہ سے زیادہ دولت حاصل ہوتی ہے اور اتنی دولت ہو جاتی ہے جو انسان سوچ بھی
نہیں سکتا لیکن نیک نیتی ہر حال میں رکھنی ہوگی ورنہ یہ عمل بھی کامیاب نہیں ہوگا اور نقصان
ہو جائیگا اس لئے بہت سوچ سمجھ کر اس عمل کو کرے عمل کی مدت کل چالیس یوم پر محیط ہے
جس میں سختی سے پرہیز جلالی و جمالی کرنی ہوگی ایک عدد تانبے کا چراغ کسی بھی نیک ساعت
میں بنوایا جائے پھر اس پر قلعی کروائے اور کسی بھی نیک ساعت میں عروج ماہ دن جمعرات

اس نقش کو اتنا بڑا ہی لکھے جتنا بنا ہوا ہے تعویذ چالیس دنوں تک روزانہ ایک عدد لکھا جائے اور ان کی روزانہ چار بتیاں بنائے اور رات کو نیک ساعت کسی علیحدہ مکان کے اندر اس چراغ میں گھی اور شہد ملا کر ڈالے اور ان چاروں بتیوں میں سے ایک ایک کر کے اس میں جلائے جب تک بتیاں جلتی رہیں تب تک ان اسماء کو پڑھتا جائے (اجب یا غقصدیل بحق یا غنی یا قیوم یا صمد یا دائم) کم از کم ایک ہزار ایک سو چار اسی کی تعداد اور زیادہ سے زیادہ جب تک اگلی بتی نہ جلائی جائے جب چالیس دن گذر جائیں تو پھر اسی نقش کو مع موکلات کے نام جیسے لکھے ہیں شمس یا مشتری کی ساعت میں سورج نکلنے کے بعد عروج ماہ میں نہا دھو کر وضو کر کے اس تانبے کے چراغ پر وہی نقش جو نیچے لکھا ہوا ہے اور کاغذ پر جس کی بتی بنائے جانے کو لکھا ہے کندہ کرے یہ نقش عدد اور نام موکل اور اسمائے پاک خود کندہ کرے جب اس کی بدولت مقصد حاصل کرنا ہو تو اسی چراغ میں گھی اور شہد ڈال کر ملائے اور اسی طرح چار نقش کاغذ پر نیک ساعت میں بارہ عدد لکھے ہوئے تین رات آخر مہینے کی بیس اکیس کو روشن کرے اور جب تک یہ بتیاں جلتی رہیں تب تک ان اسماء کو پڑھتا جائے (یا کلکائیل یا جیوش بحق یا علو وائیل اجیبوا دعائی یا عزیز یا ملیک) جب ختم کرے گا تو اس وقت ایک موکل آئیگا اور پوچھے گا کہ کیا چاہئے اس وقت روپے پیسے سے لے کر دنیاوی جس مرضی شے کو مانگ لے وہ اقرار کریگا لیکن اس کے جانے سے پہلے دوبارہ اس سے اس کے آنے کا طریقہ پوچھے وہ بتائے گا پھر جب ضرورت ہوگی تو اسی طرح کرے وہ دوبارہ آئیگا لیکن نیک اور جائز خواہشات طلب کرے ورنہ وہ نقصان پہنچائیگا۔ دوران عمل ڈرنا نہیں ہوگا کیونکہ اس موکل کا خوف کھانے سے جو ڈر پیدا ہوگا اسے یاد رکھے کہ دنیا میں اس کا کوئی بھی علاج نہیں ہوتا اور ساری زندگی پھر دیوانگی کی حالت میں گذرتی ہے۔

یاغنی اجب یاغقصدیل بحق یاغنی یاقیوم یادائم

۳۰۱	۲۹۸	۲۹۱	۳۰۴
۲۹۲	۳۰۳	۳۰۲	۲۹۷
۳۰۶	۲۹۳	۲۹۶	۲۹۹
۲۹۵	۲۰۰	۳۰۵	۲۹۴

یاغنی اجب یاغقصدیل بحق یاغنی یاقیوم یادائم

روپیہ کبھی کم نہ ہو

اس عمل کی بدولت فتوح و برکات وسیع اور کاروبار زیادہ وسیع ہونے کے ساتھ روپیہ کبھی بھی کم نہیں ہوتا بلکہ زیادہ سے زیادہ بڑھتا رہتا ہے ایک عدد دس روپے کا سو روپے کا پانچ سو روپے کا یا ایک ہزار کے نوٹ پر اس عمل کو اس طرح کرے کہ جمعہ کی رات کو آدھی رات گذرنے کے بعد وضو کر کے دو رکعت نماز تحیۃ الوضو پڑھے پھر دو رکعت نماز صلوۃ الحاجت کی پڑھے ہر رکعت میں بعد الحمد شریف کے آیت الکرسی پوری ایک مرتبہ پڑھے اور سورہ قل ھو اللہ احد گیارہ مرتبہ بعد سلام درود شریف ایک مرتبہ اور پھر سورہ الحمد شریف اور آیت الکرسی ایک ایک مرتبہ اور سورہ قل ھو اللہ احد گیارہ مرتبہ اور پھر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھے اور حضرت غوث الاعظم دستگیرؒ کی روح پاک کو ثواب و نذر کرے پھر الغنی والا اسم ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر اس روپے پر دم کرے اور ہمیشہ جمعہ کی رات کو ایک سو ایک مرتبہ یہ الغنی والا عمل پڑھتا رہے اور اس روپے کو بہت ہی پاک و صاف مقام پر رکھے اور کسی بھی عورت کو ہاتھ نہ لگانے دے اللہ کے فضل سے روپے کبھی کم نہیں ہونگے اور زیادہ سے زیادہ بڑھنے کے اسباب پیدا ہونگے۔ اس عمل کو اگر کسی کو آزمائش کرنی ہو تو وہ آزمائش بھی کر سکتا ہے۔

(بسم الله الرحمن الرحیم الله کافی قصدة الکافی ووجدة الکافی لکل کافی کفانی الکافی ونعم الکافی ولله الحمد یا حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی شیئا لله یا شیخان یا سیدان یا اغثنی یا اغثنی یا اغثنی فی سبیل الله)

امتحان میں کامیابی

اگر کوئی بھی اس نقش کو سفید کاغذ پر زعفران سے لکھ کر اپنے سیدھے بازو پر باندھے گا تو اس کے امتحان بہت اچھے ہونگے اور حاکم مہربان رہیں گے لیکن اس کا ناجائز استعمال نہ کیا جائے ورنہ گناہ ہوگا۔

بسم الله الرحمن الرحیم

الله جل جلاله	محمد رسول الله	ابوبکر صدیق	عمر فاروق	عثمان ذی النور
علی المرتضیٰ	فاطمہ الزہرا	خدیجۃ الکبریٰ	عائشہ صدیقہ	حسن الرضا
حسین شہید	حسن وعباس	سعدوسعید	الحمہ والزبیر	واباعبیدہ

وبحق لا اله الا الله محمد رسول الله

دولت وگھر محفوظ

اس نقش کو بڑے سے سفید کاغذ پر زعفران سے لکھ کر دیوار بنوانے سے پہلے اندر لگوادے اللہ کے حکم سے اس گھر میں اگر چور داخل ہونگے تو ان کی آنکھوں کا نور ختم ہوگا اور گھر ہر قسم کی آفات سے محفوظ ہوگا۔ انشاءاللہ

دشمن دوست بنے

اگر دو خاندان ایک دوسرے کے خون کے پیاسے بن جائیں اور ان کو آپس میں دوستی پر قائم کرنا ہو تو اسے (بسم الله الرحمن الرحیم تعززت برب العزة والجبروت وتوکلت علی الحی الذی لا یموت شاعت الوجوه وعمیت الابصار وتوکلت علی الله الواحد القهار ولا حول ولا قوة الا بالله العلی العظیم) بے انتہا مرتبہ پڑھے اور کوئی بھی میٹھی شے پکا کر ان دونوں خاندان والوں کو کھلادے لیکن اس تمام عمل میں کامل تصور شرط اول ہے اللہ کے حکم سے ایک دوسرے سے خود محبت کرنے پر مجبور ہو جائیں گے۔ اسی عمل کی بدولت دشمن مغلوب ہوتے ہیں اور ظالم سے ظالم فرد کو نرم کیا جاسکتا ہے پڑھنا یہی ہوگا جو اوپر بتایا ہے لیکن تصور ہر مرتبہ علیحدہ رکھنا ہوگا۔

دشمن کو غلام بنانا

اگر کسی سرکش دشمن کو اپنا غلام بنانا ہو جس سے وہ دشمنی کو ترک کرتے ہوئے اس فرد کی غلامی اختیار کرلے تو نادعلی کو اس دشمن کا کامل تصور باندھ کر ننگے سر اکتالیس مرتبہ پڑھے اور اس کا تصور باندھ کر دم کردے اس عمل کو تا حصول مقصد جاری رکھے دشمن غلامی اختیار کرنے میں مجبور ہو جائے گا

مخالف کو پست کرنا

اس عمل کو ایسے افراد کریں جن کے کئی دشمن ہوں یا ایک ہی دشمن سو پر بھاری ہو اللہ کے حکم سے دشمن مغلوب ہوگا اور اس فرد سے ہر قسم کی دشمنی ترک کریگا۔ کامل تصور باندھتے ہوئے اسے (یا حافظ کر پست دشمن کے تئیں۔ تا نہوں رہزن مری راہ میں) پڑھتے پڑھتے پھرتے پڑھیں دشمن سرنگوں ہوگے اور پست ہو جائیگے۔

نظر سے پوشیدگی

اس عمل کی بدولت دشمن یا کسی کی بھی نگاہ سے غائب ہوا جا سکے گا۔ لیکن اس عمل کو بار بار کر کے اس میں مہارت حاصل کی جائے پھر اس کا مکمل اثر ظاہر ہوگا۔ اس لئے اکیس یا اکتالیس دنوں کا چلہ کرے اور جس طرح عمل لکھا ہے ایسے ہی کرتا جائے شروع اور آخر میں کسی میٹھی شے کو غریبوں میں تقسیم کر دے۔ کہیں سے پاک ریت لا کر اسے گولائی میں اتنا بڑا بنا لے جس پر با آسانی بیٹھا جا سکے پھر بعد بسم اللہ شریف کے اس آیت کو پڑھے (وجعلنا من بین ایدیھم سدا و من خلفھم سدا فاغشینا ھم فھم لا یبصرون) اس کے بعد اگر کسی مخصوص فرد کی نظر سے غائب ہونا ہے یا کئی افراد ہیں تو ان سب کا تصور باندھ کر کہے (شاھت الوجوہ) اے موکلو پکڑ لو آنکھیں اور بینائی ان کی کو اور داخل کر وان کو اندھیروں کے بیچ میں یہاں تک کہ مجھے دیکھ نہ پائیں (صم بکم عمی فھم لا یبصرون) اس کے بعد خاموش رہے اور تصور ان افراد کا باندھ کر جو کچھ پہلے پڑھا ہے اس پر غور کرے اس کیفیت میں پانچ منٹ گذارے پھر آخر میں اس دعا کو پڑھے (اللھم انی اسئلک یا خفی نبا للطف الخفی باللطف الخفی

فان من اخفیتہ بخفی لطفک فقد خفی) پھر اس نقش کو صبح سورج نکلنے کے بعد کالی سیاہی سے سبز کپڑے پر لکھے اور جس کی نظروں سے غائب ہونا ہے ان کے نام بھی لکھے اور اسے سیدھے بازو پر باندھ لے اللہ کے حکم سے عمل پر عبور حاصل کرنے کے بعد جب بھی ان افراد کے سامنے جائیگا وہ اسے نہیں دیکھ سکیں گے۔ انشاءاللہ

وشاعت	الوجوه
الوجوه	وشاعت
الوجوه	وشاعت
وشاعت	الوجوه

سفر میں خیریت

اگر کوئی سفر پر جانے کا ارادہ رکھتا ہو اور اسے کسی بھی ڈر یا نقصان کا اندیشہ بھی ہو تو اس نقش کو بعد سورج طلوع کے سفید کاغذ پر زعفران سے لکھے اور اپنا نام مع والدہ لکھ کر اپنے گلے یا اپنے سیدھے بازو پر باندھ لے اللہ کے حکم سے جس طرح خیر خیریت سے سفر پر جائے گا بالکل اسی طرح خیر خیریت سے واپس آئیگا انشاءاللہ

بسم الله	علی	ملة	رسول الله
رسول الله	بسم الله	ملة	علی
علی	رسول الله	ملة	بسم الله
بسم الله	علی	ملة	رسول الله

زہر کا اثر باطل

اگر کسی نے کوئی زہریلی شے کھالی ہو یا کوئی زہریلا جانور کاٹ جائے تو اسے گلاب کے عرق پر مریض کے نام کے حروف ابجد کی تعداد میں پڑھ کر اس عرق کو اس زہر والی جگہ پر لگائے اور اگر زہریلی شے کھا گیا ہو تو اس عرق کو مسلسل پیا کرے اللہ کے حکم سے

جس بھی قسم کا زہر ہوگا اس کا اثر باطل ہوگا انشاءاللہ

(بسم اللہ الرحمن الرحیم بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمہ شیء فی الارض ولا فی السماء وھو السمیع العلیم)

دفینہ معلوم کرنا

یہ ایسا عمل ہے جس کی بدولت کوئی بھی ایسی دفن شدہ شے کو بغیر کسی کے نقصان کے نکالا جاسکتا ہے جو بہت زبردست طاقت کی حامل ہو مثلاً بعض اوقات کسی کے گھر میں جادو کی کوئی ایسی شے دفن کردی جاتی ہے جس کی بدولت نقصانات ہوتے ہیں اور اگر وہ دفن شدہ شے ہاتھ لگ بھی جائے تو جو شخص اس کو چھوتا ہے وہ سارا اثر اس کے اندر داخل ہو کر اس کو یا اس کی اولاد کو ضرور نقصان پہنچاتا ہے اس لئے اگر کوئی ایسی شے ہاتھ لگ جائے تو اس عمل کے تحت اللہ کے حکم سے کوئی بھی نقصان نہیں ہوگا اور اس دفن شدہ شے کا اثر ختم ہوگا۔ اس عمل کو کرنے سے پہلے نقش کے نیچے والی عبارت کو پہلے زبانی یاد کرے اور اس نقش کو اس عبارت سمیت زعفران سے سفید کاغذ پر لکھ کر اپنے سیدھے بازو پر باندھے اور اللہ کا نام لے کر اس دفن شدہ شے کو نکال لے اگر دفینہ مل جائے تو اسے یہی کلمات پڑھتے ہوئے دریا یا نہر کے کنارے جائے اور اسے بہادے اور کسی میٹھی شے کو بچوں میں تقسیم کردے اللہ کے فضل سے اس دفینے کا سارا اثر باطل ہوگا اور نقصان نہیں ہوگا۔ انشاءاللہ

۳۶	۴۱	۳۴
۳۵	۳۷	۳۹
۴۰	۳۳	۳۸

اجب ایھا الملک ھھمطلگیا ثیل بطیائیل الرئیس

دفینہ مل جائے

اگر ایسی بات کا شک ہو کہ گھر میں کوئی شے دفن ہے تو اس نقش کو بروز جمعرات زعفران سے سبز ریشمی کپڑے پر لکھے اور بند کرنے سے پہلے لوبان اور کندن کو کوئلوں پر رکھ کر اس کی دھونی اس نقش کو دے کر اسے بند کرے اور ایسا مرغ تلاش کرے جو بالکل سفید رنگ کا ہو اور ایک بھی پر اس کا کسی اور رنگ کا نہ ہو اس نقش کو اسی سبز ریشمی کپڑے کی مدد سے اس کے گلے میں باندھ کر چھوڑ دے اور اپنے مقصد کی مکمل نیت باندھ کر اس دعا کو مسلسل پڑھتا جائے اس عمل کی بدولت جہاں دفینہ ہوگا وہاں مرغ مسلسل اذانیں دے گا اس جگہ کو دیکھ کر اس سے پہلے والا عمل کرے اور اس دفن شدہ شے کو نکال کر اسی عمل کے مطابق کرے انشاء اللہ گھر یا کوئی بھی دفن شدہ شے والی جگہ محفوظ ہوگی۔

الا یسجدوا للہ الذی یخرج الخب

شین	شین	شین
شین	شین	شین
شین	شین	شین

فی السموات والارض

(بسم اللہ الرحمن الرحیم اللھم انی اسئلک یا شاکر یا شکور یا شھید یا شدید بما او دعوتہ شرف الشین من الاسرار المخزونۃ والانوار المکنوناۃ ان تسخرلی ملائکتک الکرام خدام ھذالحرف انک علی کل شیء قدیر) مقصد کے حصول تک اسے پڑھتا جائے۔

نجات موذی کیڑے و جانور

اگر کوئی اسے روزانہ گیارہ مرتبہ بعد نماز صبح اور گیارہ مرتبہ بعد نماز عشاء پڑھے اور اس دوران اسے کوئی کیڑا کاٹ جائے خواہ زہریلا سانپ ہی کیوں نہ ہو تو اللہ کے حکم سے اسے اس کا ذرا بھی نقصان نہیں ہوگا اور اسے پڑھنے والا محفوظ ہوگا۔ انشاءاللہ

(بسم اللہ الرحمن الرحیم انی توکلت علی اللہ ربی وربکم ما من دابة الا هو اخذبنا حیتها ان ربی علی صراط مستقیم)

(۲) صبح وشام اس کا ورد کیا جائے خواہ اوپر والے ورد کے ساتھ اسے ملا کر پڑھ لیا کرے اللہ کے فضل سے وہ ضرور محفوظ ہوگا جسے کوئی زہریلا کاٹ جائے اگر پہلے سے کوئی کیڑا کاٹ چکا ہو تو اوپر والی اور اس آیت کو زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے اور گلاب کے عرق میں ڈال کر اس زہر شدہ جگہ پر اس عرق کو لگائے اور اسے پلائے زہر کا اثر ختم ہوگا۔

(بسم اللہ الرحمن الرحیم ومالنا الا نتوکل علی اللہ وقد هدنا سبلنا ولنصبر تا علی ما اذیتمونا وعلی اللہ فلیتوکلون)

(۳) اگر کسی کو کوئی زہریلا سانپ کاٹ لے اور اس کا زہر اثر کرنا شروع ہو اور جان جانے کا اندیشہ ہو تو ایک عدد چیل کو مار کر اس کا پتہ نکال لے اور اسے دھوپ کے بغیر خشک کرے بعد خشک ہونے کے تازہ پانی میں ڈال کر اس پانی کو مریض کی آنکھوں میں دیا سلائی کی مدد سے لگائے اس عمل کو دن میں کئی مرتبہ دہرائے کم از کم گیارہ اور زیادہ سے زیادہ جتنا ہو سکے اللہ کے فضل سے زہر کا سارا اثر باطل ہوگا۔

(۴) اگر کسی جگہ بہت سارے سانپ بچھوؤں کا گزر ہو یا کہیں ان کا ٹھکانہ بن گیا ہو تو ان کو وہاں سے بھگانے کیلئے ایک عدد چیل کو مارے اور اسے ان کی گزرگاہ کے اوپر لٹکا دے دوبارہ وہ نہیں آئینگے اور پہلے سے رہنے والے وہاں سے بھاگ جائیں گے۔

(۵) اگر کہیں بکثرت بچھو ہوں اور ختم نہ ہوتے ہوں تو ایک عدد بچھو کو مار کر اسے خشک کرے اور اسے دوسروں کی گذرگاہ میں کوئلے پر رکھ کر جلا دے اگر ایسا کرنا مشکل ہو تو ہڑتال باریک پیس کر گائے کی چربی میں ملا کر کوئلے پر رکھ کر جلائے وہ بھاگ جائیں گے۔

(۶) اگر کسی جانور کو کہیں سے بھگانا ہو تو اس کے سامنے بارہ سنگا کا سینگ جلائے اور اسے دھونی دے اس کو سونگھتے ہی وہ جانور وہاں سے بھاگ جائے گا۔

(۷) اگر گھر میں بہت چیونٹیاں ہوں تو اس جگہ اپنے جوٹھے کھانے کو رکھ دے اس کو کھاتے ہی چیونٹیاں وہاں سے بھاگ جائیں گی۔

(۸) چیونٹیوں کو بھگانے کیلئے گندھک۔ ہینگ کو آپس میں ملا کر کوئلوں کی مدد سے جلائے چیونٹیاں وہاں سے بھاگ جائیں گی۔

(۹) اگر کہیں مچھر بہت زیادہ ہوں ان کو ختم کرنے کیلئے انجیر کی چار لکڑیاں گول لے کر انہیں بکری کے تازہ خون میں بھگو کر جہاں مچھر ہوں وہاں لٹکا دے تمام مچھر ان لکڑیوں پر جمع ہونگے ان مچھروں میں سے کسی کو نہ مارے بلکہ گھر سے باہر کہیں دوران لکڑیوں کو پھینک دے مسلسل اس عمل کو کرتا جائے حتیٰ کہ مچھر دوبارہ گھر میں داخل نہیں ہونگے۔

(۱۰) اگر بہت زہریلا قسم کا سانپ کاٹ جائے تو اسی وقت تازہ وضو کر کے آیت الکرسی کو اکیاسی مرتبہ پڑھے اور چھری پر دم کر کے اس زہر والی جگہ پر پھیرے کم از کم سات مرتبہ اس چھری کو پھیرے پھر آیت الکرسی کو پڑھتے ہوئے زہر والی جگہ کو اپنے دونوں ہاتھوں کی مدد سے دبائے زہر باہر آئے گا۔ انشاءاللہ

موضوع کتاب

کتاب میں جس موضوع اور اعمال کے متعلق بیان کیا جائیگا اس کا تعلق جانوروں سے ہے اور ان سے کئی مقاصد میں کامیابی ہوتی ہے یہاں کئی افراد ایسا ضرور سوچیں گے کہ جانوروں کا عملیات سے کیا تعلق ہے تو یہاں اس بات کو ضرور یاد رکھنا چاہئے کہ عملیات و تعویذات دین اسلام کا حصہ نہیں ہیں بلکہ دین اسلام سے ہٹ کر فن عملیات ہے اور صرف ایک فن ہے جس سے دنیاوی مقاصد میں کامیاب ہونے کے طریقہ کار درج ہوتے ہیں اور موقع کی مناسبت سے جو کام بھی کیا جاتا ہے وہ پورا ہوتا ہے اس لئے جانوروں سے متعلق جو کوئی بھی عملیات کے طریقہ کار وہ درج ہونگے اگر کسی صاحب کو آزمانے کا شوق ہو تو وہ ان پر عمل کر کے خود آزما کر دیکھ لے حب سے لیکر اعمال بغض تک ہر قسم کی شے اور ہر قسم کے جانور سے کام لیا جاتا ہے لیکن ان باتوں کو کوئی بھی عامل نہیں کرتا اور نہ کوئی کسی کو بتاتا ہے اس لئے کہ کہیں کوئی خود سے اس عمل کا عامل نہ بن بیٹھے کیونکہ جانوروں سے متعلقہ اعمال فوراً اپنا اثر دکھاتے ہیں لیکن یہ بہت مشکل سے ہوتے ہیں اور اگر ہو جائیں تو اپنا اثر ضرور دکھاتے ہیں ان کی بارہا مرتبہ آزمائش کی گئی ہے اور متعلقہ مقصد میں کامیابی ضرور ہوئی اس لئے یہ موضوع بھی عملیات کا ایک بنیادی حصہ ہے اور اس کو ترک کر کے صرف تعویذات پر لکھنا موضوع کے ساتھ زیادتی تھی اس لئے اگر سلسلہ عملیات کا شروع کیا ہے تو عملیات کا مکمل نظام بھی بتایا جائیگا اور اس کے طریقہ کار بھی اس لئے تمام افراد کتاب میں سے جو کوئی بھی عمل کریں اس بات کا ضرور خیال رکھیں کہ کوئی عمل بھی غلط یا کسی کو تکلیف دینے کیلئے نہ کریں ورنہ اللہ کا گنہگار بننے کے ساتھ خود اس عمل کا شکار ہو جائیں گے اس لئے کہ ہر جوڑ کے ساتھ توڑ اور ہر توڑ کے ساتھ جوڑ ضرور ہوتا ہے۔

گھوڑا

یہ جانور بکثرت پایا جاتا ہے اور بہت قوی جسم کا مالک ہوتا ہے کئی افراد کسی شے کو نہیں اٹھا سکتے یہ اکیلا اٹھا لیتا ہے اس کے اور بھی بہت سے فوائد ہیں۔

﴿دانت آسانی سے نکلیں﴾ اگر کسی کے دانت نکلتے ہوں اور اسے بہت درد ہو تو گھوڑے کا سامنے والا دانت بروز اتوار کسی دھات میں بند کر کے بطور تعویذ اس کے گلے میں پہنائے دانت نکلتے ہوئے درد نہیں ہوگی۔

﴿رات کو سوتے میں دانت پیسنا﴾ اگر کوئی رات کو سوتے ہوئے زور زور سے دانت پیستا ہو تو گھوڑے کا نچلا دانت چاندی میں لپیٹ کر اپنے سرہانے رکھے عارضہ ختم ہوگا۔

﴿مچھر گھر میں داخل نہ ہوں﴾ اگر کسی کے گھر میں بہت زیادہ مچھر گھستے ہوں تو گھوڑے کی دم کے بال جڑ سے کھینچے اس سے اس کے اترنے والے بال ہاتھ میں آجائیں گے انہیں اپنے گھر کی چوکھٹ کے نیچے دبائے مچھر اندر نہیں گھسیں گے۔

﴿ولادت میں آسانی کیلئے﴾ اگر کسی عورت کو بوقت پیدائش درد زہ کا عارضہ ہو تو اس کے سیدھے پاؤں کے ناخن کو کوئلے پر رکھ کر اس کی دھونی عورت کے پیٹ پر دے بچہ آسانی سے پیدا ہوگا۔

﴿درد کان و ناک کیلئے﴾ گھوڑے کی سرگیں کا تھوڑا سا ٹکڑا لیکر اسے پانی میں ڈالے اور روئی کو تر کر کے ناک یا کان دونوں کی تکالیف میں استعمال کرے۔

﴿بال لمبے ہوں﴾ اگر کسی نے اپنے بالوں کو لمبا کرنا ہو تو اس کی سرگیں کو جلا کر تلوں کے تیل میں ملا کر ہفتہ میں ایک مرتبہ اپنے بالوں پر لگائے بال لمبے ہونگے

﴿بال پیدا نہ ہوں﴾ اگر کوئی چاہتا ہو کہ جسم کے کسی مخصوص حصے پر بال پیدا نہ ہوں تو اس کے پسینے کو وہاں پر ملے بال پیدا نہیں ہونگے۔

ہاتھی

﴿نیند نہ آئے﴾ اگر کسی دشمن کو یا کسی حاسد کو تکلیف دینی ہو تو اس کے کان کی تھوڑی سی میل کھلا دے اس کو کم از کم سات دنوں تک نیند نہیں آئیگی۔

﴿دشمن کو مرض جذام میں مبتلا کرنا﴾ اگر کوئی دشمن بہت زیادہ پریشان کرتا ہو تو اس کو ہاتھی کی چربی کا دھواں دے اس عمل کو تین دنوں تک کرے دشمن جذام کے عارضے میں فوراً مبتلا ہو جائیگا۔

﴿مرگی کا مرض دور ہو﴾ اگر کوئی مرگی کے مرض میں مبتلا ہو تو اس کے سیدھے پاؤں کی ہڈی کو مریض اپنے سیدھے بازو پر بطور نقش باندھے مرگی کا دورہ نہیں پڑیگا۔

﴿کیڑے دور کرنے کیلئے﴾ اگر کسی پودے یا کسی جانور کو کیڑے چمٹ جائیں تو اس کے دانت کا برادہ کوئلے پر رکھ کر اس کی دھونی دے کیڑوں کا خاتمہ ہوگا۔

﴿ہر شے کو بے ثمر کرنے کیلئے﴾ اگر عورت کا حمل ضائع کرنا ہو یا کسی پھل دار درخت کو بے ثمر کرنا ہو تو اس کے دانت کو بطور نقش پہنائے اور درخت پر لٹکائے اور خود اس کا مشاہدہ کرلے کہ دنوں کے اندر دونوں ہی اجڑ جائیں گے۔

﴿چوہے بھاگ جائیں﴾ اگر اس کا پیشاب چوہوں کی بلوں کے پاس چھڑکا جائے تو چوہے وہاں سے بھاگ جائیں گے اور دوبارہ نہیں آئینگے۔

﴿جملہ آفات سے محفوظ رہنا﴾ اس کی سرگیں وزنی نو ماشہ تعویذ نقرہ میں محفوظ کر کے جو کوئی بھی گلے میں باندھے گا وہ ہر قسم کی آفات ارضی وسماوی سے محفوظ رہیگا۔

﴿زخم فاسد﴾ ہر قسم کے زخموں کے خاتمے اور ان کے زہر کو باطل کرنے کیلئے اس کے دانت کا برادہ اس زخم پر چھڑکیں زخم ٹھیک ہوگا۔

﴿درد قولنج﴾ اس درد میں مبتلا افراد اس کی سرگیں کو نوش فرمائیں ہمیشہ کیلئے اس عارضے سے جان چھوٹ جائیگی۔

﴿پڑبال وڑھا کا عارضہ دور کرنے کیلئے﴾ ہاتھی کی سرگیں اور سانپ کی کینچلی دونوں کو ملا کر اس کو سرمہ کی شکل میں بنائیں اور دیا سلائی کی مدد سے آنکھوں میں لگائیں۔

﴿مانع حمل﴾ اگر کوئی اس کی سرگیں حمول کرے تو حمل قائم نہیں ہوگا۔

﴿بال پیدا ہوں﴾ ہاتھی دانت کو جلا کر خاکستر کرے اور جتنا وزن اس کا بنے اسی مقدار کے برابر اس میں رسوت میں ملائے ان کو بکری کے دودھ میں کھرل کر کے سفوف بنائے پھر جہاں بال نہ اگتے ہوں وہاں اس کا لیپ کرے بال پیدا ہونگے۔

﴿بال بڑھنے کیلئے﴾ اگر ہاتھی دانت کو مٹی کے آبخورے میں بند کر کے اس طرح جلایا جائے کہ اس کا دھواں باہر نہ نکلے پھر اسے خاکستر کر کے پانی میں ملا کر بالوں پر لگائے تو بال بہت لمبے اور گھنے ہونگے۔

﴿جادو ٹونے کے خاتمے کیلئے﴾ اگر کوئی اس نقش کو ہاتھی کے خون سے بوقت صبح سورج نکلنے کے ایک گھنٹے کے بعد لکھے اور اسے اپنے گلے میں باندھے تو کسی بھی قسم کا جادو اور ٹونہ اپنا اثر نہیں دکھائے گا اور جو کوئی بھی جادو کروائے گا اس کا سارا اثر اسی کی طرف لوٹ جائیگا۔

اونٹ

﴿گھر و دکان ہر نقصان و آفات سے محفوظ رکھنے کیلئے﴾ اگر کوئی بھی اس نقش کو اونٹ کی دستی کی ھڈی پر کالی روشنائی سے لکھ کر اسے سفید کپڑے میں لپیٹ کر اپنے گھر یا دکان کی چوکھٹ کے نیچے دبا دیگا تو اس گھر میں کسی بھی قسم کا کوئی جن یا بھوت یا آفت داخل نہیں ہو سکے گی اور گھر ہر قسم کی بندش سے محفوظ رہیگا۔

﴿سانپ بھاگ جائیں﴾ اس کی چربی کالے کپڑے میں لپیٹ کر جو کوئی بھی اپنے گھر کی چوکھٹ کے نیچے دفن کرے گا اس کا گھر سانپوں سے محفوظ رہیگا۔

﴿نکسیر بند ہو﴾ اگر کسی کی ایسی نکسیر چھوٹ جائے جو بند نہ ہوتی ہو تو اس کے دم کے بالوں کو دفن کرے اور جوان لڑکے سے اس پر پیشاب کروائے پھر اس بالوں کو نکال کر جلا کر خاکستر کرے اور اسے نکسیر والے کے ناک میں ڈالے اسی وقت نکسیر بند ہوگی۔

﴿لڑکا رات کو سوتے میں بستر پر پیشاب نہ کرے﴾ اگر اس کے بال سلسل بول والے کی ران میں باندھے تو اسے آرام ہو اور اگر کوئی بستر پر پیشاب کرتا ہو تو ان بالوں کو لڑکے کے تکیے کے نیچے رکھ دے۔

﴿درد کان﴾ اگر کسی کے کان میں درد ہو اور آرام نہ ہوتا ہو تو اس کے پیشاب کے چند قطرے کان میں ٹپکائے فوراً آرام ہوگا۔

﴿زخم ناسور﴾ اس مرض سے متعلق مریض اس کا پیشاب دھوپ میں خشک کر کے زخم ناسور میں بھر دیں فوراً زخم ٹھیک ہوگا۔

﴿حب پیدا ہو﴾ اگر کوئی اس کے خون سے اس طلسم کو لکھ کر جلائے، تو حب پیدا ہوگی۔

گدھا

﴿بال لمبے ہوں﴾ اس کے مغز یا استخوان کو روغن زیتون میں جوش دیکر سر پر ملیں تو بال بہت لمبے ہونگے۔

﴿نیند غلبہ کرے﴾ اگر کسی کو نیند نہ آتی ہو تو اس کے دانت کو سرہانے رکھے نیند اپنا غلبہ کریگی۔

﴿وضع حمل﴾ اس کے سم کو کوئلے پر رکھ کر دھونی دی جائے حمل وضع ہوگا۔

﴿شر و فساد پھیلانا﴾ اگر بوقت جفتی اس کی دم کے بال لیکر کوئی اپنی ران میں باندھ لے تو فوراً نعوذ پیدا ہوا اور اگر یہی بال شراب میں ڈال کر کسی کو پلا دیں تو آمادہ فساد ہو۔

﴿گروہ کو منتشر کرنا اور ان میں فساد ڈلوانا﴾ اگر اس کی پیشانی کے پوست کو خاکستر کر کے اس کی راکھ کو پانی میں ملا کر کسی گروہ کو پلا دیں تو ان میں اتفاق کی بجائے نااتفاقی پیدا ہوگی۔

﴿مرگی﴾ اگر اس کا سم پانی میں گھسا کر مرگی والے کو پلا دیں تو دورہ نہیں پڑیگا۔

﴿دانت درد سے نجات کیلئے﴾ گدھی کے دودھ کو گرم کر کے جو کوئی بھی کلی کریگا تو اسے درد دانت سے شفاء ہوگی۔

﴿دشمن کو شر و فساد سے لیکر ہلاکت میں مبتلا کرنے کیلئے﴾ اگر کوئی اس نقش کو گدھے کی کھال پر کالی روشنائی سے لکھے اور اسے قبرستان میں یا دشمن کی چوکھٹ کے نیچے دبا دے تو وہ روزانہ نئی نئی تکالیف میں مبتلا ہوگا۔

خچر

﴿ہر کوئی اجڑ جائے﴾ اگر کسی حاملہ عورت کو خچر کے کان کی میل کسی کھانے پینے والی شے میں ملا کر کھلا دی جائے تو وہ عورت بانجھ ہو جائیگی اگر اس کی میل کو کسی پھلدار درخت کے پتے کے اندر لپیٹ کر اسی درخت کی جڑ کے نیچے دفن کیا جائے تو وہ اجڑ جائیگا۔

﴿مدہوش و دیوانہ بنانا﴾ اگر کسی دشمن یا محبوب کو دیوانہ بنانا ہو تو اس کے مغز استخوان کو کسی طریقے سے کھلا دے اس کے کھاتے ہی وہ مدہوش ہو جائیگا۔

﴿بال پیدا ہوں﴾ اگر کسی کے بال اترتے ہوں یا گنج پڑ گئی ہو تو اس کے سموں کو پانچ درم روغن السی میں ملا کر آگ پر جوش دے اور اس سے جو بھی مواد حاصل ہو اس کو جہاں سے بال اترتے ہوں وہاں لگائے بال دوبارہ نکل آئینگے۔

﴿چوہے بھاگ جائیں﴾ اگر گھر یا کہیں بھی چوہوں کا ٹھکانہ بن گیا ہو تو اس کے سر کے بالوں کو اتار کر کوئلوں پر رکھ کر چوہوں کی بل کے پاس اندر تک اس کا دھواں دے۔

﴿کام سرانجام نہ پائے﴾ اگر کسی اپنے عزیز یا دشمن سے کوئی انتقام لینا ہو تو کسی طریقے سے اس کی پیشانی کے حاصل کئے ہوئے چمڑے پر اس طلسم کو کالی سیاہی سے لکھے اور اس کے پاس جلا کر اس کو دھونی دے اس عمل کے کرتے ہی وہ جس کام میں ہاتھ ڈالے گا اس کا نقصان ہوگا۔

﴿روپے پیسوں میں زیادتی ہو﴾ اگر کوئی اس کے اگلے دانت کو اپنے روپے رکھنے والی جگہ پر چاندی میں بند کروا کر رکھے تو وہاں سے روپے کم نہیں ہونگے اسی طرح سے اس کے دانت کو اپنے بٹوے میں بھی رکھا جا سکتا ہے۔

﴿جدائی اور نا اتفاقی پیدا کرنے کیلئے﴾ اگر دو افراد میں جدائی کروانی ہو تو ان دونوں کے پہنے ہوئے کپڑوں کے ٹکڑے حاصل کرے اور ان دونوں پر اس نقش کو بنائے پھر اس کی دم کے بالوں کو اندر رکھ کر کوئلے پر رکھ کر جلائے اور اس راکھ کو ان دونوں کی گزرگاہ میں دفن کرے اور اسی عمل کو دوہرانا ہو تو اس راکھ کو کسی کھانے پینے والی شے میں ملا کر کھلا دے اس کے کھاتے ہی وہ دونوں ہی ایک دوسرے کے جانی دشمن بن جائیں گے لیکن تمام افراد اس بات کو ضرور یاد رکھیں کہ اس عمل کو ناجائز صورت میں کرنے سے گناہ عظیم ہوگا۔

﴿دشمن کو عذاب میں گرفتار کرنا﴾ اگر کوئی دین کا ایسا دشمن بن جائے جس سے وہ اپنی حرکات سے دوسرے مسلمانوں کو پریشان کرتا ہو تو اس کے الٹے ناخن کو بالکل اسی طریقے سے اتارے جس طرح اس کا اصل ناخن ہوتا ہے پھر اس پھر اس نقش کو بنائے اور اس کے گرد چار کیل لوہے کے گاڑ دے پھر اس کو نام دشمن مع والدہ لکھ کر اسی دشمن کی گزرگاہ یا اس کے مکان کی چوکھٹ کے نیچے دفن کر دے وہ جیسے جیسے اوپر سے گزرے گا وہ ناانجانی سے پریشانیوں میں ضرور مبتلا ہوگا۔

بکری

﴿چوتھیہ بخار کا خاتمہ﴾ اس مرض سے نجات حاصل کرنے کیلئے بکرے کی داڑھی اتار کر مریض کے کپڑے کے اندر رکھ کے تعویذ کی شکل میں اس کے گلے میں باندھنے سے اسے فوراً آرام آجائیگا اور آئندہ کیلئے چوتھیہ بخار سے محفوظ ہوگا۔

﴿اگر کوئی بچہ زیادہ روتا ہو﴾ اگر کوئی بچہ بلا وجہ روتا ہو تو بکری کی چند مینگنیاں کسی کپڑے میں رکھ کر اس کے سرہانے رکھ دے وہ نہیں روئے گا۔

﴿پیٹ درد کے خاتمے کیلئے﴾ اگر کسی کے پیٹ میں ہر وقت درد رہتا ہو اور کسی بھی دوا سے آرام نہ ملتا ہو تو اس کے پسینے کو اپنی مقعد پر ملے آرام ہوگا۔

﴿خواب سے بیداری حاصل نہ ہو﴾ اگر کسی کو سزا دینی ہو جس سے وہ سوتا ہی رہے تو ایسی بکری تلاش کرے جو بالکل سفید رنگ کی ہو اور اس کا ایک بال بھی قدرتی طور پر کسی اور رنگ کا نہ ہو تو اس کے الٹے طرف کے سینگ کو سفید کپڑے میں رکھ کر اس شخص کے سرہانے رکھ دے۔ جس کیلئے اس عمل کو کیا ہے اس عمل کے کرتے ہی وہ زیادہ سے زیادہ سوئے گا اور کسی بھی کام کے قابل نہیں رہیگا۔

﴿دل و دماغ کے راز معلوم کرنے کیلئے﴾ اگر کسی سے اس کے سینے کے راز اگلوانے ہوں تو جب وہ سوئے تو اس کا سیدھا سینگ اس کے سرہانے رکھ دے اور آہستہ سے اپنی کسی بھی بات کے متعلق پوچھے اگر وہ آگے سے جواب دے تو دوسری تمام باتیں پوچھے اور اگر وہ کوئی بھی جواب نہ دے تو پھر کسی اور بکری کا حاصل کر کے دوبارہ سے اس عمل کو کرے۔

﴿دشمن کو پریشان کرنا﴾ دشمن کو پریشانیوں میں مبتلا کرنے کیلئے اس کی کھال پر اس طلسم کو لکھے اور اس کے سونے والی جگہ پر دفن کر دے۔

کتا

﴿کتا نہ بھونکے﴾ اگر کوئی کتوں سے بہت ڈرتا ہو اور کتے بھی اسی کو دیکھ کر بھونکتے ہوں تو اس عمل کی خود آزمائش کر کے دیکھ لے کتے کبھی بھی اس کی طرف دیکھ کر نہیں بھونکے گے بلکہ اس عمل کو کرنے والے کو دیکھ کر اس سے خوف کھائیں گے بروز منگل سرخ اور بروز اتوار سیاہ کتے کی زبان کاٹ کر اپنے پہننے والے جوتے کے نیچے دبوا کر پہنے اور خود کتوں کے پاس دیکھ لے کتے اسے دیکھ کر خوف کھائیں گے۔

﴿جگہ ویران ہو﴾ اگر کسی جگہ کو تباہ و برباد کرنا اور اس میں رہنے والوں کو زیادہ سے زیادہ پریشان کرنا ہو تو قمر در عقرب میں بالکل سیاہ کتے کی بائیں آنکھ اس نقش کے اندر لپیٹ کر چوکھٹ کے نیچے کالے کپڑے میں لپیٹ کر دفن کرے اور خود اس کا اثر دیکھ لے۔ وہاں رہنے والے ناگہانی آفتوں اور مصیبتوں میں مبتلا ہونگے۔

کتے کا زہر اثر نہ کرے اگر کوئی کالے کتے کی دائیں آنکھ کو چاندی میں بند کروا کر اپنی الٹی بازو پر باندھ لے تو اس کی بدولت جو کوئی بھی کتا اسے کاٹے گا اس کا زہر ہرگز اس پر اثر نہیں کریگا اور اگر کسی کو کوئی کتا کاٹ چکا ہو تو اس عمل کو کرے زہر کا اثر باطل ہوگا۔

﴿دانت آسانی سے باہر آئیں﴾ اگر کسی بڑے کی عقل داڑھ نکل رہی ہو اور اس کی بدولت منہ بھی سوجھ گیا ہو تو اس کے نوکیلے الٹے طرف کے دانت کو چاندی میں بند کروا کر اپنے گلے میں پہنے داڑھ آسانی سے نکلے گی۔

﴿قوت مردمی زیادہ بڑھے﴾ اس عمل کی بدولت اگر کسی نے سفلی علم بھی کیا ہوگا تو اس کا اثر باطل ہوگا اور اگر کوئی ویسے ہی اپنی مردانہ قوت کو بڑھانا چاہتا ہوگا تو اس کی قوت زیادہ بڑھ جائیگی کسی بھی کتے کا آلہ تناسل خشک جگہ پر خشک کرے اور اسے کالے ریشمی کپڑے میں لپیٹ کر اپنی الٹی ران میں باندھ کر خود اس کی آزمائش کر لے۔

کتے کاٹے کا اثر ختم ہو اگر کسی کو کتا کاٹ لے تو کسی دوسرے کتے کے بالوں کو کوئلوں پر رکھ کر اس کی راکھ کو اس کاٹے ہوئے پر ملے زہر کا اثر باطل ہو جائیگا۔

﴿جانور کے زخم ٹھیک ہوں﴾ اگر کسی دوسرے جانور کو زخم ہو جائیں جس سے اسے تکلیف ہوتی ہو تو کتے کی سیدھی طرف کی ہڈی کو پانی میں ڈال کر ہلا کر اس پانی کو اس زخم پر لگائے اور سات مرتبہ اس عمل کو دہرانے کے بعد اس ہڈی کو اس جانور کے گلے میں باندھ دے زخموں کا خاتمہ ہوگا۔

﴿تفرقہ اور زبردست قسم کی بغض وعداوت کو قائم کرنے کیلئے﴾ اس عمل کو جو کوئی بھی کریگا وہ اس کا خود ذمہ دار ہوگا کیونکہ اس عمل کی بدولت سو فیصدی جس طرح اوپر لکھا ہے بالکل ایسے ہی ہوگا۔ اگر کوئی دوسرا کسی کتے کو کوئی کنکر یا پتھر مارے تو فوراً اس پتھر کو اٹھالے اور اس پتھر کو شراب میں ڈال دے تین دن شراب میں رکھنے کے بعد کنکر کو شراب سے نکال کر اس شراب کو جن جن افراد کو پلائے گا وہ اتنے وحشی ہونگے کہ خون کئے بغیر ان کو چین نہیں آئیگا اور ہوسکتا کہ اس شراب کو پیتے ہی وہ ایک دوسرے کو ہی مار ڈالیں اگر اس عمل کی آزمائش کرنی ہو تو کسی جانوروں کے گروہ میں اس عمل کو کر کے خود دیکھ لے یعنی اس شراب کو دوسرے جانور کو پلائے تو وہ ایک دوسرے کو مارنا شروع کر دینگے۔

﴿دشمن کو دیوانہ بنانا﴾ اس طلسم کو کتے کی کھال پر کالی سیاہی سے لکھ کر دشمن کی چوکھٹ کے نیچے دبائے دشمن دیوانہ اور پاگل ہوگا۔

بلی

﴿عورت کا جاری خون بند ہو﴾ بعض اوقات سفلی علم کی بنیاد پر ایسا علم بھی کیا جاتا ہے جس سے کسی بھی عورت کا مخصوص ایام کے علاوہ خون جاری رہتا ہے اور بند نہیں ہوتا اس کے علاج کیلئے کالی بلی کی زبان کو کالے ریشمی کپڑے میں بند کر کے عورت اپنی الٹی ران پر باندھ لے خون اسی وقت بند ہوگا۔

﴿خوف نہ ہو﴾ اگر کوئی ہر وقت کسی انجانے ڈر و خوف میں مبتلا ہو تو کالی بلی کے اگلے نوکیلے دانتوں کو چاندی میں بند کروا کر بطور تعویذ اپنے گلے یا بازو پر باندھے پھر چاہے جنگل میں چلا جائے اسے کسی بھی قسم کا کوئی ڈر و خوف محسوس نہیں ہوگا۔

﴿صاحب دولت بننا﴾ اگر کوئی فرد اس کی آنول کو چاندی کی ڈبیہ میں سندور اور صندل بورا ڈال کر اپنے گھر یا کاروباری مقام پر محفوظ مقام پر رکھ لے تو اس کے پاس دولت کی کبھی کمی نہیں ہوگی۔

﴿سایہ جنات اور بھوت کا خاتمہ﴾ اگر کوئی اس مخلوق کی گرفت میں آجائے تو کالی بلی کی سرگین کو کوئلوں پر رکھ کر اس کا دھواں کالا کپڑا اوپر ڈال کر لے سات دن یا تین دن اس عمل کو کرے ہمیشہ کیلئے غیر انسانی مخلوق سے نجات ہوگی۔

﴿نظر بد سے ہمیشہ محفوظ رہنا﴾ اگر کوئی بار بار بدنظری کا شکار رہتا ہو تو کالی بلی کی بائیں آنکھ کو چاندی میں بند کروا کر اپنے گلے میں بطور نقش باندھے کبھی کسی کی نظر اثر نہیں کریگی۔

﴿جادو کا کبھی اثر نہ ہو﴾ اگر کوئی کالی بلی کی بائیں آنکھ کو عقیق کی انگوٹھی کے نیچے رکھوا کر اسے اپنے سیدھے ہاتھ میں پہنے تو اس پر کسی بھی جادو کا اثر نہیں ہوتا۔

﴿بخار کا خاتمہ ہو﴾ بعض اوقات ایسا جادو بھی کروایا جاتا ہے جس سے بخار کا اثر ختم نہیں

ہوتا اگر کوئی ایسے جادو کی گرفت میں آجائے تو کالی بلی کی سرگیں کو روغن گل میں آمیزش کرے مریض کے پاؤں کی مالش کرے جادو اور اس کی بنیاد پر کیے گئے عمل کا خاتمہ ہوگا اور آئندہ کیلئے بھی محفوظ ہوگا۔

«عورت و مرد بھی غیر جگہ زنانہ کر سکیں» بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ کسی شریف عورت کا خاوند غیر عورت سے اپنی خواہش پوری کرتا ہے جو کہ گناہ کبیرہ بھی ہے اور گھریلو جھگڑوں کی بنیاد بھی اس فعل کا خاتمہ کرنے کیلئے کالی بلی کے خون سے اس نقش کو لکھے اور اسے دریا یا نہر کے کنارے دفن کرے مرد اپنی اس حرکت سے باز آئیگا اگر کسی مرد کی عورت اس فعل میں مبتلا ہو تو اس عمل کو ایسے ہی کیا جائے۔

«درندہ کوئی بھی نزدیک نہ آئے» اگر کوئی غیر آباد جگہ پر آبد ہو اور اسے وہاں سے آنے جانے پر خوف محسوس کرتا ہو تو سیاہ بلی کی زبان زیریں پاپوش پیوستہ کر کے جنگل میں جائے یا اپنے گھر آئے جائے اسے کوئی بھی درندہ نقصان نہیں پہنچا سکے گے۔

«درندوں سے محفوظ رہنے کیلئے» اگر کوئی اس طلسم کو کالی بلی کے تازہ خون سے لکھے اور اسے اسی کی دباغت شدہ کھال میں تعویذ کی طرح لپیٹ کر اپنے بازو پر باندھ لے تو تمام دو۔ جانور اور درندے اس سے خوف کھائیں گے۔

ببر شیر

«نظر بد اور تکالیف سے محفوظ رہنا» اگر کوئی شیر کے دانت کو سونے کے پترے کے اندر محفوظ کر کے اسے اپنے گلے یا بازو پر بطور تعویذ باندھ لے تو نظر بد اور روحانی تکالیف سے محفوظ ہونے کے ساتھ ساتھ دوسرے افراد پر اس کا رعب اور دبدبہ ہوگا دوسروں کے دل میں اس کی ہیبت قائم ہوگی اور ہر طرح کے جنات، جادو، اور ٹونے سے محفوظ ہوگا۔

«رعشہ سے دور رہنا اور اس کا خاتمہ ہونا» اگر اس کی چربی عضو رعشہ دار پر ملے تو اس کا نام و نشان مٹ جائیگا جلق والے امراض میں بھی اس کی چربی کا استعمال مفید ہے اگر چہرے پر چھائیاں ہوں تو اس کی چربی اپنے چہرے پر ملنے سے چھائیوں کا خاتمہ ہوگا۔ اگر اس کا استعمال کمزور آلہ تناسل پر طلا کیا جائے تو وہ سخت ہونے کے ساتھ ساتھ قوی اور فربہ ہوگا۔

«تمام درندوں سے محفوظ ہونا» تمام قسم کی جنگلی درندوں سے محفوظ رہنا اور ان کے دل میں اپنا خوف بھرنے کیلئے اس کے سیدھے ہاتھ والے تمام ناخنوں کو کسی کپڑے میں لپیٹ کر اپنے پاس بطور تعویذ رکھے اسے جو کوئی بھی درندہ دیکھے گا وہ اس سے خوف کھائے گا اور اس کے نزدیک ہرگز نہیں آئیگا۔ نقصان دہ مراحل میں اگر اس کے الٹے ہاتھ کے پورے نیچے کو پانی میں ڈال کر اس کا پانی پلایا جائے تو وہ لاغر اور کمزور ہوگا اور کسی بھی دوا سے افاقہ نہیں ہوگا۔

«لوگوں کے دلوں میں اپنی دہشت اور دبدبہ پیدا کرنے کیلئے» اگر کوئی اس کی پیشانی کے چمڑے کو کسی کپڑے میں لپیٹ کر اپنے سر کے مقام پر کسی طریقے سے باندھے رکھے تو اسے دیکھنے والے دوسرے افراد اس سے خوف کھائیں گے اور ان کے دلوں میں اس کی ہیبت قائم ہوگی۔ اور دوسرے افراد اس سے زیادہ پیار و محبت کریں گے۔

﴿شراب اور منشیات سے نفرت دلوانے کیلئے﴾ اگر اس کی سرگین کو شراب میں ڈال کر شراب پینے والے کو پلائے تو وہ شراب پینے سے نفرت کرے گا اور ہمیشہ کیلئے شراب کو ترک کردے اور اگر کوئی کسی اور نشے میں مبتلا ہو تو اسی طریقے سے اس نشے میں اس کی سرگین کو ملا کر اس کا استعمال کروایا جائے وہ ہمیشہ کیلئے اس نشے کو ترک کردے گا۔

﴿گھوڑے اور اس سے مناسبت رکھنے والے جانوروں کو ڈرانا اور ان کو بیمار کرنا﴾

اگر کوئی ببر شیر کی کھال سے نقارہ بنائے اور اسے گھوڑوں کے تبیلے میں بجائے تو تمام گھوڑے اس کی آواز سنتے ہی بیمار ہونگے اور خوف سے دہشت کھائیں گے۔ اگر اسی نقارہ کو دوسرے جانوروں کی جگہ پر بجایا جائے تو وہ بھی کئی امراض کا شکار ہونگے۔

﴿سانپ اور بچھوؤں کو بھگانے کیلئے﴾ اگر کہیں سانپ اور بچھو ہوں تو وہاں اس کی کھال کے اندر ایک عدد پیاز چھلکے اتار کر رکھ دیں تو وہ آئندہ کیلئے وہاں نہیں آئینگے اور وہاں سے بھاگ جائیں گے۔

﴿دوسروں کے دلوں میں اپنی ہیبت اور دبدبہ قائم کرنے اور دنیاوی ہر میدان میں جیتنے کیلئے﴾ اس کے خون سے اس نقش کو لکھے اور اسے سونے کے پترے میں لپیٹ کر اسے اپنے گلے یا سیدھے بازو پر باندھ لے تو اسے جو کوئی بھی دیکھے گا وہ محبت سے پیش آئیگا اور دوسروں کے دل میں اس کی ہیبت اور دہشت پیدا ہوگی۔

بھیڑیا

﴿دہشت نہ کھائے﴾ اگر کوئی بھیڑیے کی داہنی آنکھ اپنے پاس کسی کپڑے میں لپیٹ کر اپنے پاس بطور تعویذ رکھے تو دوسرے اسے دیکھنے والے خوف اور دہشت کھائیں گے اور اگر کوئی اس کی بائیں آنکھ کو اپنے پاس رکھے تو اسے ہرگز نیند نہیں آئیگی۔

﴿بکریوں کو بیمار کرنا﴾ اگر بھیڑیے کا سر بکریوں کے رہنے والی جگہ پر گاڑھ دیا جائے تو وہاں پر دوسری تمام رہنے والی بکریاں دن بدن بیمار اور دوسری کئی تکالیف میں مبتلا ہونگی۔ اور اگر اس کا سر کبوتر خانہ میں رکھ دیا جائے تو اس کے اثر سے کبوتر وہاں ہرگز نہ تو رہیں گے اور نہ ہی وہاں آئیں گے بلکہ اس جگہ سے خوف کھاتے ہوئے بھاگ جائیں گے۔

﴿بھیڑیا غالب نہ ہو﴾ اگر کہیں بھیڑیے رہتے ہوں تو وہ اپنے پاس اس کا نوکیلا دانت بطور تعویذ رکھ لے تو کوئی بھی بھیڑیا اس پر غالب نہیں آئیگا اور نہ ہی کوئی نقصان پہنچا سکے گا۔ اگر اسی دانت کو گھوڑے کی پشت پر باندھ دیا جائے تو گھوڑا زیادہ دوڑے گا۔

﴿عورت بانجھ ہو﴾ اس کے خون کو جو کوئی بھی حاملہ عورت پی جائیگی تو وہ بانجھ ہوگی۔

﴿مکھیاں بھاگ جائیں﴾ اگر اس کی دم کے بال جہاں دفن کئے جائیں وہاں مکھیاں نہ آئیں۔

﴿نقارے پھاڑنے کیلئے﴾ اگر دوسرے نقاروں کو پھاڑنا ہو تو اس کی کھال سے نقارہ بنا کر وہاں بجائے اس کے بجاتے ہی دوسرے نقارہ اس کے بجانے سے پھٹ جائیں گے۔

عورتوں کو اپنی طرف رجوع کرنا اور ان پر غلبہ حاصل کرنا اگر کوئی اس طلسم کو اس کے خون سے لکھے اور اس کے نیچے اس عورت کا نام مع والدہ لکھے جس کو مغلوب کرنا ہے تو وہ عورت کسی بھی طور اس کے اثر سے محفوظ نہیں ہوسکتی۔

ریچھ

﴿دانت بلا تکلیف نکلنے کیلئے﴾ اگر کوئی عورت اس کے دانت کو اپنے دودھ سے مل کر درد دانت والے کو پلائے تو اس کے دانت با آسانی بغیر تکلیف کے نکلیں گے۔

﴿تپ چوتھیا کا خاتمہ﴾ اگر کسی کو بخار تپ چوتھیا ہو اور اسے کسی بھی دوا سے افاقہ نہ ہوتا ہو تو اس کی داہنی آنکھ کو تعویذ کے طور پر کسی کپڑے میں لپیٹ کر اپنے پاس رکھے اسے تپ چوتھیا دوبارہ نہیں ہوگا۔

﴿بال سفید نہ ہوں بلکہ کالے ہی رہیں﴾ اگر کوئی اس کی چربی کو کوے کی چربی میں ملا کر اپنے سر پر ملے تو اس کے بال کبھی سفید نہیں ہونگے اور ہمیشہ کیلئے کالے رہیں گے۔

﴿پڑبال کا خاتمہ کرنے کیلئے﴾ اگر کسی کو پڑبال کی شکایت ہو جائے تو اس کے خون کو دیا سلائی کی مدد سے آنکھوں میں لگائے پڑبال و موتیا کا خاتمہ ہوگا۔

﴿بدزبان اور بداخلاق فرد کی اصلاح کیلئے﴾ اگر کوئی اس نقش کو اس کے چمڑے پر کالی سے لکھے اور اسے بدزبان فرد کی ران کے ساتھ باندھ دے تو وہ آئندہ کیلئے اپنی تمام بری حرکات کو ترک کردیگا۔

﴿چلنے میں تھکاوٹ نہ ہو﴾ اگر کوئی اس کی کھال کو اپنے جوتے کے اندر سلوا کر چلے تو اسے چلنے میں تھکاوٹ محسوس نہیں ہوگی۔

گیدڑ

﴿گھر میں فساد ڈلوانا﴾ اگر کوئی کسی گھر کو ویران کرنا چاہے اور اس میں رہنے والوں کو آپس میں عداوت اور نفرت دلوانے کیلئے بروز منگل اس کی زبان اس گھر میں دفن کر دی جائے وہاں رہنے والے تمام افراد زیادہ سے زیادہ آپس میں جھگڑیں گے اور ان میں کسی بھی طور صلح صفائی نہیں ہوگی جب تک اس زبان کو وہاں سے نکال نہ لیا جائے۔

﴿کتا نہ بھونکے اور کوئی دوسرا جانور حملہ نہ کرے﴾ اگر کوئی بروز نوچندی جمعرات اس کے اگلے دو دانتوں کو بطور نقش اپنے پاس رکھ لے تو کوئی بھی جانور اس پر حملہ نہیں کریگا اور خصوصاً کتا اسے دیکھ کر نہیں بھونکے گا۔

﴿قوت باہ زیادہ ہو﴾ اگر کسی کی قوت باہ کمزور ہو تو اس کی دائیں آنکھ کو بحفاظت کسی کپڑے میں لپیٹ کر اپنے پاس رکھے اس کی قوت میں اضافہ ہوگا۔

﴿چلنے میں تھکاوٹ نہ ہو﴾ اگر کوئی دور دور تک مسلسل سفر کرتا ہو اور سفر کرنے سے تھک جاتا ہو تو اس کے سیدھے ناخن کو بطور نقش اپنے پاس رکھے اسے چلنے میں تھکاوٹ نہیں ہوگی۔

﴿دشمنوں اور حاسدوں پر غلبہ جمانے کیلئے﴾ اس مقصد کیلئے اس کے خون سے اس طلسم کو لکھے اور اسے کسی کالے کپڑے میں باندھ کر اپنے پاس حفاظت سے رکھ لے اس کے تمام دشمن اور بدگو افراد اس کے حق میں ہونگے اور ان کے دلوں سے صاحب عمل کی مخالفت کا خاتمہ ہوگا۔

بارہ سنگا

«موذی جانور بھاگ جائیں» اگر گھر میں موذی کیڑے ہوں یا کسی جنگل میں سے روز گزرنا ہو تو اس کے سینگ کو تھوڑا سا اتار کر تعویذ کے طور پر اپنے پاس حفاظت سے رکھ لے موذی جانور اس کے اثر سے مغلوب ہوتے ہوئے اس کے پاس سے بھاگ جائیں گے۔اور اگر کوئی درندہ دیکھے گا وہ مغلوب ہوگا۔

«سانپ بھاگ جائیں» اگر گھر میں بہت زیادہ سانپ ہوں یا کسی گزرگاہ میں سانپوں کا ٹھکانہ بن گیا ہو تو اس کے سینگ کو بروز اتوار اتار کر کوئلوں پر رکھ کر اس جگہ کو دھونی دے جہاں سانپ ہوں سانپ اس کی دھونی کے اثر سے وہاں سے بھاگ جائیں گے۔

«درد دانت سے محفوظ» اگر کسی کے نئے دانت نکلتے ہوں اور بہت زیادہ تکلیف ہوتی ہو تو اس کے سینگ کو جلا کر اس کی راکھ کو درد دانت والی جگہ پر ملے اسی وقت درد کافور ہوگا اور دانت با آسانی نکلیں گے۔

«چوہے بھاگ جائیں» اگر کسی گھر میں بہت زیادہ چوہے ہوں تو ان کو وہاں سے بھگانے کیلئے اس کے دم کے بالوں کو کوئلوں پر رکھ کر اس جگہ کو دھونی دے چوہے اس کی دھونی سے وہاں سے بھاگ جائیں گے اور آئندہ کیلئے وہاں نہیں رہیں گے۔

«ولادت میں آسانی کیلئے» اگر کوئی عورت دردزہ میں مبتلا ہو اور پیدائش نہ ہو رہی ہو تو اسی وقت اس کے سیدھے سینگ کو تھوڑا سا اوپر سے اتار کر اس عورت کی الٹی ران میں باندھ دے اسی وقت پیدائش ہوگی اور عورت کو درد نہیں ہوگی۔

«ہر درد سے آرام حاصل کرنے کیلئے» اگر کسی کو جسم میں کسی بھی حصے پر مسلسل درد رہتا ہو تو اس کے سینگ کو وہاں کثرت سے اپنی درد والی جگہ پر ملے اس کے اثرات سے درد بند ہوگی۔

ہرن

«بدزبانی کو روکنے کیلئے» اگر کوئی بھی بہت زیادہ بدزبانی کرتا ہو اور اس سے دوسرے افراد کا دل دکھتا ہو تو ہرن کی زبان کو بروز نوچندی اتوار کو کاٹ کر سایہ میں خشک کرے اور اس زبان کو کسی بھی طریقے سے اس فرد کو کھلا دے جو بدزبانی کرتا ہو اللہ کے حکم سے اس کے روحانی اثرات سے وہ کبھی بھی بدزبانی نہیں کریگا۔

«باعث شرف» اگر کسی کو دل کا عارضہ ہو یا مردانہ قوت سست ہوگئی ہو تو اس کی دائیں آنکھ کو عقیق کی انگوٹھی کے نیچے جڑوا کر اپنے سیدھے ہاتھ میں پہنے اس عمل کی بدولت دل کے تمام عارضوں کا خاتمہ ہوگا اور سکون ملنے کے ساتھ ساتھ ہردلعزیز بھی رہیگا۔

«تمام زہری جانوروں کے خاتمہ کیلئے» اگر کوئی اس کے سینگ کو کوئلوں پر رکھ کر اس کی دھونی اپنے گھر یا اس مقام پر دے جہاں زہر والے جانور یا کیڑے ہوں تو اس کے اثرات سے وہ وہاں سے بھاگ جائیں گے اور آئندہ کیلئے نہیں آئینگے۔

«مسافر کو تھکن نہ ہو» اگر کوئی مسافر پیدل بہت یادہ چلتا ہو جس سے اسے تھکاوٹ ہو جاتی ہو تو ہرن کے ٹخنے کی ہڈی کو اپنے پاس بحفاظت رکھے اسے سفر کرتے ہوئے نہ تو کوئی مصیبت پیش آئیگی اور نہ اسے تھکاوٹ ہوگی۔

«عورتوں میں دلعزیز ہونے کیلئے» اگر کوئی عورتوں کو اپنے اوپر فریفتہ کروانا چاہے تو اس کی بائیں آنکھ کو تعویذ کے طور پر کسی سنہری کپڑے میں لپیٹ کر اپنے پاس رکھ لے اسے جو کوئی بھی عورت دیکھے گی وہ فریفتہ ہوگی۔اسی مقصد کیلئے اگر کوئی اس طلسم کو اس کے خون سے لکھ کر اپنے پاس رکھ لے تو بھی دوہرے اثرات پیدا ہونگے اور اس کے نیچے اس عورت کا نام مع والدہ ضرور لکھے۔

خرگوش

﴿عورت کو بانجھ بنانے کیلئے﴾ اگر کسی بد گفتار اور دین کی دشمن عورت سے انتقام لینا مقصود ہو تو اس کی بے خبری میں خرگوش کا مغز اس کو کھلا دے اس کے کھاتے ہی وہ عورت ساری زندگی اولاد پیدا کرنے کے قابل نہیں رہیگی۔

﴿دانت درد سے مکمل نجات کیلئے﴾ اگر دانتوں میں بہت درد رہتی ہو یا ان کا کوئی صحیح علاج نہ ہو رہا ہو تو اس کی ہڈیوں کو کوئلوں پر رکھ کر جلائے اور اس کی راکھ کو درد دانت والی جگہ پر ملے درد دانت سے نجات ہوگی۔

﴿شادی شدہ ہونے کیلئے﴾ اگر کوئی عورت بہت عمر رسیدہ ہو چکی ہو اور اس کے رشتے آنے بند ہو جائیں تو وہ خرگوش مادہ کی اندام نہانی کو پکا کر کھائے اس کی ایک ہفتے کے اندر کسی نہ کسی مرد سے شادی ضرور ہوگی۔

﴿جادو اپنا اثر نہ کرے﴾ اگر کوئی اس کی دستی کی ہڈی پر اس طلسم کو کالی سیاہی سے لکھ کر اپنے پاس بطور تعویذ رکھ لے تو اس پر کسی بھی بد عمل کا اثر نہیں ہوگا۔

﴿خون حیض بند نہ ہوتا ہو﴾ تو اس کے بالوں کو کسی سفید کپڑے میں لپیٹ کر اپنی شرم گاہ کے اندر رکھنے سے خون حیض اسی وقت بند ہوگا۔

﴿حاملہ بننے کیلئے﴾ اگر کوئی خاتون بانجھ یا اولاد جیسی نعمت سے محروم ہو جائے تو اس کی سرگین کو اپنے پاس حفاظت سے رکھ لے اور اپنے خاوند سے ہم بستری کرے حاملہ ہوگی۔

﴿بچہ کی پسلی کو آرام ہو﴾ اگر کسی بچے کی پسلی چلتی ہو تو اس کے خون کو ایک ایک قطرہ دے۔

﴿قوت حافظہ کو تیز کرنا﴾ اس کے اگلے دو دانتوں کو اپنے پاس سفید کپڑے میں لپیٹ کر رکھ لے اس کی قوت حافظہ بہت تیز ہوگی۔

نیولا

﴿دانت گر جائیں﴾ اگر کوئی کسی سے انتقاماً طور پر بدلہ لینا چاہتا ہو تو اس کی چربی کو اس کے دانتوں پر مل دے تو دانت اسی وقت گر جائیں گے۔

﴿عورت حاملہ نہ ہو﴾ اگر کوئی عورت چاہے کہ وہ حاملہ نہ ہو تو بوقت ہم بستری کے اس کی پشت کی ہڈی کو اپنی الٹی ران کے ساتھ باندھ لیا کرے جتنی مرضی ہم بستری کر لے اس کو حمل قائم نہی ہوگا۔

﴿خنازیر کے خاتمے کیلئے﴾ اگر کوئی مرض خنازیر میں مبتلا ہو تو اس کے خون کو اس پر مالش کیا کرے خنازیر کا خاتمہ ہوگا۔

﴿شرم گاہ و زخموں سے خون بند ہو﴾ اگر کسی عورت کا بذریعہ بد اعمال خون جاری ہو گیا ہو اور بند نہ ہوتا ہو یا کوئی زخم بگڑتا ہوا صحیح نہ ہوتا ہو اور اس میں سے خون رستا رہے تو اس کی سرگین کو اس زخم والی جگہ پر باندھ دے اور اگر شرم گاہ سے خون جاری ہو تو سرگین کو ناف کے مقام پر اپنے کسی کپڑے میں لپیٹ کر باندھے خون اسی وقت بند ہوگا۔

﴿دشمن افراد سے بچاؤ کیلئے﴾ اگر کسی کے بہت سارے دشمن ہوں اور ہر وقت کسی نہ کسی اذیت سے دوچار کرتے ہوں تو اس طلسم مع نقش کو بروز عروج ماہ دن منگل کے اس کے خون سے لکھیا ور اسے اپنی الٹی ران پر باندھے اس کے تمام دشمن مغلوب ہونگے۔

لنگور

﴿ہر دل عزیز بننے کیلئے﴾ تمام افراد میں ہر دل عزیز بننے کیلئے اس کی دستی کی ہڈی کو اپنے پاس بطور نقش رکھے تو اسے جو کوئی بھی دیکھے گا وہ فریفتہ ہوگا اور پیار و محبت سے پیش آئیگا۔

﴿سفیدی چشم کا خاتمہ﴾ اگر کوئی اس کے دانت کو پانی میں ڈال کر اس پانی کو اپنی آنکھوں میں لگائے تو سفیدی آنکھ کا خاتمہ ہوگا۔

﴿گونگا بن جائے﴾ اپنے دشمن کو جائز طور پر سزا دینے کیلئے اس کے خون کو اس کی بے خبری میں پلا دے اس کے پیتے ہی اس کی زبان بند ہوگی۔ اور دوسرے افراد کی نظروں میں وہ حقیر بن جائیگا۔

﴿زہریلے کیڑوں سے محفوظ رہنے کیلئے﴾ اگر کوئی اس کے چمڑے کی غربال بنا کر اس میں تخم چھان بوئے اور اسے اپنے گھر کی چوکھٹ کے نیچے دفنانے سے ٹڈی اور تمام زہریلے کیڑوں کا خاتمہ ہوگا۔

﴿قوت کو بڑھانا﴾ اگر کسی کی قوت باہ ست ہوگئی ہو تو وہ اس کی آنکھ کو بطور نقش اپنے پاس حفاظت سے رکھے اس کی قوت باہ می بے پناہ اضافہ ہوگا۔

﴿دو افراد میں دشمنی و عداوت پیدا کرنے کیلئے﴾ اگر کوئی اس کی کھوپڑی کو بروز زوال ماہ دن اتوار ان افراد کے نام مع والدہ لکھے جن کے درمیان دشمنی و عداوت کروانی ہے اور اسے سرکہ سے لکھے اور قبرستان میں دفنائے تو ان کی تین دنوں کے اندر اندر دشمنی و عداوت اتنی بڑھ جائیگی کہ ایک دوسرے کو دیکھتے ساتھ ہی قتل کرنے پر آمادہ ہونگے۔

﴿نکسیر کا خاتمہ ہو﴾ اگر کوئی بد اعمال سے مغلوب ہوتے ہوئے نکسیر جاری والے عمل میں مبتلا ہو گیا ہو تو اس کی دم کے بالوں کو کوئلوں کی مدد سے دھونی لے نکسیر اسی وقت بند ہوگی۔

بجو

یہ جانور اکثر قبرستانوں میں پایا جات ہے کیونکہ یہ مردوں کو کھاتا ہے۔

﴿دشمنوں پر غلبہ حاصل کرنے کیلئے﴾ اگر کسی فرد کے بہت زیادہ دشمن و حاسد ہوں اور وہ طرح طرح کی اذیتوں میں مبتلا کرتے ہوں تو اس کی زبان کو سفید کپڑے میں لپیٹ کر اپنے پاس رکھے اس فرد کے تمام دشمن اس کے حق میں مغلوب ہونگے اور کوئی بھی شرارت نہیں کرینگے۔

﴿قوت حافظہ تیز کرنے کیلئے﴾ اگر کسی کا قوت حافظہ کمزور ہو گیا ہو جس سے پڑھنے یا کوئی سبق یاد کرنے میں دقت پیش آتی ہو تو اس کے اگلے دو دانتوں کو بطور نقش اپنے پاس رکھے اس کی قوت حافظہ تیز ہوگی۔

﴿محبت سے پیش آنے کیلئے﴾ اگر کوئی کسی کی عزت نہ کرتا ہو تو اس کی چربی کو پگھلا کر اپنے پاس محفوظ جگہ رکھ لے اور جب بھی اس فرد کے سامنے روبرو جانے کا موقع پیدا ہو تو اس کو دیا سلائی کی مدد سے اپنی ابرو پر لگائے جو کوئی بھی دیکھے گا وہ محبت سے پیش آئیگا۔

﴿مرض سستی کو دور کرنے کیلئے﴾ اگر کسی کی مردانہ قوت ست ہوگئی ہو تو اس کا عضو مخصوص خشک کر کے بقدر دو رتی استعمال کرے مرض سستی دور ہوگا اور اگر اسی عمل کو کسی بدکردار عورت پر کیا جائے اس کی بے خبری میں اس کو کھلا دیا جائے تو وہ اپنی بدکرداری چھوڑ دیگی۔

﴿تمام مخلوق میں عزیز ہونا﴾ اگر کوئی فرد تمام مخلوق میں عزیز ہونا چاہے تو اس کا پوست اپنے پاس رکھے تمام مخلوق اس کی عزت کریگی اور اسے جو کوئی بھی دیکھے گا وہ محبت سے پیش آئیگا۔ اسی مقصد کیلئے اس طلسم کو اس کے خون سے لکھ کر اپنے پاؤں پر باندھ لے۔

مرغ

«دو پیار کرنے والوں کو جدا کرنا» اگر کوئی اپنے دو دشمنوں کو جدا کرنا چاہتا ہو تو اس بات کا خیال رکھے کہ جب کبھی دو مرغ آپس میں لڑیں اور ان میں سے کسی کا بھی خون نکلے یا ایک کا ہی خون نکلے تو اسی وقت اس خون سے اس طلسم کو لکھ کر قبرستان میں دفن کردے ان کی اسی وقت آپس میں جدائی پیدا ہوگی۔ یا اگر موقع ملے تو قبرستان میں دفن کرنے کی بجائے ان کو پلادے اسی وقت لڑنے مرنے پر تیار ہونگے۔

«قوت باہ اور طاقت مردی زیادہ کرنے کیلئے» اگر کوئی اس مقصد کیلئے مرغ کے شکم میں پتھری گندم نما یا سفید کو اپنی ران پر باندھے تو اس کی قوت باہ زیادہ ہوگی۔

«طلا آلہ تناسل» اگر کسی کا آلہ تناسل ست ہوگیا ہو تو اس کے خون کو شہد میں ملا کر اس کی مالش اپنے آلہ تناسل پر کرے۔

